سہ ماہی

اسلامی انقلاب

جلد ۱، شمارہ ۴

اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۵ء

islami.inqilaab@gmail.com

https://islamiinqilaab.blogspot.com/

مدیر
علی محمد رضوی

سہ ماہی
اسلامی انقلاب

نائب مدیر
سید ارشد

مدیر منتظم: امین اشعر، مدیر معاون: صابر علی ☆ جلد ۱، شمارہ ۴۔ اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۵ء
مجلسِ تحریر: جاوید اکبر انصاری، سید یونس قادری، غلام جیلانی خان، سید ارشد، امین اشعر، صابر علی، علی محمد رضوی، کاشف شیخ، جاوید شیخ، مولانا حبیب الرحمٰن، سید رفیع الدین ہمدانی

فہرست مضامین

اردو سیکشن

سلام اے آمنہ کے لال	حفیظ جالندھری	۳
نعت شریف	محمد علی جوہر	۵
انقلاب کی پکار	نعیم صدیقی	۶
امام غزالی کا منہاج اور ہمارا حلقہ	علی رضوی	۸
اسلامی انقلابیوں کا مقصد	جاوید اکبر انصاری	۱۸
ریاستی جدوجہد کی اہمیت	جاوید اکبر انصاری	۲۲
امریکی غلامی کی تجدید نو	جاوید اکبر انصاری	۲۶
ایمان، تقویٰ اور ولایتِ الٰہی	حمزہ رضوی	۲۹
ہیومن رائٹس چارٹر کا اسلامی محاکمہ	حبیب الرحمٰن، ہمدانی	۳۹
بھارتی سرمایہ داری	جاوید اکبر انصاری	۶۳
پاکستان مقصد نہیں، ذریعہ ہے	سید یونس قادری	۷۶
عجم ہنوز نداند رموزِ سرمایہ داری	جاوید اکبر انصاری	۹۰
ووٹ اور نوٹ کی سلطنت	ڈاکٹر سید ارشد	۱۰۵
افغان معیشت ترقی کر رہی ہے	سلمان علی	۱۳۲
تبصرہ کتاب "جمہوریت کی حقیقت"	غلام جیلانی خان	۱۳۵

English Section

Editorial: The Islamic Revolutionary Concept of National Interest	Editor	146
Collapse of Liberal Democracy	Javed Ansari	153
The Crisis of Sovereignty and the Islamic Khilafah	Syed Z. Arshad	163
Economy of Pakistan and budget in brief 2025	Younus Qadri	183
Implication of the 2024-25 budget Strategy for Islamic Movements	Javed Ansari	214
Book Review: Coping with Defeat	Syed Z. Arshad	220
"Islami Inqilaab" Survey	Editor	237

سلام اے آمنہ کے لال اے محبوبِ سبحانی

حفیظ جالندھری

سلام اے آمنہ کے لال اے محبوب سبحانی
سلام اے فخر موجودات فخر نوع انسانی
سلام اے ظلِ رحمانی، سلام اے نورِ یزدانی
ترا نقشِ قدم ہے زندگی کی لوحِ پیشانی
سلام اے سرِ وحدت اے سراجِ بزمِ ایمانی
زہے یہ عزت افزائی، زہے تشریف ارزانی
ترے آنے سے رونق آ گئی گلزارِ ہستی میں
شریکِ حال قسمت ہو گیا پھر فضلِ ربانی
سلام اے صاحبِ خلقِ عظیم انساں کو سکھلا دے
یہی اعمالِ پاکیزہ یہی اشغالِ روحانی
تری صورت، تری سیرت، ترا نقشا، ترا جلوہ
تبسم، گفتگو، بندہ نوازی، خندہ پیشانی
اگرچہ فقرُ فخری رتبہ ہے تیری قناعت کا
مگر قدموں تلے ہے فرِ کسرائی و خاقانی
زمانہ منتظر ہے اب نئی شیرازہ بندی کا
بہت کچھ ہو چکی اجزائے ہستی کی پریشانی

زمیں کا گوشہ گوشہ نور سے معمور ہو جائے
ترے پرتو سے مل جائے ہر اک ذرے کو تابانی
حفیظ بے نوا کیا ہے گدائے کوچۂ الفت
عقیدت کی جبیں تیری مروت سے ہے نورانی
ترا در ہو مرا سر ہو مرا دل ہو ترا گھر ہو
تمنا مختصر سی ہے مگر تمہید طولانی
سلام ، اے آتشیں زنجیرِ باطل توڑنے والے
سلام، اے خاک کے ٹوٹے ہوئے دل جوڑنے والے

انتخاب: غلام جیلانی و عاصمہ جیلانی

نعت شریف

مولانا محمد علی جوہر

تنہائی کے سب دن ہیں تنہائی کی سب راتیں
اب ہونے لگیں ان سے خلوت میں ملاقاتیں
ہر آن تسلی ہے ہر لحظہ تشفی ہے
ہر وقت ہے دل جوئی ہر دم ہیں مداراتیں
معراج کی سی حاصل سجدوں میں ہے کیفیت
اک فاسق و فاجر میں اور ایسی کراماتیں
بیٹھا ہوا توبہ کی تو خیر منایا کر
ٹلتی نہیں یوں جوہرؔ اس دیس کی برساتیں

مولانا محمد علی جوہر رحمۃ اللہ علیہ

انقلاب کی پکار

نعیم صدیقی

محاذ پر کھڑا ہوں میں جہاد لڑ رہا ہوں میں
تمہیں پکارتا ہوں میں
کہاں ہو میرے ساتھیو میرے عزیز غازیو
جہاں بھی ہو جدھر بھی ہو میری پکار کو سنو
محاذ پر کھڑا ہوں میں جہاد لڑ رہا ہوں میں
تمہیں پکارتا ہوں میں
شکست ہو کہ فتح ہو مرا محاذ جوں کا توں
کبھی نہ ختم ہو سکا مرا فریضۂ جنوں
سروں سے گو گزر رہی ہے تند و تیز موجِ خوں
اس محاذ پر کھڑا میں محوِ کارزار ہوں
کئی کئی میرے عدو، کئی ستم، کئی فسوں
گناہ کیش عاشقو تلاش لمحۂ سکوں
حیات رزم پے بہ پے گواہ چرخ نیلگوں
ہمارا جذب اندروں ہوا کبھی نہ سرنگوں
یہ حزن اور ملال کیوں؟
میرا محاذ بے کراں، ازل سے لے کے تا ابد
افق تا افق دھنک کی طرح پھیلتا ہوا

یہ علم و عمل و صبر و عشق و آگہی کا یہ محاذ
یہ کل بھی بر قرار تھا یہ اب بھی بر قرار ہے
ہزاروں تخت الٹ چکے ہزاروں تاج کاسۂ گدائی میں بدل گئے
ہزاروں فلسفوں کی شمعیں جل کے بجھ بجھا گئیں
وہ کتنی تھیں ثقافتیں جو اپنی مے لنڈھا گئیں
مگر مرا محاذ عشق آج بھی ہے جوں کا توں
اس محاذ پر کھڑا ہوں میں محو کارزار ہوں
بدی و ظلم کے خلاف
حسین کا لیے علم
کہاں ہو میرے ساتھیو میرے عزیز غازیو
جہاں بھی ہو جدھر بھی ہو میری پکار کو سنو
محاذ پر کھڑا ہوں میں جہاد لڑ رہا ہوں میں
تمہیں پکارتا ہوں میں
تمہیں پکارتا ہوں میں
تمہیں پکارتا ہوں میں

انتخاب: ڈاکٹر جاوید انصاری صاحب مدظلہ

ادارتی مضامین

امام غزالی کا منہاج اور ہمارے حلقے کا کام، سرمایہ داری، ریاست اور اسلامی انقلاب: چند ابتدائی مقدمات

علی محمد رضوی

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے منہج کا ایک بنیادی پہلو یہ ہے کہ وہ غیر اسلامی فکر و عمل پر جزواً جزواً حکم لگانے سے پہلے اس پر عمومی حکم لگانے کی روایت کی بنیاد رکھتے ہیں۔ مثلاً دیگر مسلمان علماء اور مفکرین کے برعکس جنہوں نے یونانی فلسفے کا مطالعہ کیا اور اس سے اخذ و رد کیا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا کام اس بنیاد پر ممتاز ہے کہ وہ یونانی فلسفے کا تفصیلی محاکمہ کرنے سے پہلے اس کا اسلامی فکر کے تناظر میں عمومی محاکمہ فرماتے ہیں اور اس عمومی محاکمے کے تناظر میں پھر یونانی فلسفے کے مختلف شعبوں کی حیثیت متعین کرتے ہیں اور ان شعبوں کی تفصیلات پر جزواً جزواً حکم لگاتے ہیں۔

عمومی اور تفصیلی تنقید کیا ہے؟

عمومی تنقید کا مقصد کسی نظام یا نظریے کی مجموعی اور کلی حیثیت کا جائزہ لینا ہوتا ہے۔ اس کا مقصد یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ کیا وہ نظام بنیادی طور پر حق ہے یا نہیں اور اگر حق نہیں ہے تو حق سے کتنا دور ہے۔ اگر وہ حق ہے تو اس کے حق کی نوعیت کیا ہے اور اگر وہ باطل ہے تو اس کے باطل کی نوعیت کیا ہے۔ مثال کے طور پر، عیسائیت کا عمومی محاسبہ یہ ہے کہ وہ کفر اور شرک پر مبنی ایک ایسا نظام ہے جس کی ابتدائی بنیادیں اسلامی روایات پر مبنی تھیں جو وقت کے ساتھ ساتھ بوجوہ مسخ ہوتی چلی گئیں وغیرہ، جبکہ ایک جمہوری نظام کا عمومی محاسبہ یہ ہو سکتا ہے کہ یہ ایک ایسا نظام ہے جو اللہ کی حاکمیت کو مسترد کرتا ہے یا اللہ کی حاکمیت کے اصول کی عوامی حاکمیت کے پیرائے میں تعبیر نو کرتا ہے۔ عمومی و اجمالی تنقید (اجمالی تنقید اصول فقہ کی اصطلاح ہے) اس نظام کے مجموعی فلسفے اور مقصد کو زیر بحث لاتی ہے۔

اس بات کو سمجھنے کے لیے ایک انجن کی مثال دی جا سکتی ہے۔ انجن پرزوں کا ایک ایسا مجموعہ ہے جس میں فعالیت خوابیدہ ہے لیکن اس کی فعالیت اس بات پر منحصر ہے کہ وہ کسی نظام کا حصہ ہو مثلاً یہ کہ وہ ایک کار کا حصہ ہو سکتا ہے اور اس میں ایک عمل انجام دے گا، ایک جہاز کا حصہ ہو سکتا ہے اس میں ایک دوسرا عمل انجام دے گا وغیرہ۔ انجن کی حیثیت نظام سے الگ ہو کر اور نظام کے اندر مختلف ہو گی۔ اور جیسا کہ مثال سے ظاہر ہے انجن کو (ضروری تبدیلیوں کے بعد) ایک نظام سے نکال کر دوسرے نظام میں لگایا جا سکتا ہے۔ ایک پرزہ ہے، لیکن اس کا کردار اس بات پر منحصر ہے کہ آیا وہ کار کا حصہ ہے یا جہاز کا۔ اسی طرح، کسی بھی جزو کی حیثیت اور افادیت اس کے کلی نظام کے تناظر میں ہی متعین ہوتی ہے۔

جمہوریت کی مثال بھی یہی بتاتی ہے کہ اگر اس کی عمومی نوعیت پر غور نہ کیا جائے تو اس کے اندر موجود اجزاء مثلاً انتخابات کے ادارے کی اصل حیثیت اور مقصد کو سمجھنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ انتخابات بظاہر اچھے یا برے نظر آ سکتے ہیں، لیکن اگر وہ ایک ایسے نظام کا حصہ ہیں جو بنیادی طور پر اللہ کی حاکمیت کو چیلنج کرتا ہے تو ان کی حیثیت بھی اس کے مطابق ہی متعین ہو گی و بالعکس۔ اسی طرح انتخابات حقوق کی سیاست کا ایک لازمی جزو ہیں جو سرمایہ دارانہ جمہوری نظام میں سرمایہ دارانہ (خود غرض) فرد اور سرمایہ دارانہ معاشرے (خود غرض معاشرے) کو قائم کرنے اور اس کو قائم رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔

انتخابات کی جمہوریت کے اندر اس اہمیت کے باوجود امام غزالی کا منہاج ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ انتخابات بطورِ ادارہ اور بطورِ آلہ کے اپنی تمام اہمیت کے باوجود جمہوریت سے تصوراتی طور پر ایک مختلف درجے کی چیز ہیں۔ مثلاً انتخابات کی وہ نظریاتی اور عقائدی حیثیت نہیں ہے جو جمہوریت کی بطور نظام کے ہے۔ اسی طرح انتخابات جمہوری نظام کے اندر جو فنکشن انجام دیتے ہیں وہ جمہوری نظام کے اندر رہتے ہوئے ہی انجام دے سکتے ہیں اس سے الگ ہو کر لازماً وہ فنکشن انجام نہیں دیتے۔ لہٰذا انتخابات غیر سرمایہ دارانہ نظام میں مختلف فنکشن انجام دے سکتے ہیں۔

بایں ہمہ انتخابات کی آلاتی اور فنکشنل حیثیت کے باوجود انجن سے انتخابات کا موازنہ صرف ایک حد تک ہی درست ہو سکتا ہے۔ نظریاتی تصورات "ٹیکنالوجکل" تصورات کے برعکس عقائد اور اقدار سے زیادہ گہرا ربط رکھتے ہیں اور ان کو نظام سے باہر نکالنے کے باوجود بھی مثلاً انجن کی طرح "ویلیو نیوٹرل" تصور نہیں کیا جا سکتا۔

اس لیے، مثلاً، اگر ہم انتخابات کو جمہوری نظام سے الگ کر بھی لیں اور اسے اپنے نظام میں استعمال کریں یا سرمایہ داری کے خلاف جدوجہد کے تناظر میں استعمال کریں تب بھی سرمایہ داری کے غلبے کے تناظر میں انتخابات کے ادارے کے منفی اثرات سے صرف نظر نہیں کیا جا سکتا۔ اگر ایک ایسا نظام غالب ہے جو سرمایہ دارانہ جمہوری نظام ہے اور انتخابات جس کا ایک جزو ہیں تو اس غالب نظام کا اقداری غلبہ اس چیز کو ممکن بنائے گا کہ جمہوری نظام سے باہر بھی یا کسی دوسرے نظام کے اندر استعمال ہوتے ہوئے بھی انتخابات وہ نتائج پیدا کریں جو وہ جمہوری نظام کے اندر پیدا کرتے ہیں اس لیے جب تک جمہوری نظام غالب ہے انتخابات کو بطور آلہ استعمال کرتے ہوئے بھی ہمیں احتیاط کرنی ہو گی اور اگر یہ استعمال ناگزیر ہو تو اس کے منفی نتائج کا مداوا کرنے کی بھی کوشش کرنا ہو گی۔

اس کی دوسری مثال ریاستی کام پر ارتکاز کی ناگزیریت سے دی جا سکتی ہے۔ یہ درست ہے کہ غیر معمولی ارتکازِ قوت موجودہ ریاست کا مابہ الامتیاز ہے۔ اس کی وجہ اس ریاست کا سرمایہ داری سے نامیاتی تعلق ہے۔ سرمایے کا ارتکاز اور قوت کا ارتکاز ایک ہی سکے کے دو رخ ہیں۔ اسلامی ریاست کے قیام کے ذریعے ہم ارتکاز قوت پر مجبور ہیں کیونکہ اس کے بغیر سرمایہ داری کا مقابلہ ناممکن ہے لیکن بطور انقلابی ہمارے لیے چیلنج یہ ہے کہ قوت کے ارتکاز کا تعلق ارتکازِ سرمایہ سے کاٹ دیں۔ اس کی واحد صورت یہ ہے کہ اسلامی ریاست جہادی ریاست ہو جس کا واحد مقصد اعلائے دیں اور اسلام کا فروغ اور شہادتِ حق ہو اور کوئی دنیوی مقصد نہ ہو۔ اس لیے ہمارے نزدیک اگر اسلامی ریاست قومی مفاد کی علمبردار ہو گی یا فلاحی ریاست ہو گی یا محض "شرعی" ریاست ہو گی تو وہ بالآخر سترھویں صدی کی عیسائی ریاستوں کی طرح

سرمایہ داری میں ضم ہو جائے گی۔ ٹیکنالوجی کے مرتکز استعمال کی ناگزیریت کو بھی اسی تناظر میں سمجھا جانا چاہیے۔

آلاتی اور فنکشنل اداروں اور تصورات کے بارے میں یہ احتیاط بھی ہم امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے منہاج سے سیکھتے ہیں۔ اس کی تفصیل امام رحمۃ اللہ علیہ کی علم منطق کی نوعیت و حیثیت کے مباحث، علم کلام کی فرضیت کے باوجود اس کی آفات کے مباحث اور علم فقہ کے دنیوی علم ہونے کے مباحث میں دیکھی جاسکتی ہے۔ امام رحمۃ اللہ تصوف کو ان آفات کے لیے تریاق کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

رد مغرب پر ہمارے مکتبۂ فکر کے کام کو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے اس عمومی منہاج کے سیاق میں دیکھا جانا چاہیے۔

رد مغرب پر ہمارے مکتبۂ فکر کا کام مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی رحمۃ اللہ علیہ کے اس بنیادی اجتہاد سے شروع ہوتا ہے جس کے مطابق مغربیت جاہلیت خالصہ ہے- یہاں مغرب سے مراد موجودہ سرمایہ دارانہ استعماری نظام ہے جس کو جدیدیت بھی کہتے ہیں۔ اس سے مراد کوئی جغرافیائی خطہ نہیں ہے۔ ہمارے حلقے کا کام مولانا رحمت اللہ علیہ کی اس اجتہاد کی نظریاتی اور عملی تشریح ہے۔

برصغیر پاک و ہند میں جدیدیت کا فہم شروع ہی سے دو اہم مغالطات پر مبنی رہا ہے۔ ان دو مغالطات کا دفاع اور اظہار علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب تشکیل جدید الہیات اسلامیہ میں ملتا ہے:

پہلا مغالطہ یہ ہے کہ مغربی تہذیب کے مثبت پہلو اسلامی تہذیب کے بعض پہلوؤں کی ترقی یافتہ شکل ہیں۔ اس مغالطے کے ضمنی مغالطات میں یہ بھی شامل ہے کہ مغرب کی اصل گمراہی عیسائیت ہے اور جدیدیت اس گمراہی سے دوری کا سفر ہے۔ اور یہ کہ جو چیز مغربی جدیدیت کو عیسائی قرون مظلمہ سے نکالنے کا باعث ہوئی وہ اسلامی تہذیب ہی کے اثرات تھے۔

دوسرا مغالطہ یہ ہے کہ مغربی جدیدیت کے دو پہلو ہیں، اس کا ظاہر اور اس کا باطن۔ مغرب کا ظاہر مادی اور اباحیت کا عکاس ہے اور بنیادی طور پر عیسائیت کی غیر فطری قیودات کا ردعمل ہے۔ اس کے برعکس اس کا جوہر اور باطن علوم، تحقیق، جستجوئے حق اور فطرت کے مقاصد کی حنابندی پر مبنی ہے اور یہ پہلو اصل میں اسلامی تہذیب کے مثبت پہلوؤں کی ترقی یافتہ شکل ہے۔ مغرب کے اس باطن سے استفادہ اصل میں اسلام کے مقاصد ہی کی طرف رجوع ہے۔ اس سوچ کے مطابق درحقیقت مغربی تہذیب اور اسلامی تہذیب آج ایک دوسرے کی محتاج ہیں۔ مغرب اپنی روحانی اور اخلاقی پس ماندگی کے لیے اسلام کا محتاج ہے جبکہ اسلامی تہذیب مغرب کی مادی، سائنسی، اور ٹیکنالوجی کے میدان میں محتاج ہے۔ مزید برآں مغرب کے علمی ورثے سے استفادہ اسلامی تہذیب کے سنہرے ماضی کی طرف رجوع ہے کیونکہ مغرب نے یہ علوم اسلامی تہذیب سے ہی حاصل کیے ہیں۔

مندرجہ بالا مغالطوں کی بنیاد یہ فکر ہے کہ سائنسی منہاج اور تجربی منہاج جو سائنسی منہاج کی فلسفیانہ بنیاد فراہم کرتے ہیں قرآن مجید کی دین ہیں اور یہ کہ مسلمان سائنس دانوں اور فلسفیوں نے اسلامی تہذیب کے سنہرے دور میں اس قرآنی فکر کی بنیاد پر جدید سائنس اور ٹیکنالوجی کی بنیاد رکھی۔

ان مغالطات کے دو فوری نتائج نکلتے ہیں۔ چونکہ ان مغالطات کو حقیقت کو مسخ کیے بغیر رواج نہیں دیا جاسکتا ہے اس لیے جدیدیت کے علمبردار مفکرین اس پر اپنے آپ کو مجبور پاتے ہیں کہ وہ:

اولاً جدیدیت کی ایک مسخ شدہ اور جزوی تشریح پیش کریں تاکہ جدیدیت ان کے عمومی خاکے میں فٹ ہو سکے۔

دوئم یہ کہ اسلام کی ایک مسخ شدہ تصور پیش کریں جو ان کے تصورِ جدیدیت کے موافق ہو۔

مختلف متجددین دین کی گمراہی کی سطح اور حق سے ان کی دوری کا حجم اس پر منحصر ہو گا کہ ان دونوں معاملوں میں ان کی غلطی کی سطح اور حجم کیا ہے۔

اس تناظر میں ہم مغربی تہذیب اور اسلامی تہذیب اور ان کے باہمی ربط کے بارے میں تین بنیادی مواقف میں تمیز و تفریق کر سکتے ہیں:

پہلا موقف راسخ العقیدہ مسلمان علماء کا موقف ہے جس کے مطابق مغربی تہذیب بحیثیت مجموعی باطل محض ہے اور اسلام حق محض ہے۔ اسلام ایک مکمل اور بند نظام ہے جس کا مغربی تہذیب سے عمومی یا بحیثیت مجموعی توافق اور تطابق ناممکن ہے۔ اس کی ایک بنیادی وجہ یہ ہے کہ مغربی تہذیب بھی ایک مکمل اور بند نظام زندگی ہے فرق یہ ہے کہ اسلام حق ہے اور مغربی تہذیب باطل ہے اور چونکہ وجودی اشیاء میں دو اضداد ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتیں (اور نہ رفع ہو سکتی ہیں الا یہ کہ کوئی تیسرا اختیار ہو جو کہ اس مثال میں نہیں ہے) اس لیے اسلام حق ہو گا تو مغرب باطل اور مغرب حق ہو تو نعوذ باللہ اسلام باطل ہو گا۔

ان علماء کا یہ دعویٰ ہے کہ مغرب کی ہمہ گیریت اور آفاقیت اور اس کا عمومی غلبہ اس بات کا متقاضی ہے کہ اسلام اور مغرب کی کشمکش کے تناظر میں صحیح ترین حکمت عملی مغربی تہذیب کے خلاف ہمہ جہتی اور ہمہ گیر کلی انقلاب و جہاد ہے وگرنہ اسلام بھی مغربی تہذیب کا اسی طرح ضمیمہ بن جائے گا جس طرح عیسائیت یہودیت ہندومت بدھ مت اور دیگر مذاہب اس کا ضمیمہ بن گئے۔

دوسرا موقف اصلاحی علماء کے گروہ کا ہے۔ اصلاحی علماء کا گروہ یہ سمجھتا ہے کہ مغرب اور اسلام میں توافق اور تطابق ممکن ہے۔ ان اصلاحی علماء کی بنیادی غلطی فہم مغرب کے بارے میں ہے۔ وہ مغربی تہذیب کی نوعیت کو نہیں سمجھتے اور یہ نہیں سمجھتے کہ مغربی تہذیب ایک ہمہ گیر اور ہمہ جہت تہذیب ہے اور تاریخ انسانی میں اپنی نوعیت کا فرید و نادر وقوعہ ہے اور فرید و نادر حکمت عملی کا طالب ہے۔

لیکن فہم مغرب کی کوتاہی کا نتیجہ اسلام کے فہم میں کوتاہی پر بھی منتج ہوتا ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ جیسا کہ امام شاطبی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر علماء اصول نے فرمایا ہے کہ اسلامی احکام کے دو پہلو ہوتے ہیں: ایک شریعت کا حکم اور دوسرا صورتِ حال کا فہم۔ اس لیے ہر شرعی

حکم کے فہم میں بنیادی طور پر تین قسم کی غلطیوں کا امکان ہے: شرعی حکم کے فہم میں خطا مجرداعن فہم الواقع؛ واقعے کے فہم میں خطا مجرداعن فہم الحکم الشرعی؛ اور تیسرا شرعی حکم کو واقع پر لاگو کرنے میں خطا۔ مگر حکم شرعی کو ان تینوں پہلوؤں میں تقسیم کرنا خود ایک تجرید ہے اور یہ ناممکن ہے کہ ان تینوں پہلوؤں کو حقیقت میں ایک دوسرے سے مکمل طور پر علیحدہ کیا جاسکے۔ ہر جزو کا فہم دوسرے اجزا کے فہم کو کسی نہ کسی حد تک لامحالہ متعین کرے گا۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر صورت حال کا فہم غلط ہو گا تو شریعت کا فہم گو مجرداً صحیح ہی کیوں نہ ہو اس صورت حال کے تناظر میں غلط ہو گا۔

اس کی مثال یہ ہے کہ مغربی تہذیب اپنے اپ کو ایک ہمہ جہت اور ہمہ گیر نظام یا سسٹم کے طور پر پیش کرتی ہے جس کے ماتحت کئی ذیلی نظام ہیں اور یہ ذیلی نظام آپس میں بھی جڑے ہوئے ہیں اور مجموعی نظام سے بھی منسلک ہیں۔ اور یہ سارا نظام تہذیبی سطح پر ایک جہان زندگی (عالم الحیاۃ) یا لائف ورلڈ کے تناظر میں پیوست ہے۔

روایتی معاشروں کے جدیدیت میں تبدیل ہونے کے عمل کو سمجھنے کے لیے اور اس کے نتیجے میں جدیدیت کے بطور نظام کے قیام کو سمجھنے کے لیے نظام اور ذیلی نظاموں اور ان کے درمیان ارتباط کے تصورات ناگزیر ہیں۔

اس صورت حال میں مغربی تہذیب کو سمجھنے کے لیے اور روایتی معاشروں پر مغربی تہذیب کے غلبے کے عمل کو سمجھنے کے لیے اور اس کے مقابلے میں اسلام کی ہمہ گیریت اور جامعیت کو پیش کرنے کے لیے اور مغربی تہذیب کی یلغار کے سامنے ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار کھڑی کرنے کے لیے اور مغربی تہذیب کے خلاف جوابی وار کے لیے ایک بنیادی اور جذری اجتہاد کی ضرورت تھی۔ اس اجتہاد کی ضرورت نہ صرف یہ کہ مغرب کو سمجھنے کے لیے تھی بلکہ مغرب کے غلبے کے واقعاتی تناظر میں اسلام کے صحیح فہم کے لیے بھی اس کی ضرورت تھی۔

برصغیر پاک وہند میں اس اجتہاد کی بنیاد امام ہند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے رکھی۔ اس اجتہاد کی تفصیل حضرت شاہ صاحب کی کتابوں خاص طور پر آپ کی کتاب

حجت اللہ البالغہ (حجۃ اللہ البالغۃ) اور آپ کی دیگر کتابوں میں ملتی ہے۔ اس اجتہاد کی اساس کلی اور ہمہ گیر اور مکمل (بند) نظام کے تصورات ہیں اور اس سے منسلک تمام باطل نظاموں کو اکھاڑ پھینکنے یعنی انقلاب کا تصور ہے۔ یہ اجتہادات مغربی تہذیب کو سمجھنے، اس کے نظاماتی غلبے کے تناظر میں اسلام کے صحیح فہم اور مغربی نظام کے مقابلے میں اسلام کو ایک غالب تہذیب بنانے کی جدوجہد میں ناگزیر ہیں۔ دوسرے معنوں میں یہ تصورات مغربی تہذیب کے غلبے کے خلاف نظری اور عملی جدوجہد کی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

شاہ صاحب کا نظری کام امام غزالی اور امام ابن تیمیہ کے اجتہادات کا تسلسل ہے۔ فیوض الحرمین اور دیگر کتابوں میں اس قسم کے اشارات ملتے ہیں جس سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ شاہ صاحب کی تحریک جہاد حضرت امام عالی مقام امام حسین علیہ السلام کے جہاد کا تسلسل ہے۔ یہ بھی اشارات ملتے ہیں کہ شاہ صاحب کے کام اور آپ کے سلسلے پر رسول پاک کی خاص نظر ہے۔

اس تناظر میں اصلاحی علماء کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان کی بنیادی غلطی فہم واقعہ کی ہے لیکن اس فہم واقعہ کی غلطی کا اظہار فہم اسلام پر بھی پڑتا ہے۔ ان میں سے کچھ تو وہ ہیں جن کے پاس نظام اور ذیلی نظاموں کا تصور نہیں ہے اور کچھ ایسے ہیں جن کے پاس نظام اور ذیلی نظام کا تو تصور تو موجود ہے لیکن مکمل اور بند نظام کا تصور موجود نہیں اس دوسرے گروپ کے غلطی یہ ہے کہ وہ غالب نظام کی ہمہ گیریت اور کلی احاطے اور طاقت سے کماحقہ ہو واقف نہیں ہیں۔

تیسرا گروہ ان لوگوں کا ہے جو حضرات حق کو اسلام اور مغرب میں ملا جلا پاتے ہیں۔ ان کے نزدیک مغربی تہذیب ان معنوں میں اصل حق ہے کہ اسلام کے صحیح فہم پر پردے پڑے ہوئے تھے تا آنکہ مغرب نے ان پردوں کو آہستہ آہستہ اٹھانے کا موقع فراہم کیا۔ اس موقف کی کلاسک تعبیر علامہ اقبال کی تشکیل جدید الہیات اسلامیہ میں مل سکتی ہے۔

اس تیسرے گروہ کو اس کے افراد کے فہم مغرب اور فہم اسلام کے صواب و خطا کے اعتبار

سے مختلف درجوں اور مراتب میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ ان میں سے کچھ افراد دوسرے گروہ سے قریب ہیں تو کچھ افراد کا اسلام سے تعلق محض نام کا رہ جاتا ہے۔

ان تینوں گروہوں کے درمیان بنیادی اختلاف کو تاریخ اسلام کے تناظر میں امام غزالی اور امام ابن رشد کے درمیان بنیادی اختلاف کے محور کے حوالہ سے سمجھا جاسکتا ہے۔

ابن رشد فصل المقال میں کہتا ہے کہ فلسفہ اور وحی میں کوئی تنازع نہیں ہے کیونکہ ایک سچائی دوسری سچائی کی متضاد نہیں ہو سکتی بلکہ ایک سچائی دوسری سچائی کے موافق اور اس پر شاہد ہوتی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اسلام حق ہے اور عقلی یقینات جن پر فلسفہ کا مدار ہے بھی سچ ہیں اس لیے اگر قرآن وسنت کے ظاہری معانی فلسفیانہ یقینات کے متضاد دیکھیں تو ہم ظواہر نصوص کی اس طرح تاویل کریں گے کہ یہ ظاہری تضاد دور ہو جائے۔

اس پر امام غزالی کے طریقے کے مطابق اعتراض یہ ہو گا کہ تم جس کو فلسفیانہ یقینیات کہتے ہو ان کا یقینیات ہونا لازمی نہیں ہے بلکہ ظنی ہے اور جن یقینیات کا یقینی ہونا ظنی ہو وہ یقینی نہیں ہو سکتی ہیں۔ امام غزالی تہافت الفلاسفہ میں فلسفیوں پر اس اعتراض کو بار بار دہراتے ہیں کہ جن چیزوں کو تم بدیہی مانتے ہو اور ہم بدیہی نہیں مانتے وہ بدیہی نہیں ہو سکتیں کیونکہ اگر کسی چیز پر عقلاء کے دو گروہوں میں اختلاف ہو تو وہ چیز بدیہی کی تعریف کے مطابق بدیہی نہیں ہو سکتی۔ اگر فلسفے کا یقینی ہونا بدیہات پر قائم ہے اور اگر ان بدیہات کا بدیہی ہونا مشکوک ہو گیا ہے تو یہ دعویٰ کہ فلسفہ یقینیات عقلیہ پر قائم ہے خود مشکوک ہو جاتا ہے۔ الغرض ہم نے ان مقدمات کو ہی مشکوک ثابت کر دیا ہے جن کی بنیاد پر ابن رشد نے اپنے دعوے کو ثابت کرنا چاہا تھا۔

ابن رشد بھی امام ہیں۔ مالکی فقہ کے اساطین میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ قاضیوں کے خاندان سے آپ کا تعلق ہے۔ انہوں نے ارسطو کو پڑھا اور اس کے گرویدہ ہو گئے۔ ابن رشد کا طریقہ یہ ہے کہ اس نے ارسطو کے منہاج اور طریقے کو بحیثیت مجموعی قبول کر لیا۔ سو ارسطو جو کہتا ہے اسے سچ سمجھتے ہیں اور اس کی جو بات اسلام کے خلاف نظر آتی ہے تو اسلامی نصوص

کی اس طرح توجیہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ ارسطو کے نظریات کے خلاف نظر نہ آئیں۔

اس کے برخلاف امام غزالی کا طریقہ یہ ہے کہ ان کے نزدیک سچ کی بنیاد اسلام اور اس کا منہاج ہے۔ وہ فلسفیوں کے منہاج کا اولاً مجموعی و کلی طور پر رد کرتے ہیں، ان کے طریقے اور عقائد کا عمومی تہافت کرتے ہیں، ان کے منہاج و عقائد کا اندرونی تضاد واضح کرتے ہیں اور انہیں بحیثیت مجموعی اور بحیثیت نظام کے رد کرتے ہیں۔ اس عمومی رد اور تہافت کے بعد پھر ارسطو کی انفرادی آراء پر حکم لگاتے ہیں اور ان میں سے جو آراء اسلام کے مطابق ہوں ان کو قبول کرتے ہیں اور جو اس کے مطابق نہیں اس کو بلا خوف و تردد رد کرتے ہیں۔ اس لحاظ سے ابن رشد متجددین کا امام ہے اور امام غزالی غیر اسلامی تہذیب سے برسرِپیکار تمام راسخ العقیدہ لوگوں کے امام ہیں۔ آج مغربی فلسفہ و تہذیب سے برسرِپیکار راسخ العقیدہ لوگوں کو امام غزالی کے منہاج کا احیاء کرنے کی ضرورت ہے اور ابن رشد اور اس کے متبعین کے منہاج کو نئے فتنوں کے تناظر میں از سر نو رد کرنے کی ضرورت ہے۔

اسلامی انقلابیوں کا مقصد

جاوید اکبر انصاری

ہم اسلامی انقلابی ہیں۔ ہمارا بنیادی تخاطب مخلصین دین سے ہے۔ لہٰذا ہم ضروری سمجھتے ہیں کہ اپنا منصوبہ مخلصین دین (وہ جو ذاتی زندگی میں شرع مطہرہ پر عمل کرنے کو ضروری گردانتے ہیں) کی خدمت میں بار بار پیش کریں۔

تین کلیدی اجتہادات

ہمارے خیال میں دور حاضر میں جن تین اجتہادات پر عمل کر کے ہی فریضۂ اقامت دین ادا کیا جاسکتا ہے وہ حسب ذیل ہیں:

۱۔ اسلام خود کفیل، مکمل نظام زندگی اور طرزِ حیات ہے۔

۲۔ مغرب جاہلیت خالصہ ہے۔

۳۔ تاریخ کے اس دور میں قیام اور استحکام ریاست اسلامی کی جدوجہد فریضۂ اقامت دین کی ادائیگی کے لیے لازمی ہے۔

ان تینوں اجتہادات کے عمل کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ مثلاً اسلامی ریاست کی غیر موجودگی میں تحکم اور تنفیذِ احکامات اور قوانین شرعِ مطہرہ ناممکن ہے اور اس ریاستی ڈھانچے کو قائم کیے بغیر مغربی نظم کو اصولاً اور عملاً جاہلیت خالصہ ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا مخلصین دین کے ہر گروہ (مصلحین، مبلغین، مجاہدین) کے لیے ضروری ہے کہ وہ قیام اور استحکام ریاست اسلامی کی جدوجہد میں بالواسطہ یا بلاواسطہ شریک ہوں کیونکہ اس کے بغیر یہ تقریباً لازم ہے کہ تمام اسلامی اصلاحی کوششیں سرمایہ دارانہ جمہوری تسلط کے ماتحت ہو جائیں گی اور اسلامی نظام زندگی عیسائیت، ہندومت اور یہودیت کی طرح سرمایہ دارانہ نظام زندگی کی ایک تشریح بن کے رہ جائے گا۔

ریاست کیا ہے؟

ریاست ان اداروں کے مجموعے کو کہتے ہیں جو کسی معاشرے میں ترتیب اور تنفیذ اختیارات کا مکلف ہوتا ہے۔ ریاست انسانی تاریخ کے ہر دور میں موجود رہی ہے۔ اس کا دائرۂ عمل سکڑتا، پھیلتا رہا ہے لیکن کوئی معاشرہ ریاستی تحکم کا سہارا لیے بغیر قائم نہیں رہ سکتا۔ جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ منورہ میں اپنی مبارک ریاست قائم کی تو اس کے نتیجے میں یہ ممکن ہوا کہ پرانے مشرک عرب معاشرے اسلام کے زیر نگیں آ سکیں۔ کسی معاشرتی زندگی کو تتر بتر کرنا ہے تو لازم ہے کہ اس کے ریاستی نظام کو تباہ کیا جائے۔

یہ بات سامراج کو خوب معلوم ہے۔ انیسویں صدی کے بعد مسلم دنیا پر سامراجی غلبہ ایک ریاستی عمل تھا۔ سامراجی قوتوں نے مسلم معاشروں میں تصرف کو محدود رکھا لیکن ہر جگہ استعمار نے بارہ سو سال سے قائم ریاستی نظام کو بالکل برباد کر دیا۔ مفروضہ آزادی کے بعد بھی جو ریاستیں مسلم ممالک میں قائم کی گئیں خالصتاً دہریہ سرمایہ دارانہ جمہوری ریاستیں تھیں جو اسلامی معاشرتی زندگی کو بتدریج معطل کرتی رہیں۔

افسوس اس بات کا ہے کہ بیش تر مصلحین دین سامراج کی اس فریب کاری کا شکار ہو گئے۔ ان کے سواد اعظم نے سیاسی عمل سے پہلو تہی کا رویہ اختیار کیا۔ اور جو سیاسی عمل میں براہ راست حصہ لیتے رہے وہ بھی کسی نہ کسی دہریہ نظریاتی موقف (مسلم قوم پرستی یا لبرل ازم) کے وکیل بنے رہے۔ ایسے میں علما کے ایک گروہ کو احساس ہوا کہ دور حاضر میں ریاستی جدوجہد کے بغیر فریضۂ اقامت دین ادا نہیں کیا جا سکتا اور انہوں نے یہ مذکور بالا تین اجتہادات کیے۔

اسلام ایک خود کفیل نظام حیات ہے اور مغرب جاہلیت خالصہ ہے اور ریاستی تعمیر نو کے عمل کی تقدیم اقامت دین کے عمل کے لیے لازمی ہے۔ ان اجتہادات کا عملی اظہار دو تحریکوں میں ہوا۔ جہادی تحریکات اور انقلابی تحریکات۔ مجاہدین اسلام سر دھڑ کی بازی لگا کر سامراج کو پیچھے دھکیلنے میں مصروف ہیں تو انقلابی سرمایہ دارانہ جمہوری نظام کے داخلی تضادات کو مہمیز

دے کر سرمایہ دارانہ ریاستی نظام کو منہدم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہ ایک دوسرے کے نظریاتی حلیف ہیں اور مخلصین دین کے گروہوں سے توقع رکھتے ہیں کہ وہ ان کی معاونت کریں گے۔

جہادی اور انقلابی عمل کی کامیابی

الحمدللہ ان دونوں گروہوں کی پیش رفت نہایت کامیاب ثابت ہوئی ہے۔ مجاہدین کی سب سے نمایاں کامیابی افغانستان میں ہوئی جہاں سے روسی اور امریکی فوجوں کو پٹے ہوئے کتے کی طرح نکلنا پڑا اور اسلامی ریاست وہاں پچھلے پانچ سال سے مثالی امن اور معاشی استحکام قائم کرنے میں کامیاب ہو گئی ہے۔ افغانستان کی مثالی کامیابی سامراج کے لیے کھلا چیلنج ہے کیونکہ یہ کامیابی ان تمام تر معاشی اور سیاسی پابندیوں کے باوجود حاصل ہوئی جو سامراج نے افغانستان پر وقتاً فوقتاً مسلط کیں۔ اسلامی امارت، افغانستان میں بین الاقوامی تجارت، مواصلت اور دولت افزائی کو غیر سرمایہ دارانہ اسلامی اصولوں پر مرتب کرنے کا عزم رکھتی ہے۔

انقلابیوں کو سب سے اہم کامیابی ایران میں حاصل ہوئی جہاں ۵۰ سال سے اسلامی ریاستی نظام قائم ہے اور حال ہی میں اس نے امریکا اور اسرائیل کی جارحیت کو شکست فاش دی ہے۔ ایران امت کی سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوا ہے اور علماء کا اقتدار مستحکم ہے اور سب سے نمایاں کامیابی یہ ہے کہ ایرانی عوام اسلامی ریاست کے تحفظ اور پھیلاؤ کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے پر تیار ہیں۔

ان کامیابیوں سے مجاہدین اور انقلابیوں کے حوصلے بڑھے ہیں اور شمالی وسطی اور مغربی افریقہ کے ملکوں میں بھی جہادی تحریکات فروغ پا رہی ہیں اور عجب نہیں کہ مالی، برکینا فاسو اور نائجیریا میں اسلامی ریاستیں قائم ہو جائیں۔ اس تناظر میں مسلم ممالک میں انقلابی تحریکات کی پیش رفت سست ہے۔ جہادی پیش رفت کے نتیجے میں سامراج مایوس نظر آتا ہے اور اس کی پوری کوشش ہے کہ انقلابی تحریکات کی جدوجہد کو ناکام بنانے کے لیے مخلصین دین اور اسلامی

انقلابیوں کے درمیان تفرقہ ڈال دے اور فتنے پیدا کرے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سامراج خوب جانتا ہے کہ اس کو اصل خطرہ انقلابی تحریکات سے ہی ہے جہادی تحریکات سے نہیں کیونکہ وہ مسلم ممالک کی سرحدوں کے اندر رہنے پر مجبور ہیں جبکہ انقلابی تحریکات ایسے ممالک میں سرمایہ دارانہ نظاماتی تضادات کو مہمیز دینے کی استعداد رکھتی ہیں جو سامراج برداشت کرنے کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اگر پاکستان، مصر، انڈونیشیا، ترکی میں ریاستی اقتدار پر انقلابیوں کا قبضہ ہو جائے تو یہ سامراجی نظام کے انہدام کی طرف پہلا قدم ثابت ہو سکتا ہے۔

(جاری ہے)

اقامتِ دین کے عمل میں ریاستی جدوجہد کی اہمیت

جاوید اکبر انصاری

مخلصین دین اور بالخصوص علمائے کرام ہم پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ ہم اقامتِ دین کے عمل میں ریاستی جدوجہد کو فوقیت دیتے ہیں اور یوں اقامتِ دین کے قدیم اور مقبول عام تصور میں ترمیم کرتے ہیں۔ یہ اعتراض ہم میں اور علمائے کرام میں نظریاتی دوریاں بڑھنے کی ایک اہم وجہ ہے۔ اس مضمون میں اس اشکال کو واضح کرنے کی ایک طالب علمانہ کوشش کروں گا۔ علماء سے استدعا ہے کہ ہماری اس معذرت کو قبول فرما کر ہمیں اپنی سرپرستی سے محروم نہ رکھیں۔

ہمارا موقف

بلاشبہ ہم حکومت الٰہیہ کی ضرورت کے قائل ہیں اور اپنی جدوجہد میں قیام ریاست اسلامی کے عمل کو اولیت دیتے ہیں۔ اقامت دین کا عمل قیام ریاست اسلامی کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتا۔ قیام ریاست اسلامی تنفیذ احکام شرع کے لیے ضروری ہے۔ یہ نصوص صحیحہ سے ثابت ہے۔ اقامت دین کا عمل سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے قیام ریاست مدینہ کے بعد ہی مکمل ہوا۔ اسلامی ریاست وہ ادارتی صف بندی ہے جو عوام وخواص کو اطاعت شرع مطہرہ پر مجبور کرتی ہے۔

دہریہ ریاستوں (لبرل، اشتراکی، قوم پرست) میں عوام وخواص الحادی (دورِ حاضر میں سرمایہ دارانہ) قوانین کی تابع داری پر مجبور کیے جاتے ہیں۔ جب تک ریاستی انہدام کی اسلامی جدوجہد مرتب نہ ہو انفرادی تعلیم، تربیت اور اصلاح کے ذریعے الحادی نظاماتی اقتدار کو معطل نہیں کیا جاسکتا۔ یہی وجہ ہے کہ سرکار دوعالم نے مکہ میں بھی دعوت و تبلیغ اور تعلیم پر اکتفانہ کیا بلکہ مکہ میں قائم سیاسی ادارے ندوہ کا مکمل بائیکاٹ کیا اور مسلمانوں کے تمام انفرادی اور اجتماعی فیصلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی فرماتے تھے۔ مکہ میں سرکار صلی اللہ علیہ

وسلم نے عملاً ایک ریاست درونِ ریاست قائم کر دی تھی جس کو برداشت کرنا کفار کے لیے ناممکن تھا کیوں کہ جو شخص مسلمان ہوتا وہ ان کے دائرہ قانون سے عملاً نکل جاتا تھا۔ اسی وجہ سے مکہ میں حنفاء کے خلاف ظلم کے پہاڑ توڑے گئے۔

لیکن ہم قیام ریاست اسلامی کو اقامتِ دین کا لازمی جزو تو سمجھتے ہیں اس کا کل نہیں سمجھتے۔ ہم دعوت و تبلیغ، تعلیم و تزکیہ کو نہ غیر ضروری سمجھتے نہ کم اہم بلکہ ہماری رائے تو یہ ہے کہ تبلیغ، تزکیہ اور تعلیم کا فروغ جدوجہد قیام ریاست اسلامی کی کامیابی کے لیے ناگزیر ہے۔

ہمیں اس کا احساس ہے کہ ہم تزکیہ و تعلیم کا کام کماحقہ انجام دینے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ تبلیغ اور اصلاح کا یہ کام علمائے کرام اور صوفیائے عظام کی سرپرستی میں بخوبی انجام دیا جارہا ہے لیکن قیام ریاست اسلامی کی جدوجہد مضمحل ہے۔ ہم تحریکات اسلامی کی اسی کمزوری کو رفع کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

قدیم اسلامی سیاسی اکابرین امام ماوردی، امام ابویعلیٰ، امام ابن خلدون وغیرہ نے قیام ریاست اسلامی کی جدوجہد کو فریضہ اقامت دین کا ایک ایسا جزو قرار دیا ہے جس کی تطبیق تحریک اقامت دین کے دوسرے اجزا تبلیغ، تعلیم اور تزکیہ سے کرنا لازم ہے۔ ہم اس ہی نوعیت کی نظاماتی تطبیق کے خواہاں ہیں۔

سامراج سرمایہ داری اور قیام ریاست اسلامی کی جدوجہد

برصغیر میں سامراج نے اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں ریاست اسلامی کا شیرازہ بکھیر دیا۔ برصغیر میں ایک ہزار سال تک اسلامی ریاست قائم رہی۔ شرع نافذ رہی اور تمام اجتماعی فیصلے اسلامی علوم کی روشنی میں مرتب کیے جاتے رہے۔ ظاہر ہے کہ اس پورے دور میں قیام ریاست اسلامی کی جدوجہد کی کوئی ضرورت نہ تھی۔

جب سامراج نے الحادی ریاست قائم کی تو علماء کی صفوں سے اس عمل کی عسکری مزاحمت ہوئی۔ ان علماء میں حضرت فضل حق خیر آبادی، مولانا مدراسی، حاجی شریعت اللہ، سید بادشاہ، حضرت قطب الاقطاب امداد اللہ مہاجر مکی، مولانا محمود الحسن دیوبندی، حاجی ترنگ زئی، فقیر

اپی رضوان اللہ اجمعین کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔ ہماری جماعت انہی اکابر کی جدوجہد کی اتباع اور احیاء کی کوشش کر رہی ہے۔

ہم سب ہیں اسی قافلۂ شوق میں شامل
جس قافلۂ شوق کے سالار ہیں شبیر

لیکن یہ تمام جہادی کاوشیں پسپا ہوئیں اور ۱۹۲۰ء کے بعد علمائے کرام نے قیام ریاست اسلامی کو ناممکن تصور کر لیا اور اپنی تمام تر توجہ سامراجی سرمایہ دارانہ ریاست کی ماتحتی میں تحفظ دین پر مرکوز فرمادی۔ جہادی عمل سے رجعت کی اس غلط مفروضے کی بنیاد پر توجیہ کی گئی کہ تعلیم اور تزکیہ کے معاشرتی پھیلاؤ کے نتیجے میں خود بہ خود بلا سیاسی جدوجہد کے اسلامی ریاست وجود میں آجائے گی۔

آج پوری دنیا میں سرمایہ دارانہ نظاماتی تغلب قائم اور مستحکم ہے اور عوام وخواص تحکم قانونِ سرمایہ (rule of law of capital) کی تابع داری پر مجبور ہیں۔ یہ چیز سرمایہ دارانہ زر (capitalist money) کی عالمگیریت سے بالکل عیاں ہے۔ سرمایہ دارانہ زر سود اور غرر (Capitalist money and credit) کی تجسیم ہے اور کون ہے جو آج سرمایہ دارانہ زر کے استعمال سے گریز کر سکے۔

علماء نے یہ بات فراموش کر دی ہے کہ سرمایہ داری میں ایک نظاماتی کلیت (systemic totality) ہے جو دھیرے دھیرے زندگی کے ہر شعبے پر سرمایہ (یعنی وہ سرمایہ دارانہ زر جو اپنی بڑھوتری کے لیے اشیا اور اجسام سے مستقل گزرتا رہتا ہے) کو مسلط کرتا جاتا ہے۔ اس عمل کو محض تعلیم و تزکیے سے ہرگز معطل نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم ویسی ہی ریاست درون ریاست (state within state) بنا سکیں جیسی سرکار دوعالم نے مکہ میں تعمیر فرمائی تھی۔ ورنہ ہر مجاہد و عابد، متقی اور ہر مخلص مسلمان تحکم قانون سرمایہ کی تابع داری پر مجبور ہو جائے گا۔

طالبان عالی شان اور ایرانی علماء نے یہ کر کے دکھا دیا ہے اور الحمدللہ وہ افغانستان اور ایران

میں تحکم قانون سرمایہ(rule of law of capital) کو بتدریج معطل کر رہے ہیں۔ اس عمل کو اسلامی انقلاب کہتے ہیں۔

اسلامی انقلابی عمل میں محض سیاسی جدوجہد کا نام نہیں۔ اسلامی انقلابی عمل صرف اس سیاسی جدوجہد کو کہتے ہیں جو سرمایہ دارانہ ریاستی ادارتی صف بندی کو تتر بتر کر کے سرمایہ کے نظاماتی اقتدار کو بتدریج معطل کرنے کی جدوجہد کرے۔ اس نظاماتی انہدام کے بغیر معاشرہ میں وہ گنجائشیں (spaces) پیدا نہیں کی جاسکتیں جن میں تعلیم و تزکیہ ان معنوں میں موثر ہو کہ احکام شرع پر عمل کرنا ممکن اور آسان اور قانون سرمایہ کی تابع داری معطل ہوتی چلی جائے۔

اے علمائے کرام یہ جماعت آپ ہی کی جماعت ہے۔ اسلامی انقلابی جدوجہد یعنی ریاست اسلامی کے قیام کی کوشش اقامت دین کا ایک جزو ہے۔ ایک ایسا جزو جس کی تطبیق اصلاحی کوششوں سے نہ کی گئی تو نہ اسلامی انقلابی جدوجہد کامیاب ہو سکتی ہے نہ اصلاحی اور تعلیمی کوششیں معاشرتی وسعت حاصل کر سکتی ہیں۔ تحریکات تحفظ اور غلبۂ دین ایک دوسرے کا لازمہ ہیں۔

نوٹ: یہ مضمون مولانا مودودی کے مقالہ "تحریک اسلامی کا آیندہ لایحہ عمل" کی ایک تشریح ہے۔

امریکی غلامی کی تجدیدِ نو اور پاکستانی اسلامی جماعتوں کی شرمناک خاموشی

ڈاکٹر جاوید اکبر انصاری

پاکستان کی امریکی غلامی کی جڑیں ابتدا ہی سے ہماری ملکی تاریخ میں پیوست ہیں۔ اپنی رسوائے زمانہ گیارہ اگست ۱۹۴۸ء کی تقریر کے آخر میں جناح صاحب نے نہایت فخریہ انداز میں بآواز بلند اس وقت کے امریکی وزیر خارجہ کا تہنیت کا پیغام پڑھ کر سنایا۔ اس تقریر کے اصل مخاطب امریکا اور برطانیہ تھے۔ جناح صاحب نے ان کو یقین دلایا کہ پاکستان ایک دہریہ (سیکولر) سرمایہ دارانہ ریاست بنے گا اور اس وقت سے لے کر آج تک ہماری اشرافیہ اس یقین دہانی پر استقامت سے قائم ہے۔ جناح صاحب نے تقریباً فوراً ہی امریکا اور برطانیہ سے ۲۰۰ ملین کی بھیک مانگی اور سامراج کے پٹھو قادیانی ظفر اللہ کو اپنی وفاداری کی یقین دہانی اور بھیک کے حصول کے لیے امریکا روانہ کیا۔

اس وقت سے لے کر آج تک پاکستان کا امریکا پر انحصار بڑھتا رہا ہے۔ اگست ۲۰۲۵ء میں جس ہمہ جہت معاہدے کی داغ بیل ڈالی گئی ہے وہ پاکستان کو امریکی غلامی کے شکنجے میں مزید مستحکم کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے۔

اس مجوزہ معاہدہ کے تحت:

۱۔ پاکستان میں امریکی درآمدات پر شرح محصول ۱۹ فیصد ہو گی۔

۲۔ معاہدہ کے ۸۰ فیصد مندرجات پر، اگست کے آخر تک اتفاق رائے ہو گیا ہے۔

۳۔ پاکستان امریکا سے تیل اور پی او ایل (POL) مصنوعات درآمد کرے گا جس سے مقامی صارفین کے لیے تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہو گا۔

۴۔ امریکی بھیک میں اضافہ ہو گا۔

۵۔ امریکی صنعت کاروں کو درج ذیل شعبوں میں مخصوص شرائط پر سرمایہ کاری کے مواقع ملیں گے: انفراسٹرکچر پراجیکٹس، کان کنی، آئی ٹی، سائبر سکیورٹی، توانائی، نایاب زمینی

دھاتیں، سرحدوں کی نگرانی کا نظام۔ ان صنعتوں کو امریکی رسدی زنجیروں میں جکڑنے کی کوشش کی جائے گی اور امریکی ایجنسیاں پاکستان کے مواصلاتی نظام کی نگرانی کریں گی۔

یہ منصوبہ پاکستان کی معاشی خود مختاری کو سلب کرنے کا جامع پروگرام ہے۔ اس پروگرام کے تحت امریکی کمپنیاں پاکستان کے پانی، بجلی اور مواصلاتی نظام پر انفراسٹرکچر پراجیکٹس کے ذریعے قابض ہو جائیں گی۔ پاکستان کے کان کنی کے وسائل اور تیل اور گیس کے ذخائر پر ان کا تسلط ہو جائے گا اور پاکستانی معیشت اور قدرتی دولت امریکی عالمی رسدی زنجروں میں جکڑلی جائے گی۔ پاکستان کا مواصلاتی نظام امریکا کے زیر نگیں آجائے گا۔

پاکستان کی ٹیکنولوجیکل ترقی بالخصوص آئی ٹی کے شعبوں میں امریکی کمپنیوں کی محتاج ہو گی اور معاشی اور سیاسی نظام میں امریکی تخریب کاری کے مواقع بہت بڑھ جائیں گے۔ پاکستان لاطینی امریکا کے بیشتر ممالک کی طرح ایک مکمل امریکی کالونی میں تبدیل ہو جائے گا۔

پاکستانی اسلامی جماعتوں اور مذہبی حلقوں کی شرمناک خاموشی

یہ سب اس وقت ہو رہا ہے جب امریکا دنیا میں اسلام کا سب سے بڑا دشمن بن کر سامنے آیا ہے۔ وہ اسرائیل کے پشت پناہ کے طور پر غزہ کا قتل عام دو سال سے جاری رکھے ہوئے ہے۔ ایران پر حملہ آور ہے۔ حزب اللہ کو تباہ کرنے پر تلا ہوا ہے۔ افغانستان کے بیرونی کرنسی کے ذخائر پر قبضہ جمائے بیٹھا ہے۔ افریقہ کے کئی ممالک میں اسلامی تحریکات کو کچلنے کی بھرپور کوشش کر رہا ہے۔

یہ سب ہو رہا ہے اور پاکستان کے دینی حلقوں اور اسلامی حلقوں کے رہنما خاموش ہیں۔ کسی ایک نے بھی اس مذموم معاہدے کی زبانی کلامی مخالفت بھی نہیں کی۔ اسلامی کارکن جو بجلی، پانی اور عوامی سرمایہ دارانہ حقوق کے مطالبے کرنے کے لیے سڑکوں پر نکل آتے ہیں امریکی سامراجیت کے فروغ کے خلاف ایک لفظ نہیں کہتے۔

شرم تم کو مگر نہیں آتی

ضروری تو یہ تھا کہ اسلامی جماعتیں اور مذہبی جماعتیں امریکی سامراجیت کے خلاف بھرپور عوامی مزاحمتی مطالباتی احتجاج برپا کرنے کی جدوجہد کرتیں۔ اس معاہدہ کی فی الفور منسوخی کا

مطالبہ کرتیں۔ امریکا کے معاشی تعلقات منقطع کرنے کا مطالبہ کرتیں۔ پاکستان سے امریکا کے روابط کے انقطاع کا مطالبہ کرتیں۔ امریکی مصنوعات کے بائیکاٹ کی مہم چلاتیں اور پاکستان میں امریکی کاروبار اور فرنچایز کو بند کرواتیں۔

لیکن یہ کچھ نہیں ہو رہا اور اسلامی انقلابیوں کے لیے یہ لمحۂ فکریہ ہے کہ اس کی کیا وجہ ہے۔ جہاں تک اسلامی سیاسی جماعتوں کا تعلق ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے قومی مفاد کا سرمایہ دارانہ تصور قبول کر لیا ہے۔ پاکستان سرمایہ دارانہ سامراجی نظام سے جڑا رہے اور چونکہ امریکا اس کا وسیلہ ہے لہٰذا اس کے روابط کو فروغ دینا لازمی ہے۔ اسلامی جماعتوں کے لیے اسلامی انقلابی تصورِ قومی مفاد یعنی سامراج سے پیچھا چھڑا کر ایک خود کفیل سیاسی اور معاشی ملک کی تعمیر ان کے لیے بالکل ایک اجنبی تصور ہے۔

قومی مفاد کا سرمایہ دارانہ تصور ریاستی اشرافیہ بھی اپنائے ہوئے ہے اور قومی مفاد کے تصورات کی یہ ہم آہنگی اسلامی جماعتوں کی قیادتوں اور ریاستی اشرافیہ کو ایک دوسرے کا حلیف اور اسلامی جماعتوں کو ریاستی سرمایہ دارانہ پالیسی کا آلۂ کار بناتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلامی جماعتیں عوام کے سرمایہ دارانہ حقوق کی فراہمی کو قومی مفاد کے حصول کا بہترین ذریعہ تصور کرتی ہیں اور جب انہیں اقتدار میں شرکت کا موقع ملتا ہے تو وہ سرمایہ دارانہ نظام کے بہترین خدمت گزار کا کردار ادا کرتی ہیں۔

جہاں تک عوام کا تعلق ہے ان میں مخلصین دین کی کمی نہیں۔ مخلصین دین وہ ہیں جن کے دل میں امت پر ڈھائے جانے والے مظالم کا درد اٹھتا ہے لیکن اس درد کا اظہار نظم اجتماعی میں نہیں ہوتا۔ عوام نظم اجتماعی کو دینی تصور اور اس کے دائرہ کار سے خارج سمجھتے ہیں۔ سامراجی معاشرتی تخریب کاری کا انہیں کچھ تصور نہیں۔ ان کی بڑی بہت اکثریت اول تو منظم نہیں اور جو منظم ہے وہ بیش تر اصلاحی / ریفارمسٹ اور ریویژنسٹ گروہوں میں منقسم ہے جو ریاستی جدوجہد کو شجر ممنوعہ سمجھتے ہیں۔

اسلامی انقلابیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ قومی مفاد کے اسلامی انقلابی تصور کو اسلامی سیاسی جماعتوں میں مقبول کریں، مخلصین دین کے حلقوں میں ریاستی جدوجہد کی اہمیت کو واضح کریں اور اصلاحی کوششوں کو ریاستی جدوجہد سے منسلک اور مربوط کرنے کی کوشش کریں۔

ہدایت وارشاد

ایمان، تقویٰ اور ولایتِ الٰہی

قرآن وسنت اور حضرت حکیم الامت تھانویؒ کی تعلیمات کی روشنی میں

حمزہ حسین رضوی

باب اول: شریعت اور طریقت کا باہمی تعلق

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ ایک بہت بڑے عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ طریقت کے بھی امام تھے۔ آپ نے اپنی تحریروں میں میں شریعت اور طریقت کے گہرے تعلق کو واضح فرمایا۔ آپ کے نزدیک شریعت وطریقت ایک ہی حقیقت یعنی اسلام کے دو پہلو ہیں اور ایک دوسرے کے بغیر نامکمل ہیں۔

شریعت اور طریقت: ایک حقیقت کے دو پہلو

شریعت: ظاہر کی اصلاح

آپ شریعت کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

> "شریعت جسم ہے اور طریقت اس کی روح ہے۔ جس طرح روح کے بغیر جسم بے کار ہے، اسی طرح طریقت کے بغیر شریعت کا صرف ظاہری عمل بے روح ہے۔" (الکلام الحسن، جلد اول)

ایک اور موقع پر فرمایا:

> "شریعت جسم ہے اور طریقت اس کی روح ہے۔ جس طرح روح کے بغیر جسم بے کار ہے، اسی طرح طریقت کے بغیر شریعت کا عمل بے روح ہے۔" (الکلام الحسن، ج ا)

طریقت: باطن کی اصلاح

مولانا تھانویؒ نے طریقت کو شریعت کی تکمیل قرار دیا ہے، نہ کہ اس سے الگ کوئی چیز۔

وہ طریقت کی حقیقت کو یوں بیان کرتے ہیں:

"طریقت کا خلاصہ صرف یہ ہے کہ اپنی نیتوں اور باطنی اعمال کو اس طرح درست کیا جائے کہ ظاہر کے ہر عمل میں اللہ کی رضا شامل ہو۔" (الکلام الحسن، جلد دوم)۔

مزید ارشاد فرمایا:

"طریقت کوئی نئی چیز نہیں، بلکہ شریعت کے اعمال میں اخلاص پیدا کرنے کا نام ہے۔" (امداد الفتاویٰ، ج ۴)

شریعت اور طریقت کا اٹوٹ رشتہ

مولانا تھانوی نے اس بات پر بہت زور دیا کہ شریعت اور طریقت کا راستہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہے۔ ان کے نزدیک، حقیقی طریقت وہی ہے جو شریعت کے اصولوں کی مکمل پیروی کرے۔

اس تعلق کو واضح کرتے ہوئے وہ فرماتے ہیں:

"جس نے شریعت کو چھوڑا اس نے طریقت کو بھی چھوڑا۔ کیونکہ طریقت شریعت کے احکام پر عمل پیرا ہونے کا نام ہے۔" (امداد الفتاویٰ، جلد چہارم)

اور مزید فرمایا:

"شریعت کے بغیر طریقت بے بنیاد ہے، اور طریقت کے بغیر شریعت بے روح ہے۔"

طریقت کے بنیادی اجزاء

مولانا تھانویؒ کی تعلیمات کے مطابق، طریقت کے اہم اجزاء میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل شامل ہیں:

تزکیۂ نفس: نفس کو روحانی بیماریوں جیسے تکبر، حسد، ریاکاری اور لالچ سے پاک کرنا۔ اس

بارے میں وہ کہتے ہیں:

"نفس کا تزکیہ سب سے بڑا جہاد ہے، اس کے بغیر کوئی بھی شخص قربِ الٰہی حاصل نہیں کر سکتا۔" (الکلام الحسن، جلد اول)

شیخ کی صحبت: ایک قابلِ اعتماد اور شریعت پر قائم شیخ (استاد) کی صحبت میں رہنا بہت ضروری ہے۔

"شیخ کی صحبت طبیب کی صحبت کی طرح ہے، جس طرح طبیب کے پاس جا کر مرض کی تشخیص ہوتی ہے، اسی طرح شیخ کے پاس جا کر باطنی امراض کا علم ہوتا ہے اور ان کا علاج ممکن ہوتا ہے۔" (مجالسِ حکیم الامت)

کثرتِ ذکر: دل کو زندہ رکھنے اور روحانی سکون حاصل کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کرنا۔

"ذکر کی کثرت دل کو صاف کرتی ہے اور نورانیت پیدا کرتی ہے۔" (تربیت السالک)۔

ذکر کو آپؒ نے دل کی زندگی قرار دیا۔ فرمایا:

"ذکر دل کے آئینے کو صاف کرتا ہے اور اس پر معرفتِ الٰہی کا نور چمکنے لگتا ہے۔" (تربیت السالک)

ایک اور موقع پر فرمایا:

"ذکرِ الٰہی وہ پانی ہے جو دل کی خشکی کو تر کرتا ہے اور محبتِ الٰہی کے بیج کو اگاتا ہے۔"

حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ کی تمام تعلیمات کا نچوڑ یہ ہے کہ شریعت اور طریقت ایک دوسرے کے ساتھ لازم و ملزوم ہیں۔ شریعت ظاہر کو سنوارتی ہے اور طریقت باطن کو۔ شریعت کے بغیر طریقت کا کوئی وجود نہیں، اور طریقت کے بغیر شریعت محض کھوکھلا ڈھانچہ ہے۔

آپؒ کا پیغام تھا:

"اے طالبِ حقیقت! پہلے شریعت کے در پر حاضری دو، پھر طریقت کے دروازے کھلیں گے۔ اور جب یہ دونوں دروازے کھل جائیں گے، تب حقیقت اور معرفت کی راہیں روشن ہوں گی۔"

باب دوم: دل کی بیماریاں اور ان کا علاج

چونکہ طریقت کا اصل مقصد دل کی اصلاح ہے، اس لیے دل کے امراض کا علاج نہایت اہم ہے۔ قرآن و سنت اور اکابر صوفیہ نے ان بیماریوں اور ان کے علاج پر خاص توجہ دی ہے۔

دل کی بیماریاں اور ان کا علاج: مولانا اشرف علی تھانوی کی تعلیمات کی روشنی میں

مولانا اشرف علی تھانوی نے انسان کے باطن کی اصلاح پر بہت زور دیا اور دل کو ان تمام بیماریوں کا سرچشمہ قرار دیا جو انسان کے ظاہر اور باطن کو خراب کرتی ہیں۔ ان بیماریوں کو وہ "امراضِ باطنی" یا "امراضِ نفس" کہتے تھے۔ ان کا علاج ان کی تعلیمات کا ایک اہم حصہ ہے۔

انسان کے جسم میں ایک ایسا عضو ہے جو اگر درست ہو تو پورا جسم درست رہتا ہے، اور اگر وہ خراب ہو جائے تو سارا نظام بگڑ جاتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:

"اَلَا وَإِنَّ فِي الْجَسَدِ مُضْغَةً إِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ وَإِذَا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ، اَلَا وَهِيَ الْقَلْبُ"

"خبردار! جسم میں ایک ٹکڑا گوشت کا ہے، اگر وہ درست ہو جائے تو پورا جسم درست ہو جاتا ہے، اور اگر وہ خراب ہو جائے تو پورا جسم خراب ہو جاتا ہے۔ وہ ٹکڑا دل ہے۔" (بخاری و مسلم)

اسی لیے علماء و مشائخ نے ہمیشہ دل کی بیماریوں اور ان کے علاج پر زور دیا۔ حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ فرماتے ہیں:

"باطنی امراض کا علاج کرنا فرضِ عین ہے، کیونکہ جب تک دل کا تزکیہ نہ ہو

عبادتوں میں لذت اور حقیقت پیدا نہیں ہوتی۔" (الکلام الحسن)

دل کی چند اہم بیماریاں اور ان کی علامات

کبر (تکبر): اپنے آپ کو دوسروں سے بہتر سمجھنا۔ یہ وہ بیماری ہے جو انسان کو اللہ کے سامنے جھکنے سے روکتی ہے۔ اس کی علامتوں میں دوسروں کو حقیر سمجھنا اور ان کی بات کو اہمیت نہ دینا شامل ہے۔

قرآن میں ہے:

"اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ"

"بے شک اللہ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔" (النحل:۲۳)

حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں:

"تکبر انسان کو اللہ کی رحمت سے دور کر دیتا ہے، یہ سب سے خطرناک بیماری ہے۔"

ریا (دکھاوا): کوئی بھی نیک عمل صرف لوگوں کو دکھانے یا ان کی تعریف حاصل کرنے کے لیے کرنا۔ یہ وہ بیماری ہے جو عمل کی روحانیت کو ختم کر دیتی ہے۔

حضور ﷺ نے فرمایا:

"میں تمہارے بارے میں سب سے زیادہ جس چیز سے ڈرتا ہوں وہ شرکِ اصغر ہے۔" صحابہؓ نے پوچھا: یا رسول اللہ! شرکِ اصغر کیا ہے؟ فرمایا: ریا۔ (مسند احمد)

حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں:

"ریاکاری ایسی دیمک ہے جو نیکی کے پورے درخت کو کھا جاتی ہے۔"

حسد: کسی دوسرے شخص کی نعمت کو دیکھ کر اس کے زوال کی تمنا کرنا۔ حسد دل کو جلا کر راکھ کر دیتا ہے اور انسان کو ذہنی سکون سے محروم کر دیتا ہے۔

قرآن میں فرمایا:

''أَمْ يَحْسُدُونَ النَّاسَ عَلَىٰ مَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ''

''کیا یہ لوگ دوسروں سے اس چیز پر حسد کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے عطا کی؟'' (النساء:۵۴)

حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں:

''حسد دل کے سکون کو چھین لیتا ہے اور انسان کے لیے دنیا و آخرت کو تنگ کر دیتا ہے۔''

حبِ مال اور حبِ جاہ: مال اور دنیاوی عہدے کی بے جا محبت۔ یہ بیماری انسان کو اللہ کی یاد سے غافل کر دیتی ہے اور اسے دنیاوی چیزوں کا غلام بنا دیتی ہے۔

عن عبد الله بن عباس وأنس بن مالك وعبد الله بن الزبير وأبي موسى الأشعري رضي الله عنهم أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: «لو أن لابنِ آدمَ واديًا من ذَهَبٍ أَحَبَّ أن يكونَ له واديانِ، ولَنْ يملأَ فَاهُ إلا الترابُ، ويَتُوبُ اللهُ عَلَى مَنْ تَابَ».

حضور ﷺ نے فرمایا:

''اگر ابنِ آدم کے پاس سونا کی ایک وادی ہو تو وہ چاہے گا کہ اس کے پاس دو ہوں۔ اور ابنِ آدم کے منہ کو مٹی کے سوا کچھ نہیں بھر سکتا۔ اور اللہ توبہ کرنے والے کی توبہ کو قبول کرتا ہے'' (بخاری و مسلم)

حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں:

''حرص بندے کو اللہ سے غافل کر دیتی ہے اور ہمیشہ محتاجی میں رکھتی ہے۔''

محبتِ دنیا: دنیا کو اصل مقصود بنانا اور دین کو پسِ پشت ڈال دینا۔

حضور ﷺ نے فرمایا:

''دنیا کی محبت ہر گناہ کی جڑ ہے۔'' (بیہقی، شعب الایمان)

حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں:

"دنیا دل میں آئے تو دل کو زنگ آلود کر دیتی ہے، اور اگر ہاتھ میں ہو تو دین کے لیے ذریعہ بن جاتی ہے۔"

ان بیماریوں کا علاج

مولانا تھانوی نے ان بیماریوں کے لیے جو علاج تجویز کیے ہیں، وہ نہایت عملی اور شریعت کے مطابق ہیں۔ ان کے نزدیک ہر بیماری کا علاج اس کی ضد میں ہے۔

علاج کا عمومی نسخہ

حضرت حکیم الامتؒ نے دل کے امراض کے علاج کے چند اصول بتائے:

۱۔ ذکر اللہ کی کثرت: "ذکر دل کو نورانی کرتا ہے اور گناہوں کے اثرات کو مٹا دیتا ہے۔"

۲۔ صحبتِ صالحین: "جیسے مریض طبیب کے بغیر شفا نہیں پاتا، ویسے ہی دل کا مریض شیخ کی صحبت کے بغیر درست نہیں ہوتا۔"

۳۔ محاسبۂ نفس: روزانہ اپنے اعمال کا جائزہ لینا۔

۴۔ دعاؤں پر دوام، خاص طور پر یہ دعا:

"اَللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِي تَقْوَاهَا وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا"

"اے اللہ! میرے نفس کو اس کا تقویٰ عطا فرما اور اسے پاکیزہ بنا دے، تو ہی بہترین پاک کرنے والا ہے۔"

کبر (تکبر) کا علاج

۱۔ تذکرۂ موت: موت کو کثرت سے یاد کرنا، جو انسان کے غرور کو توڑ دیتی ہے۔

۲۔ فقر و انکسار: عاجزی اختیار کرنا اور اپنے آپ کو دوسروں سے کم تر سمجھنا۔

۳۔ خدمتِ خلق: لوگوں کی خدمت کرنا تاکہ دل سے کبر اور تکبر نکل جائے۔

ریا (دکھاوا) کا علاج

۱۔ اخفائے عمل: اپنے نیک کاموں کو چھپانا تاکہ وہ صرف اللہ کے لیے ہوں۔

۲۔ تصحیحِ نیت: ہر عمل سے پہلے اپنی نیت کو خالص کرنا اور صرف اللہ کی رضا کا ارادہ کرنا۔

۳۔ مراقبہ: اللہ کی حضوری کا تصور کرنا اور یہ سوچنا کہ وہ ہر چیز کو دیکھ رہا ہے۔

حسد کا علاج

۱۔ دعا: جس شخص سے حسد ہو، اس کے لیے دعا کرنا کہ اللہ اس کی نعمتوں میں مزید اضافہ کرے۔

۲۔ تحسین و تعریف: اس شخص کی اچھائیوں اور خوبیوں کا اعتراف کرنا اور زبان سے بھی اس کا ذکر کرنا۔

۳۔ مراقبت الٰہیہ: اللہ کی تقسیم پر راضی رہنا اور اس حقیقت کو تسلیم کرنا کہ ہر چیز اسی کی طرف سے ہے۔

حبِ مال اور حبِ جاہ کا علاج

۱۔ زہد و قناعت: دنیاوی مال و دولت کی طرف کم توجہ دینا اور جو کچھ میسر ہو اس پر قناعت کرنا۔

۲۔ صدقہ و خیرات: مال و دولت کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنا تاکہ اس کی محبت دل سے نکل جائے۔

۳۔ مرگ کو یاد کرنا: اس حقیقت کو یاد رکھنا کہ موت کے بعد مال و دولت ساتھ نہیں جائیں گے۔

مولانا تھانوی کے نزدیک ان تمام باطنی امراض کا جڑ سے خاتمہ کسی شیخ کامل کی رہنمائی میں ہی ممکن ہے۔ وہ ایک طبیب کی طرح دل کے امراض کی تشخیص کرتا ہے اور ان کے لیے مناسب علاج تجویز کرتا ہے۔

باب سوم: ایمان، تقویٰ اور ولایتِ الٰہی

اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں ارشاد فرماتے ہیں:

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ • الَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا

يَتَّقُوْنَ • لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (یونس:۶۲-۶۴)

ترجمہ: "خبردار! بے شک اللہ کے دوستوں پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور تقویٰ اختیار کرتے رہے۔ ان کے لیے دنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے اور آخرت میں بھی۔ اللہ کے وعدوں میں کوئی تبدیلی نہیں، یہی بڑی کامیابی ہے۔"

ولایت کی بنیاد: ایمان اور تقویٰ

اس آیت میں واضح فرمایا گیا کہ ولایت کا مدار دو چیزوں پر ہے:

۱۔ ایمان　　۲۔ تقویٰ

حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ لکھتے ہیں:

> "جس درجے کا ایمان اور تقویٰ حاصل ہو گا، اسی درجے کی ولایت حاصل ہو گی۔ اگر ادنیٰ درجے کا ایمان اور تقویٰ ہے جو صحیح عقائدِ ضروریہ (گو تقلیداً ہی کیوں نہ ہو) اور ضروری اعمال سے حاصل ہوتا ہے، تو ادنیٰ درجے کی ولایت حاصل ہو گی، جسے ولایتِ عامہ کہتے ہیں۔ اور اگر اعلیٰ درجے کا ایمان و تقویٰ ہے تو اعلیٰ درجے کی ولایت حاصل ہو گی، جسے ولایتِ خاصہ کہا جاتا ہے۔" (الکلام الحسن)

ولایتِ عامہ اور ولایتِ خاصہ

ولایتِ عامہ: ہر وہ مومن جو بنیادی ایمان اور اعمالِ ضروریہ کا پابند ہو، وہ اس ولایت کا حصہ دار ہے۔ یہ ولایت گویا ایک عام رحمت ہے جو ایمان کی برکت سے ہر مسلمان کو میسر ہے۔

ولایتِ خاصہ: یہ بلند مقام صرف اُن لوگوں کو حاصل ہوتا ہے جنہوں نے ایمانِ کامل اور تقویٰ کامل اختیار کیا۔ اصطلاحاً "ولی" اسی درجے کے شخص کو کہا جاتا ہے۔

حضرت تھانویؒ کے الفاظ ہیں:

"ولایتِ خاصہ کے لیے دو چیزوں کی ضرورت ہے: ایمانِ کامل اور تقویٰ کامل۔ جیسے نماز اور روزہ واجب ہیں، ویسے ہی ایمان اور تقویٰ بھی واجب ہیں، اور یہ دونوں چیزیں باطن کی اصلاح کے بغیر حاصل نہیں ہوتیں۔"

ایمان اور تقویٰ کا تعلق قلب سے

ایمان کا اصل محل دل ہے، اور تقویٰ بھی اگرچہ ظاہر کے اعمال سے متعلق ہے مگر اس کا کمال دل کی کیفیت پر موقوف ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا:

"اَلتَّقْوٰی هَاهُنَا"

"تقویٰ یہاں ہے (یعنی دل میں)۔" (مسلم، ترمذی)

پھر آپ ﷺ نے تین بار اپنے سینۂ مبارک کی طرف اشارہ فرمایا۔

حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں:

"ایمان اور تقویٰ کا اصل سرچشمہ قلب ہے۔ اگر دل درست ہے تو ظاہر بھی درست ہو گا۔"

نتیجہ

۱۔ شریعت ظاہری اعمال کی اصلاح کا نام ہے۔

۲۔ طریقت باطن کی پاکیزگی اور نیتوں کی درستگی ہے۔

۳۔ ولایت دراصل ایمانِ کامل اور تقویٰ کامل کا نتیجہ ہے، جو دل کی اصلاح کے بغیر ممکن نہیں۔

حضرت تھانویؒ کے الفاظ میں:

"حقیقی طریقت وہی ہے جو شریعت کے مطابق ہو، اور حقیقی ولایت وہی ہے جو ایمان اور تقویٰ کے ذریعے حاصل ہو۔"

نظریات و تطبیقات

اقوام متحدہ کے "ہیومن رائٹس چارٹر" کا اسلامی محاکمہ: شق نمبر دو

مولانا ڈاکٹر حبیب الرحمن
مولانا سید شاہ رفیع الدین ہمدانی

شق نمبر دو:

Everyone is entitled to all the rights and freedoms set forth in this Declaration, without distinction of any kind, such as race, colour, sex, language, religion, political or other opinion, national or social origin, property, birth or other status. Furthermore, no distinction shall be made on the basis of the political, jurisdictional or international status of the country or territory to which a person belongs, whether it be independent, trust, non-self-governing or under any other limitation of sovereignty.

اقوام متحدہ کے چارٹر میں انسانی حقوق کی شق نمبر ۲ میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی شخص کے ساتھ نسل، رنگ، جنس، زبان، مذہب، سیاسی یا دیگر رائے، قومی یا سماجی اصل، جائیداد، پیدائش یا دیگر حیثیت کی بنیاد پر کوئی امتیاز نہیں کیا جائے۔ یہ شق تمام انسانوں کے لیے مساوات اور غیر امتیازی سلوک کے بنیادی اصول پر زور دیتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ کوئی بھی شخص، چاہے وہ کسی بھی ملک سے ہو، کسی بھی نسل یا مذہب سے تعلق رکھتا ہو، یا کسی بھی زبان کو بولتا ہو، اسے کسی بھی طرح سے امتیازی سلوک کا سامنا نہیں کرنا چاہیے۔ یہ شق اقوام متحدہ کے چارٹر کے بنیادی اصولوں میں سے ایک ہے اور اس کا مقصد دنیا میں امن اور سلامتی کو فروغ دینا ہے۔ مزید برآں، یہ شق تمام انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کے احترام اور ان پر عمل درآمد کی ضمانت دیتی ہے۔ (بحوالہ اقوام متحدہ کا انسانی حقوق اور ذمہ داریوں کا چارٹر)

اس شق کو دیکھ کر عموماً ہمارے مسلمان بھائی اور بعض علمائے اسلام بھی دھوکا کھا جاتے ہیں اور یہ کہے بنا ان سے رہا نہیں جاتا کہ یہ تو نبی کریم ﷺ کے خطبۂ حجۃ الوداع کا عین ترجمہ، مفہوم اور لب لباب ہے۔ حالانکہ اس شق کا نہ اسلام سے تعلق ہے اور نہ ہی خطبہ حجۃ الوداع

سے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ یہ شق غیر اسلامی تصورِ مساوات کو عملی جامہ پہنانے کی مذموم کوشش ہے جس کے نتیجے میں ہر نیک و بد، ہر صاحب ایمان اور کافر ہر صالح و متقی اور فاسق و فاجر کے لیے ایک ہی قانون اس طور پر وضع کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ تمام افراد بغیر کسی ایمانی و اخلاقی فرق کے یکساں حقوق کے حامل ہیں کیونکہ یہ چارٹر انسانوں کے درمیان عبدیت اور خدا کے منکر و باغی ہونے کی حیثیت سے کوئی فرق نہیں کرتا ہے۔ اسی طرح اخلاقی و روحانی طور پر بلند اور پست کے مابین امتیاز کا بھی کوئی معیار موجود نہیں ہے۔ اسی لیے یہ شق تمام انسانوں کو قطع نظر ان کے ایمانی، اخلاقی، روحانی اور جغرافیائی حد بندیوں سے صرف نظر کرتے ہوئے بالکل اسی طرح انسان سمجھتی ہے جس طرح گھوڑوں اور گدھوں میں اخلاقی اور روحانی طور پر کوئی فرق نہیں پایا جاتا۔

ان حقوق کے نفاذ میں سب سے بڑا دھوکہ یہ ہے کہ اسلام اور غیر اسلام بلکہ کوئی بھی مذہب حتیٰ کہ کوئی ملک یا ریاست بھی رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی ملک اپنے باشندوں (جو ہیومن ہیں) پر اپنے قوانین لاگو کرنا چاہے تو اسے سب سے پہلے یہ دیکھنا ہو گا کہ آیا اس کے قوانین اقوام متحدہ کے ہیومن قانون سے متصادم تو نہیں ہیں۔ اگر ایسا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک ایسی ریاست جس کے پاس اپنی مقننہ، عدلیہ، پارلیمنٹ موجود ہے وہ ان تمام اداروں کی موجودگی کے باوجود اپنے ملکی قوانین کے نفاذ میں بالکل بے بس ہو جاتی ہیں۔

مثال کے طور پر پاکستان میں ریمنڈ ڈیوس کا کیس جس میں اس نے تین افراد کو بے دردی سے قتل کر دیا تھا لیکن اس کے باوجود کہ وہ خود قتل کا مستحق ہو چکا تھا مگر بجائے اس کے کہ اسے ملکی یا شرعی قوانین کی رو سے سزا دی جاتی ملکی عدالتوں نے غیر ملکی دباؤ کے تحت اسے رہا کر دیا۔ اس واقعے کے تناظر میں جو حقیقت آشکارہ ہو کر سامنے آتی ہے وہ یہ ہے کہ ریمنڈ ڈیوس امریکی شہری ہونے کے ناطے سے اقوام متحدہ کے چارٹر برائے حقوق انسانی کا سہارا لے کر پاکستان کے تمام عدالتی قوانین کے شکنجے سے بچ نکلنے میں اس لیے کامیاب ہوا کیونکہ وہ

ایک ہیومن بینگ تھا جبکہ دوسری طرف وہ لوگ جسے اس نے بے دردی سے قتل کیا بظاہر تو اسی کی طرح کے انسان تھے لیکن مسلمان ہونے کی وجہ سے شاید بلکہ یقیناً ہیومن بینگ کی صف میں شامل اور داخل نہیں تھے۔ لہٰذا ان کا قتل کسی جنگلی جانور کو قتل کرنے کے مترادف تھا لہٰذا ریمنڈ ڈیوس کو ناقابل گرفت اور ناقابل مواخذہ ٹھہرا دیا گیا۔

یہ واقعہ اور اس طرح کے دوسرے تمام واقعات اس بات کی بالکل صریح طور پر وضاحت پیش کرتے ہیں کہ جب بھی کوئی ریاست اقوامِ متحدہ کے حقوقِ انسانی کے چارٹر کو قبول کرتی ہے تو وہ بنیادی طور پر تین سطحوں پر اپنی خود مختاری سے دستبردار ہونے کے لیے اپنی رضامندی کا برملا اعلان جان بوجھ کر یا انجانے میں کر بیٹھتی ہے۔ اس حقیقت کو درج ذیل تین اہم نکات کے ذریعے سے سمجھا جاسکتا ہے:

۱۔ تیسری دنیا (پست اقوام) کے ممالک بین الاقوامی قوانین کی ملکی قوانین پر بالادستی تسلیم کرلیں جو ہیومن رائٹس سے متعلق آزادیوں کو عالمی سطح پر نافذ کرنے کے لیے بنائے گئے ہیں۔

۲۔ قومی ریاستوں کا دستوری ڈھانچہ ان بین الاقوامی قوانین اور عدالتی تنظیموں کے ماتحت کر دیا جائے جو سرمایہ دارانہ نظام کی عالمگیریت کے تحفظ کے لیے وضع کیے گئے ہیں۔

۳۔ معاشرتی سطح پر اغراض کی بنیاد پر ایسی گروہ بندیاں قائم کی جائیں جو حقوق کی سیاست کو فروغ دیں اور قومی ریاستوں کے عالمی سرمایے کے ماتحت ہو جانے کے عمل کی تائید کریں اور اس کا جواز عوامی سطح پر پیش کریں۔

مذکورہ بالا تینوں نکات کے ذریعے یہ جاننا بہت آسان ہو جاتا ہے کہ اقوام متحدہ کے چارٹر آف ہیومن رائٹس کو قبول کرنے کی صورت میں ملکوں اور ریاستوں کا اختیار نہ صرف محدود ہو جاتا ہے بلکہ براہ راست اقوام متحدہ اور بالادست ممالک کی بالادستی کو اپنے تمام اندرونی قوانین اور اداروں پر فوقیت دینے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی ملک اپنی خود مختاری پر زور دیتے ہوئے اپنے مذہبی، اخلاقی، قانونی اور معاشرتی حالات کی وجہ سے اقوام متحدہ کے چارٹر

آف ہیومن رائٹس کو قبول کرنے سے انکار کر دے تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ اسے پوری نام نہاد مہذب دنیا (ترقی یافتہ اقوام) کی دشمنی مول لینی پڑے گی۔ جس طرح اقوام متحدہ کے سابقہ سیکریٹری جنرل کوفی عنان نے ایک بار بالکل واضح الفاظ میں تمام ممالک کو یہ دھمکی دیتے ہوئے کہا اور لکھا تھا:

> "کسی حکومت کو حق نہیں کہ وہ قومی خود مختاری کو آڑ بنا کر ہیومن رائٹس سے انکار کرے۔ سوڈان اور افغانستان کے مظلوم عوام کا حق یہ ہے کہ ہم ان پر ہونے والے ظلم کو ختم کریں اور ان ممالک کو ترقی کی راہ پر لائیں۔ ہم ان ممالک میں فوجی مداخلت کریں کیوں کہ یہ مداخلت ہیومن رائٹس کے عالمگیر طور پر تسلیم شدہ اصولوں کے مطابق ہو گی۔"

مندرجہ بالا تصریحات کے بعد آپ سمجھ سکتے ہیں کہ حقوق انسانی کا منشور عالمی سطح پر تسلیم شدہ واحد "الحق" ہے، جسے تسلیم کیا جانا اور ریاستی معاملات کو ہیومن رائٹس چارٹر کے مطابق استوار کرنا لازم ہے۔ جو ریاستیں انسانی حقوق کے طے شدہ منشور کے برخلاف "الحق" بمعنی اسلام یا شریعتِ اسلامی کو نافذ کرنے کی کوشش کریں تو ان کے ساتھ لڑائی، ان کا قتل عام اور ان کی املاک کو لوٹنا اور ان پر فوج کشی کے کرنا ضروری ہے۔ مثلاً افغانستان میں طالبان عالیشان نے شریعت اسلامیہ کا نفاذ کیا اور افغانستان کو امارت اسلامی قرار دیا تو امریکا نے نیٹو افواج کے ہمراہ افغانستان پر حملہ کر دیا۔ تب بش نے کہا تھا کہ وہ افغانستان کے باشندوں کو آزادی دلانے اور جمہوریت رائج کرنے آیا ہے۔ یہ آزادی وہی تھی جس کا دعویٰ ہیومن رائٹس میں کیا گیا ہے اور جمہوریت کو شریعت کے متبادل جگہ دی گئی ہے۔

اس شق کے مسلم ممالک پر اثرات

جن ممالک نے اس چارٹر پر دستخط کیے ہیں وہ اس بات کے پابند ہو گئے ہیں کہ وہ تمام احکامات کا فیصلہ اسلام کی الہامی ہدایات و احکامات کے بجائے اقوام متحدہ کے ہیومن رائٹس کے چارٹر کے مطابق کریں۔ اس کا نتیجہ اسلامی ممالک میں بڑھتے ہوئے ارتداد اور توہینِ مذہب کے

واقعات کی صورت میں رونما ہونا شروع ہو گیا ہے۔ یہ اس طرح سامنے آ رہا ہے کہ وہ تمام قوانین جو براہ راست قرآن و سنت سے ماخوذ ہیں اور جن کا تعلق انتہائی حساس مذہبی و دینی معاملات سے ہے، مثلاً توہینِ رسالت، اہانتِ قرآن، الحاد، ارتداد، اسلامی تعلیمات کا تمسخر، غیر اخلاقی امور کے لیے جواز فراہم کرنا، اور سود کی تمام مروجہ اقسام کو جائز قرار دینا، اب ان کے لیے جواز فراہم کیا جا رہا ہے۔ اس شق کے ذریعے مسلمان ممالک کے اندر عملی طور پر مداخلت کی راہ یوں ہموار کی گئی ہے کہ ان کی معاشرت اور ثقافت براہ راست مغربی تہذیب کے حملے کے زیر اثر آ گئی ہے جس نے اسلام کی معاشرتی، سماجی اور ثقافتی اقدار و اخلاق کو تہہ و بالا کرنا شروع کر دیا ہے۔

توہین رسالت و اہانت قرآن

اسلامی شریعت کی رو سے توہین رسالت و اہانت قرآن وہ سنگین ترین جرائم ہیں جن کی کم سے کم سزا موت ہے لیکن تمام مسلمان ریاستوں میں حکومتیں عملاً اس سزا کے نفاذ کے معاملہ میں پس و پیش کا شکار رہتی ہیں کیونکہ اقوام متحدہ اور طاقتور مغربی ممالک ان سزاؤں کو کسی بھی صورت میں قبول کرنے پر تیار نہیں ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان ایک خود مختار اور آزاد ہستی کی حیثیت سے یہ حق رکھتا ہے کہ وہ جب، جیسے اور جو چاہے، اس کے ذریعے اپنی آزادی کا اظہار کر سکے، خواہ اس کی یہ آزادی دوسروں کے مذہبی عقائد، معاملات اور احکامات سے ہی کیوں نہ ٹکراتی ہو، کیونکہ مغرب انسان کی آزادی کے حق کو دوسرے تمام حقوق پر فوقیت اور بالادستی دیتا ہے، خواہ اس کے نتیجہ میں کسی کا مذہب اور عقیدے کا حق مغلوب ہو کر ہی کیوں نہ رہ جائے۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص آزادی کے مقابلہ میں اپنے دین و ایمان کو رکھتا ہے تو اس کا واضح نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ حقوق انسانی کے مقابلے میں اپنے دین و مذہب کو فوقیت دینے والا ہے جو اسے ایک مخصوص دائرہ میں احکاماتِ خداوندی کی پابندی پر مجبور کرتا ہے اور وہ اس بات پر بھی اپنی عقیدے کی رو سے مجبور ہو جاتا ہے کہ وہ اپنی عبدیت کے مقابلہ میں

آزادی کے تصور کو کلیتاً رد کر دے۔

لہٰذا حقوق انسانی کا چارٹر اپنی مستور خباثت اور ضلالت کے تحت ایسی مخلوق یا اللہ پر ایمان رکھنے والی قوم کو انسان بمعنی ہیومن بیئنگ (Human Being) نہیں سمجھتا جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اس کے تمام حقوق بشمول جان، مال، عزت و آبرو یا تو سلب کر لیے جاتے ہیں اور خود سلب نہ بھی کیے جائیں بلکہ کوئی اور غاصب ان حقوق کو پامال کر رہا ہو تو اسے تھپکی دی جاتی ہے کہ وہ جن انسانوں کا قتل عام کر رہے ہیں وہ ہیومن بینگ نہیں ہے لہٰذا ان کو قتل کرنا ہیومن بینگ کی بقا کے لیے ضروری ہے۔

اس کی مثال پاکستان میں سینکڑوں وہ واقعات ہیں جس میں ملزمان کو ان کے اہانت قرآن و توہین رسالت کے جرم ثابت ہونے کے باوجود عدالتیں تختہ دار پر لٹکانے سے نہ صرف گریزاں ہیں بلکہ عالمی دباؤ کی وجہ سے بعض بڑے مجرموں کو خود حکومتِ وقت نے فرار کرانے کے لئے تمام مطلوب وسائل اور راہیں فراہم کی ہیں۔ اس میں مشہور ترین واقعہ ملعونہ آسیہ مسیح کا ہے جس کا جرم ثابت ہونے کے باوجود اس کو خاص طیارے کے ذریعے فرانس بھیجا گیا جہاں اس کا پروٹوکول کے ساتھ استقبال کیا گیا اور وہاں کی شہریت اور بہت سے انعاموں کے ساتھ نوازا گیا۔

واضح رہے کہ توہین رسالت و اہانتِ قرآن دونوں انتہائی سنگین نتائج کے حامل جرائم ہیں جن کی معافی کا اختیار نہ تو کسی شخص کے پاس ہے اور نہ کسی حکومت کے ہاتھ میں ہے لہٰذا اس کا مرتکب کوئی بھی ہو اس کی سرکوبی بہر صورت کی جائیگی کیونکہ رسول کریم ﷺ کے زمانہ مبارک میں توہین رسالت کے مجرم کو بیت اللہ کے غلاف میں چھپنے کے باوجود امان نہ مل سکی۔ موطأ امام مالک کی حدیث میں مذکور ہے:

مالك عن ابن شهاب عن أنس بن مالك أن رسول الله - صلى الله عليه وسلم - دخل مكة عام الفتح ، وعلى رأسه المغفر ، فلما نزعه جاءه رجل فقال : ابن خطل متعلق بأستار الكعبة فقال (رسول الله ، صلى الله

عليه وسلم) : اقتلوه ،قال مالك : قال ابن شهاب : ولم يكن رسول الله - صلى الله عليه وسلم - يومئذ محرما

التمهيد لما في الموطأ من المعاني والاسانيد۔ ابن عبد البر، ج،٦، ص،١٥٧

صحيح البخاري، الصفحة أو الرقم: ١٨٤٦، أخرجه مسلم (١٣٥٧) باختلاف يسير

ترجمہ: "انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مکہ میں فتح مکہ کے سال داخل ہوئے، آپ کے سر پر خود تھا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اتارا تو ایک شخص آیا اور کہنے لگا: ابن خطل کعبہ کے غلاف سے چمٹا ہوا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اس کو قتل کر دو"۔

شروح آحادیث میں ابن خطل، کعب بن اشرف سمیت دوسرے مرتکبین توہین رسالت کو بیت اللہ کے غلاف میں چھپنے کے باوجود وہاں سزا کے طور پر قتل کر دیا گیا۔ یہ بات واضح رہے کہ توہین رسالت کے مرتکبین کی سزا جو نبی کریم ﷺ نے قتل متعین فرمائی ہے اس کا تعلق خاص دور رسالت مآب ﷺ سے ہرگز نہیں ہے بلکہ یہ وہ عمومی حکم ہے جس کا اطلاق بطریق اولیٰ قیامت تک جاری رہے گا۔ چنانچہ کسی بھی دور اور کسی بھی جگہ جہاں توہین انبیاء ورسل کے ارتکاب کی کوشش کی جائی گی تو توہین کرنے والوں کو فنا کے گھاٹ اتار دیا جائے گا جس کا ثبوت درج ذیل حدیثِ رسول ﷺ میں نہایت صراحت کے ساتھ ملتا ہے:

«عن علی عن النبی صلی الله علیه وسلم قال: «من سب نبيا قتل ، ومن سب أصحابه جلد»«

ورواه أبو ذر الهروی ،ولفظه : " من سب نبيا فاقتلوه ،ومن سب أصحابي فاجلدوه"-

ابن قيم، أحكام أهل الذمة: ص١٤٥٥

ترجمہ: حضرت علی سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص

نے انبیاء میں سے کسی نبی کو گالی دی تو اسے قتل کیا جائے اور جس نے کسی نبی کے اصحاب کو گالی دی اسے کوڑے لگائے جائیں۔

[شیعہ کتب احادیث میں بھی اسی قسم کی روایت امام رضا علیہ السلام کے واسطے سے منقول ہیں:

(بفرق یسیر۔ صحیفة الرضا (ع): عن الرضا، عن آبائه علیهم السلام قال: قال رسول الله صلی الله علیه وآله: من سب نبیا" قتل، ومن سب أصحابي جلد، دیکھئے بحار الانوار العلامة المجلسی ج ۷۶، ص ۲۲۲.]

اس کے مقابلے میں اقوام متحدہ کا منشور جسے خود انسانوں نے مرتب کیا ہے انہوں نے توہین رسالت یا توہین کتب مقدسہ اور بالخصوص اہانت قرآن کو نہ صرف یہ کہ جرم سمجھنے سے عملا انکار کر رکھا ہے بلکہ اگر کوئی ریاست ان جرائم کے لئے شرعی قوانین نافذ کرنے کی کوشش کرے تو اس پر اقتصادی پابندیاں، اس کی مصنوعات کا دنیا بھر میں بائیکاٹ اور برآمدات پر روک لگانا، اس کے شہریوں کو غیر ملکی اسفار کے لئے ویزوں کی فراہمی پر پابندیاں عائد کرنے سمیت کئی دوسرے سخت فیصلوں کی زد میں لا کر اسے اس بات پر مجبور کرتے ہیں کہ وہ اپنے دین مذہب پر مبنی ہدایات واحکامات اور قوانین کو عملاً منسوخ کر ڈالیں۔ حالانکہ یہی وہ ممالک ہیں جو اپنے کسی چھوٹی یا بڑی غرض کے تحت دنیا کے کسی بھی قوم کے اہم ترین افراد کو اگر خود قتل کرواڈالیں تو وہ اپنے آپ کو اس بات کا جائز مستحق سمجھتے ہیں کہ ہر اس شخص یا گروہ کا صفایا کر دیا جائے جو ان کے مذموم مقاصد کی راہ میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ پاکستان میں کئی راسخ العقیدہ علمائے کرام کی پے در پے شہادتیں شاید اسی حقیقت کا شاخسانہ ہے۔

مسلمان خلفاء اور فقہاء کا بھی توہین رسالت کے معاملے میں ہمیشہ مؤقف سخت اور مبنی بر عدل رہا ہے تاکہ امت نت نئے نظریات اور مفسدانہ و ملحدانہ افکار کا شکار ہو کر کسی بھی صورت میں اس عمل شنیع کو برداشت نہ کرنے کی روایت کو برقرار رکھیں اور اس دروازے کو ہمیشہ کے لیے بند کر دیں جس سے توہینِ رسالت قولاً، فعلاً، عملاً، اشارۃً، اور کنایۃً بھی صادر ہو سکتا

ہو۔

درج ذیل واقعے میں مسلم تاریخ کے جلیل القدر خلیفہ کا امام مالک سے اس مسئلے میں استفسار اور حضرتِ امام مالک کا ایمان افروز جواب مسلم ریاستوں اور ان کے حاکمین و ذمہ داران کے لیے ایک طرف تنبیہ کی حیثیت رکھتا ہے اور دوسری طرف انہیں عملی قانونی و شرعی اقدامات کے اٹھانے کے لئے راہ کا تعین کرتا ہے:

وسأل الرشید مالکا فی رجل شتم النبی صلی الله علیه وسلم وذکر له أن فقهاء العراق أفتوه بجلده، فغضب مالك وقال: «یا أمیر المؤمنین. ما بقاء الامة بعد شتم نبیها؟! من شتم الانبیاء قتل ومن شتم أصحاب النبی صلی الله علیه وسلم جلد

الشفاء بتعریف حقوق المصطفی، ج ۲، ص:۴۹۲

خلیفہ ہارون الرشید نے امام مالک سے ایک ایسے شخص کے بارے میں پوچھا جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کی، اور امام مالک سے ذکر کیا کہ عراقی فقہاء نے اسے کوڑے مارنے کا فتویٰ دیا ہے، امام مالک غضبناک ہوئے اور کہنے لگا: اے امیر المؤمنین! امت مسلمہ کی بقا اور سلامتی (زندہ رہنے کا) کون سا جواز حضور نبی اکرم ﷺ کو گالی دینے کے بعد باقی رہ جاتا ہے؟؟ پس جو انبیاء کی توہین کرے گا اسے قتل کیا جائے گا اور جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی توہین کرے گا اسے کوڑے مارے جائیں گے۔

ارتداد

اقوام متحدہ دنیا کے تمام مذاہب کو قبول کرنے پر اس لیے مجبور ہے کہ ان کا وجود پہلے سے موجود ہے یعنی مذاہب اور اہل مذاہب آج بھی دنیا کے آبادی کی اکثریت پر مشتمل ہیں ورنہ اقوام متحدہ کسی بھی مذہب کو اپنے چارٹر آف ہیومن رائٹس کے تشکیل دینے کے بعد اس چارٹر کے خلاف کسی تصور، نظریہ اور قانون سازی کے لیے کسی بھی صورت میں قبول کرنے

پر آمادہ نہ ہوتی۔ اسی طرح اقوام متحدہ کے لیے یہ بات قطعاً کسی اہمیت کی حامل نہیں ہے کہ کون سا دین و مذہب حق کا علمبر دار ہے اور کون سا عقیدہ یا مذہب توہمات یا لغویات پر مشتمل ہے۔ اسی لیے اقوام متحدہ اور مغربی طاقتوں کی نگاہ میں تمام مذاہب بالکل اسی طرح برابر ہیں جس طرح ایک قانون دان کی نظر میں تمام دنیاوی قوانین مختلف ہونے کے باوجود یکساں ہوتے ہیں۔ لہٰذا ایک مسلمان، یہودی، عیسائی اور ہندو بحیثیت اپنے اپنے مذہب کے پیروکار ہونے کے اپنی ایمانی حیثیت کے حوالے سے اقوام متحدہ کی نگاہ میں بالکل برابر ہیں اور ان میں کوئی بھی فرق اور تقسیم نہ تو کی جاسکتی ہے اور نہ ہی قبول کی جاسکتی ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص ان مذاہب کو ترک کر کے خود کو لامذہب کہلوانے پر اصرار کرے تو کسی مذہب یا اہل مذہب کو اس بات کا قطعاً حق حاصل نہیں ہے کہ وہ اس عملِ قبیح و شنیع کو برا سمجھے۔ اسی لیے یورپی ممالک اپنے سابقہ و تاریخی مذہب عیسائیت سے افراد اور اقوام ہر دو کی سطح پر دستبر دار ہو چکے ہیں جبکہ اسلامی ممالک میں اسلام سے برگشتہ ہونا اور الحاد کو اختیار کرنا آہستہ آہستہ فروغ پاتا چلا جا رہا ہے جس کی راہ میں مسلمان حکومت اور ریاست اپنی اسلامی حیثیت و شناخت کے باوجود کوئی قدم اٹھانے پر اس لیے تیار نہیں ہوتی ہے کہ عالمی سطح پر اس طرح کا کوئی بھی حکومتی اقدام اس کے لیے مختلف قسم کے مسائل پیدا کرنے کا سبب بن سکتا ہے۔

دوسری طرف چارٹر آف ہیومن رائٹس کے زیر اثر وہ تمام لوگ جو اپنی آزادانہ رائے اور خواہش کے تحت اسلام قبول کرنے پر تیار ہوتے ہیں ان کے خلاف سوشل میڈیا اور مین سٹریم میڈیا پر اپنی ایجنٹ این جی اوز اور سول سوسائٹی کے آزاد منش اور آوارہ مرد و خواتین کے ذریعے ایسی رکاوٹیں ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہیں جو کسی بھی شخص کے قبول اسلام کی راہ میں رکاوٹ بن جائے۔ اسی تناظر میں پاکستان کے صوبہ سندھ کی اسمبلی نے اٹھارہ سال سے کم عمر لڑکے اور لڑکیوں کے قبول اسلام کے لئے جن امور کو لازم قرار دیا وہ ابتدائی طور پر غیر مسلمین کے مسلمان ہونے کی راہ میں مستقل بنیادوں پر آئینی و قانونی رکاوٹوں کو بڑھانے اور ان میں اضافہ کرنے کی سوچی سمجھی منصوبہ بندی کا حصہ ہے جس کی پشت پر مغربی طاقتوں

اور عالمی استعمار کے ایجنٹوں کی خواہشات شامل ہیں۔

اس کے مقابلے میں اگر کوئی شخص غیر اسلامی مساوات اور آزادی کے قانون کا سہارا لے کر اسلام کو ترک کر کے مرتد یا ملحد ہونا چاہے تو اس کے لیے ہر قسم کی قانونی اور سماجی رکاوٹ کو اس لیے رد کیا جاتا ہے کہ اس شخص نے اقوام متحدہ کے چارٹر آف ہیومن رائٹس کے تحت اپنی خود مختاری، مساوات اور حق آزادی کا استعمال کر کے اپنے ہیومن بینگ ہونے کا ثبوت دیا ہے۔ لہٰذا اس کا دین یا کسی اور مذہب کو ترک کر دینا جرم نہیں بلکہ قابل تعریف عمل ہے جس کی تحسین اور تعریف کی جانی اس لیے ضروری ہے کہ باقی تمام اہل ایمان کو بھی دین و مذہب سے آزاد ہیومن بینگ بننے پر اسی طرح آمادہ کیا جاسکے۔ اسی طرح تمام اسلامی ممالک بالخصوص پاکستان میں گذشتہ ایک عشرے سے زائد عرصے سے ایسے کئی گروہ اور افراد پیدا ہو چکے ہیں جو آزادی اور مساوات کی آڑ میں براہ راست اور بالواسطہ طور پر مختلف پلیٹ فارمز مثلاً تعلیمی اداروں، مختلف سوشل کلبز اور سوشل میڈیا کے ذریعے خود اپنے ارتداد کا ببانگ دُھل اعلان کے ساتھ ساتھ باقی تمام نوجوانوں کو راہ ارتداد پر اکسانے کی دعوت دیتے ہیں۔ واضح رہے کہ یہ ماضی کی طرح کسی بھی شخص یا گروہ کا اپنا ذاتی فعل اور خواہش نہیں ہے بلکہ اس تمام عمل قبیح کی پشتی بانی بیرونِ ممالک سے بڑے پیمانے پر مالی معاونت اور اخلاقی حمایت کی چھتری تلے سر انجام دی جارہی ہے تاکہ تمام انسانیت کو دین وایمان سے برگشتہ کر کے ان کا رشتہ اللہ کی عبدیت سے منقطع کر دیا جائے اور انہیں اپنی آزادی، خود مختاری، اور خود اپنے رب ہونے کا یقین دلایا جائے۔ یہی وہ تصور ہے جو ہیومنزم کے فروغ کے لئے اقوام متحدہ کے حقوقِ انسانی کے چارٹر کے ذریعے پوری دنیا میں سر انجام دیا جارہا ہے۔

آزادی اور مساوات کے نعروں کے تحت خدا سے بغاوت، دین سے دوری، ایمانیات سے انکار اور وہ تمام اعمال جس سے کوئی انسان اپنے آپ کو مذہب و دین کا دشمن ثابت کر سکے اس کی تائید اور اس کے خبیث نظریات کے فروغ کے لیے جہاں کئی مغربی ممالک اقوامِ متحدہ کے حقوق انسانی کے چارٹر کا سہارا لیتے ہیں وہیں سوشل میڈیا کے تمام پلیٹ فارمز ان کے اس

مذموم مقاصد کے حصول کے لیے ہمہ وقتی معاونت اور اس کے گمراہ کن افکار کے نشر و اشاعت کے لیے کسی قسم کی پابندی عائد کرنا ممنوع سمجھتے ہیں جبکہ دوسری طرف اگر کوئی شخص دین اسلام کی دعوت و تبلیغ کی خاطر اور باطل افکار و نظریات کے رد میں جوابات دینے اور شکوک و شبہات کے ازالہ کے لیے سمعی و بصری پیغامات کی ترسیل کی کوشش کرے تو اس کے علم میں لائے بغیر یا تو اس کے سوشل میڈیا پروفائل کی پہنچ کو نہایت محدود کر دیا جاتا ہے یا پھر دھمکی آمیز پیغام کے ذریعے اس کے پروفائل کو ابتداء میں معطل اور پھر مستقل طور پر بند کر دیا جاتا ہے۔ حالانکہ اگر تمام افراد اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق مساوی آزادی کے حقدار ہیں تو پھر دین و مذہب کی بنیاد پر جس طرح بے مذہب یا لامذہب انسانوں کو لا محدود اور لامتناہی آزادی اپنے بیہودہ اور باطل نظریات و افکار کے نشر و اشاعت کے لیے حاصل ہے بالکل اسی طرح ایک مسلمان کو بھی اپنے دین و ایمان اور نظریۂ حیات کے مطابق زندگی گزارنے کے لیے اور لوگوں کے دل و دماغ میں موجود اسلام سے متعلق کسی بھی قسم کے شکوک و شبہات کے رفع کرنے کے لیے بھرپور آزادی میسر ہونی چاہیے۔ اس کے برعکس ایک مسلمان جب اپنے عقیدے اور ایمان کے تحفظ کے لیے کسی بھی سطح پر کوئی عملی یا علمی اظہار کرتا ہے تو اس کی اس جائز کوشش کو بھی اس لیے رد کر دیا جاتا ہے کیونکہ وہ اپنے آپ کو نہ تو خود مختار سمجھتا ہے اور نہ ہی خود کو اپنا خالق و مالک جان کر اپنی آزادی کا جواز پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے کیونکہ وہ اپنے تمام اعمالِ صالحہ، دعوتِ دین اور تبلیغ اسلام کے کاموں کے ذریعے اپنی بندگیٔ رب کا ثبوت فراہم کر رہا ہوتا ہے جو ضد ہے اس ہیومن چارٹر کے فلسفہ کی۔

اسلام کے نقطۂ نظر سے کسی بھی ایسے قانون کی کوئی حیثیت نہیں ہے جو انسانوں اور بالخصوص مسلمانوں کو اس بات کی آزادی دے کہ وہ اپنا دین و عقیدہ اپنی چاہت اور نفسانی خواہشات کی تکمیل کے لیے بدل ڈالے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلام اللہ تعالیٰ کا آخری نازل کردہ وہ دین ہے جو سابقہ تمام الہامی ادیان کا تتمہ اور مجموعہ ہے لہٰذا اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے نظامِ زندگی کو

چند نفسانی خواہشات اور انسان کے بنائے ہوئے نام نہاد قوانین کی خاطر قربان نہیں کیا جا سکتا۔ اسی لئے کوئی شخص جو اس دین اسلام کو پانے اور قبول کرنے کے بعد یا مسلمان پیدا ہو کر العیاذ باللہ دینِ اسلام سے دوبارہ نکل کر مرتد ہو جائے اور کفر میں داخل ہو جائے تو اس صورت میں اگر مرتد شخص مرد ہو تو تین دن تک اسے مہلت دی جائے گی، اور اس دوران اس کے شکوک وشبہات علماء دور کریں گے، اگر اس کے شکوک وشبہات دور ہو جائیں اور دوبارہ اسلام قبول کر لے تو وہ دیگر مسلمانوں کی طرح ہو گا۔ اور اگر شکوک وشبہات دور کرنے کے باوجود وہ نہ مانے اور واپس اسلام میں داخل نہ ہو تو شرعاً ایسے مرتد مرد کی سزا قتل ہے۔ جیسے کہ حدیث رسول ﷺ میں مذکور ہے:

عن ابن عباس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «من بدل دينه فاقتلوه»

[يعنى حديث: أنَّ عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عنْه حَرَّقَ قَوْمًا، فَبَلَغَ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ: لوكُنْتُ أنَا لَمْ أُحَرِّقْهُمْ؛ لانَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ قالَ: لا تُعَذِّبُوا بعَذَابِ اللَّهِ، ولَقَتَلْتُهُمْ، كما قالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عليه وسلَّمَ: مَن بَدَّلَ دِينَهُ فَاقْتُلُوهُ.، (سنن ابن ماجة، حديث ٢٥٣٥)، أخرجه البخارى (٣٠١٧)]

حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے اپنا دین (اسلام سے) تبدیل کر دیا پس اسے قتل کر دو۔

ارتداد کے حوالہ سے عورتوں کے لیے اس قانون کے نفاذ میں فقہا نے بوجوہ نرمی اختیار کی ہے اور اس کی بہت ساری وجوہات میں سے ایک وجہ یہ ہے کہ عورت ارتداد جیسے گھناؤنے اور بڑی برائی کا ارتکاب عمومی طور پر خود اپنے تئیں نہیں کر پاتی بلکہ وہ کسی نہ کسی شخص کے زیر اثر رہ کر ارتداد پر آمادہ ہوتی ہے۔ لہذا عورتوں کی عمومی فطرت ارتداد سے اباء کرتی ہے۔ اسی لیے اگر ارتداد اختیار کرنے والی عورت ہے تو اولاً اس کے بھی شکوک وشبہات دور کیے

جائیں گے، اگر اسلام کی طرف لوٹ آئے تو بہتر، بصورتِ دیگر اسے تا حیات قید میں رکھا جائے، الا یہ کہ جب وہ توبہ کرلے تو اسے رہا کر دیا جائے۔

مذہبی تعلیمات و شعائر کا تمسخر

پوری انسانی تاریخ مذہب اور مذہبی تعلیمات و شعائر کے احترام پر مبنی ہے۔ تاریخ میں پہلی مرتبہ جب انسان نے اپنی الوہیت کا اعلان کر کے اسے اپنے لیے نا قابل تردید عقیدے کے طور پر اختیار کیا تو اس کے نتیجے میں وہ اللہ تعالیٰ کی عظمت اور خالقیت کا منکر ہو گیا اور دوسری طرف ہر وہ شے جو اللہ تعالی کی خالقیت اور وجود سے متعلق ہونے کی وجہ سے تقدس کی حامل تھی اس کا اس نے سرے سے اس حد تک انکار کر ڈالا کہ اگر کہیں دلیل سے ثابت شدہ مذہبی عقائد کو رد کرنا ممکن نہ ہو تو اس کے لیے استہزاء اور تمسخر کا سہارا لے کے ان کی تضحیک و تنقیص کرنے کی کوشش کو اس نے اپنا حق قرار دیا۔ یہ تنقیص کوئی شخص کرے یا گروہ اور اس تنقیص کے پیچھے کوئی ریاست کھڑی ہو یا حکومت ان سب کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ مذہبی تعلیمات و شعائر کا برملا اور علی الاعلان تمسخر کریں۔ یہ محض تخیلاتی و تصوراتی دعویٰ نہیں ہے بلکہ عملاً گزشتہ کافی عرصہ سے مغرب اپنے اس اصول اور عقیدہ کا اظہار کرتا چلا آرہا ہے۔ اس حوالے سے پہلی مثال نبی کریم ﷺ کی ساتھ تمسخر اور استہزاء آپ ﷺ کے گستاخانہ خاکوں کی صورت میں مختلف یورپی ممالک نے باقاعدہ سرکاری سرپرستی کے تحت کیے اور کروائے ہیں۔ اس موقع پر اپنے عشق رسول ﷺ اور جذبۂ اسلام و ایمان کے اظہار کے لیے مسلم و غیر مسلم ممالک میں جن افراد نے مظاہروں کے ذریعے اس گستاخانہ عمل پر اپنی نفرت کا اظہار کیا اور جن مسلمانوں نے آگے بڑھ کر موقع پاتے ہی مجرمین کا تعاقب اور ان پر قاتلانہ حملہ کرنے کی کوشش کی، اس کے خلاف تمام مغربی ممالک نے باقاعدہ انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنا کر اتحاد اور یکجہتی کا مظاہرہ کر کے دنیا بھر کے مسلمانوں اور مسلمان حکومتوں کو واضح طور پر یہ پیغام دیا کہ وہ کسی بھی مذہب کے ماننے والے اور بالخصوص مسلمانوں کے عقائد و ایمانیات اور ان کے اپنے پیغمبر ﷺ اور مذہب کے ساتھ

لگاؤ کو ہر گز قبول نہیں کرتے۔ کیونکہ وہ خود ہیومن ہیں اور وہ اپنی ہیومینیٹی (humanity) کی بنیاد پر کسی غیر ہیومن کے کسی بھی قسم کے دعوے اگرچہ کہ وہ ان کے مذہب، دین، عقیدے، ایمان اور شعائر دین کی تقدیس و احترام سے ہی متعلق کیوں نہ ہوں کو ہر گز قبول نہیں کرتے۔

اس حوالے سے عموماً اسلامی ممالک و حکومتوں کا رویہ اس معنی میں نا قبل فہم رہتا ہے کہ ایک عام مسلمان یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ آخر کیا وجہ ہے کہ ریاست کے ذمہ داران اور حکومت کو چلانے والے اعلیٰ عہدیداران مسلمان ہونے کے باجود افراد اور ریاست کی سطح پر ہونے والے مذہب، مذہبی شخصیات اور مذہبی شعائر کے استہزاء اور استخفاف پر سخت ترین رد عمل دینے کے بجائے یا تو بالکل خاموشی اختیار کر لیتے ہیں یا پھر صرف سیاسی بیانات دے کر اپنی عوام کو مطمئن اور مغربی ریاستوں کے سامنے غیر جانبدارانہ پوزیشن اس لئے اختیار کرتے ہیں۔ اس کی ایک اہم وجہ یہ ہے کہ ان حکومتوں اور ریاستوں نے اقوام متحدہ کے منشور برائے ہیومن رائٹس کو من و عن تسلیم کر کے اس پر اپنے دستخط ثبت کر رکھے ہوئے ہیں اور مغرب کی غلامی قبول کر رکھی ہے۔ چنانچہ وہ بہر صورت اس بات پر مجبور ہو جاتے ہیں کہ اس منشور کی پاسداری اس طور پر کریں کہ مذاہب، مقدس شخصیات اور مذہبی شعائر کی تنقیص و توہین ٹھنڈے پیٹوں برداشت کریں اور اگر انہیں برا لگ بھی رہا ہو تو تب بھی وہ اسی لیے خاموش رہیں کہ اقوام متحدہ کا منشورِ ہیومن رائٹس کے تحت ہر شخص جو ہیومن بینگ ہے وہ جسے چاہے اچھا سمجھے اور جس کا چاہے مذاق اڑاتا پھرے۔ کوئی اس سے باز پرس کرنے والا یا اس کی پکڑ کرنے والا نہیں ہو سکتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہیومن بینگ ایک آزاد (Free)، خود مختار (Autonomous) اور خود اپنے خالق (Self Created) وجود کا نام ہے جسے کسی مذہب، مذہبی علامت، مذہبی شخصیت، مذہبی قوانی اور مذہبی مطالبے پر پابند یا سزا کا مستحق نہیں ٹھہرایا جا سکتا ہے۔

اسی طرح دوسرے انبیائے کرام خصوصاً حضرت عیسیٰ کی ذاتِ گرامی کے ساتھ اہل مغرب

یعنی ہیومن بینگز کا رویہ بھی نہایت تمسخر پر مبنی رہا ہے۔ اس حوالے سے سینکڑوں مرتبہ حضرت عیسیٰ اور آپ کی والدہ ماجدہ حضرت مریم کے گستاخانہ خاکے اور ان کے استہزاء اور تنقیص پر مبنی فلمیں مغرب نے بکثرت بناڈالی ہیں اور اس کی تشہیر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے وہ پوری دنیا میں اس طرح کر رہے ہوتے ہیں گویا کہ ہر انسان پر یہ بات لازم ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ و حضرت مریم کا خود مذاق اڑائے اور اگر اس کے اندر یہ جرأت نہیں ہے تو جن فلموں میں ان دونوں مقدس ہستیوں کا مذاق اڑایا گیا ہے وہ انہیں دیکھ کر اپنے ہیومن بینگ ہونے کی کمی کو اس طور پر پورا کرے کہ آئندہ وہ اس بات کے قابل ہو سکے کہ وہ خود مذہب، مذہبی شخصیات اور مذہبی شعائر کا تمسخر اور استہزاء بھرپور انداز سے کر سکے۔

ایسے ہیومن بینگز جو دوسرے مذاہب، مذہبی شخصیات اور شعائر کا مذاق اڑاتے ہیں، ان کے حوالہ سے قرآن کریم میں ارشاد ہے:

وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ۔

اور جب وہ (ہیومن بینگز) اہل ایمان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم (بھی) ایمان لے آئے ہیں، اور جب (یہ ہیومن بینگز) اپنے شیطانوں (ہیومن بینگز) سے تنہائی میں ملتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم یقیناً تمہارے ساتھ ہیں، ہم (مسلمانوں کا تو) محض مذاق اڑاتے ہیں۔

یہاں شیطان سے مراد مشتعل مزاج اور شریر و سرکش جنات اور انسان ہیں[1]۔ سیاق و سباق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں یہ لفظ ان انسانوں کے لیے استعمال ہوا ہے[2] جو دین، مذہب، خدا، رسول اور مذہبی شعائر کو جان بوجھ کر نہ صرف قبول کرنے سے انکار کرتے ہیں بلکہ ایک

---

[1] امین احسن اصلاحی، تدبر قرآن، ج:۱، مطبوعہ: فاران فاؤنڈیشن، لاہور، پاکستان، ۲۰۱۶ء، ص:۱۱۸

[2] سید ابوالاعلیٰ مودودی، تفہیم القرآن، ج:۱، مطبوعہ: ادارہ ترجمان القرآن، لاہور، پاکستان، ۲۰۰۸ء، ص: ۵۴

قدم آگے بڑھ کر اپنے انکار کے حق میں بطور دلیل کے ان تمام حقائق کا مذاق اڑانا اور ان کی تنقیص کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ یہ لوگ بظاہر عام انسانوں کی طرح چہرہ مہرہ رکھتے ہیں لیکن عام انسانوں کی طرح اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی مخلوق سمجھنے کے بجائے اس بات پر پختہ یقین رکھتے ہیں کہ وہ کسی خالق کی مخلوق نہیں ہیں بلکہ وہ خود اپنی تخلیق اس لئے ہیں کہ وہ جو چاہنا چاہتے ہیں وہ چاہ سکتے ہیں اور جس چیز کو نہ چاہنا چاہیں کوئی شخص یا ذات ان کو اس چیز کی عدم چاہت پر کسی مذہبی قانون کے تحت پابندی عائد نہیں کر سکتی۔ لہٰذا جب وہ یہ چاہیں کہ انہیں اللہ تعالیٰ، مذہب، رسول، مذہبی شعائر و شخصیات اور شریعت کا مذاق یا استہزاء کرنا چاہیے تو اس وقت کوئی مذہبی و دنیاوی پابندیاں ان کی راہ میں رکاوٹ بن کر حائل نہیں ہو سکتیں۔

اسلام، سوشل لبرٹی کے نام پر کسی بھی مذہبی و غیر مذہبی شخص کا مذاق اڑانا جرم سمجھتا ہے، چہ جائیکہ اعاظم مذہبی و دینی شخصیات و شعائر کا کسی طور اور کسی بھی صورت میں مذاق اڑایا جائے، قطع نظر اس بات کے کہ اس کا مقصد دنیاوی مفاد ہو یا دینی غرض و تبلیغ۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ [۶:۱۰۸]

اور (اے مسلمانو!) تم ان (جھوٹے معبودوں) کو گالی مت دو جنہیں یہ (مشرک لوگ) اللہ کے سوا پوجتے ہیں پھر وہ لوگ (بھی جواباً) جہالت کے باعث ظلم کرتے ہوئے اللہ کی شان میں دشنام طرازی کرنے لگیں گے۔ اسی طرح ہم نے ہر فرقے (و جماعت) کے لیے ان کا عمل (ان کی آنکھوں میں) مرغوب کر رکھا ہے (اور وہ اسی کو حق سمجھتے رہتے ہیں)، پھر سب کو اپنے رب ہی کی طرف لوٹنا ہے اور وہ انہیں ان اعمال کے نتائج سے آگاہ فرما دے گا جو وہ انجام دیتے تھے۔

ایک طرف اسلام مسلمانوں کو غیر مسلمین کی مذہبی شخصیات وعقائد کی تضحیک سے روکتا ہے تو دوسری طرف کسی طور پر انہیں اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ وہ مسلمانوں کے خدا، انبیائے کرام، مذہبی شخصیات اور دینی شعائر کا مذاق اڑائیں۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق ان چیزوں کے ساتھ تمسخر کرنا سب سے بڑا کفر ہے اور اس کی سرکوبی کے لیے ایک مسلمان یا اسلامی ریاست اپنے تمام وسائل جھونک دیتی ہے۔ اس کی ایک مثال تاریخ اسلام میں سلطنت عثمانیہ کے سلطان عبد الحمید ثانی کی ہمیں ملتی ہے جس کے دور میں فرانس نے حکومتی سطح پر نبی کریم ﷺ کی تضحیک و توہین پر مبنی ایک ڈرامہ تیار کیا تھا جسے وہ تمام لوگوں کے سامنے پیش کرنے والے تھے۔ جب خلیفہ عبد الحمید ثانی کو اس بیہودہ عمل کے بارے میں معلوم ہوا تو اس نے تمام تر مسائل کے باوجود اپنی دینی حمیت و غیرت اور نسبت و تعلق رسول ﷺ کی بنا پر نہ صرف شدید غم و غصّے کا اظہار کیا بلکہ فرانس کے سفیر کو بلا کر اس کی حکومت کو کھلی دھمکی دی کہ اگر حکومت فرانس نے اس ڈرامہ کو نہ روکا تو اگلے دن سلطنت عثمانیہ اپنی ساری دنیا میں پھیلی ہوئی فوج لے کر فرانس پر چڑھ دوڑے گا۔ اس دھمکی کا اثر تھا کہ حکومت فرانس نے اس ڈرامے سے دستبرداری کا اعلان کر ڈالا۔ لہٰذا آج کی تمام مسلمان ریاستوں پر اس بات کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے نام نہاد منشور حقوق انسانی یا ہیومن رائٹس کا نظریاتی و عملی رد کریں اور اس کو اجتماعی کوششوں کے ذریعے سے اپنی دینی تعلیمات کے مطابق بدلنے کی بھرپور کوشش کریں۔ بصورت دیگر انہیں اس منشور پر دستخط کر کے اپنے آپ کو عالمی مغربی نظریاتی و فکری استعمار کا غلام بنانے کے بجائے دو ٹوک اور واضح مؤقف کی صورت میں حقوق العباد کا چارٹر بنا کر اقوام متحدہ سے منظور کروانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

غیر اخلاق امور کا جواز و ترویج

مذکورہ بالا شق کے مطابق دنیا میں جہاں جہاں چارٹر آف ہیومن رائٹس نافذ ہے وہاں ہر انسان کے پاس یہ اختیار آجاتا ہے کہ خیر و شر کا تعین وہ خود کرے۔ ان کے نزدیک کوئی بھی

نظریہ یا عمل بذات خود اخلاقی یا غیر اخلاقی نہیں ہوتا کیونکہ اس فلسفہ کے مطابق انسانی اخلاقیات معروضی (objective) نہیں ہوتیں۔ لہٰذا ہر شخص کے لیے اخلاق وہ ہے جو اس کی عقل اور خواہش کے مطابق اخلاق کے زمرے میں آتا ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی ریاست، مذہب یا شخصیت کو اس بات کا بالکل بھی حق نہیں پہنچتا کہ وہ تمام لوگوں کے لیے اخلاقیات کے اصول وضع کرے یا اس کی تنفیذ پر زور دے۔ پس جدیدیت (post modernism) کے اس دور میں ہر انسان اپنے لیے خود ہی کسی مقصد حیات کا تعین کرتا ہے اور زندگی کا معنی اسی سے ہی برآمد کرنے کی کوشش کرتا ہے، قطع نظر اس بات سے کہ وہ چیز یا عمل کسی معاشرے میں اچھے یا برے سمجھے جاتے ہیں یا نہیں، بالفاظِ دیگر ان کی حیثیت اخلاقی ہے یا غیر اخلاقی۔ اس چارٹر کے مطابق ہیومن بیئنگ اپنا یہ حق سمجھتا ہے کہ اپنے اس مقصد کی تعمیل میں مسلسل لگا رہے اور اگر دیگر لوگ بھی اس کے ساتھ اس مقصد کے حصول کے لیے جڑ جائیں تو یہ تمام لوگ اس بات کا حق رکھتے ہیں کہ اپنی خواہشات و لذات کی تعمیل و تکمیل جس طرح چاہیں کریں اور کوئی ریاست و مذہب انہیں اس عمل سے نہیں روک سکتا۔ اسی لیے آج دیکھا جاسکتا ہے کہ اغلام بازی و ہم جنس پرستی جیسی گھناؤنی، گندی اور شیطانی تحریکات جنہیں LGBTQIA++ یا دیگر ناموں سے پکارا جاتا ہے باقاعدہ طور پر مغرب کی پشت پناہی حاصل کر چکی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مغربی معاشرے جن اصولوں پر آج قائم ہیں انہیں ان اصولوں کی پاسداری کی وجہ سے سول سوسائیٹیز کہا جاتا ہے جس کا مطلب وہ انسانی معاشرے ہیں جن کی اساس اور بنیاد طلبِ حق کے بجائے حصول لذات و شہوات پر ہے۔ اس مقصد کی خاطر وہ کسی آسمانی مذہب یا مذاہبِ عالم کی وضع کردہ حدود و قیود کی پابندی لازم نہیں سمجھتے بلکہ بہر صورت اپنے آپ کو ہیومن بیئنگ جان اور مان کر خود صحیح اور غلط کے معیارات کا تعین کرنا اپنا حق سمجھتے ہیں۔

اس تناظر میں اگر دیکھا جائے تو وہ ریاستیں جو کہ مسلم معاشرت پر مبنی ہیں، انہیں اپنی اسلامیت اور اسلامی اساس سے اس لیے دستبردار ہونا پڑ رہا ہے کیونکہ اقوام متحدہ کے ہیومن

رائٹس کے چارٹر پر دستخط کی وجہ سے وہ اس بات کے پابند ہو جاتے ہیں کہ اس قبیح عمل کو قانون سازی کے ذریعے آہستہ آہستہ جواز دیتے چلے جائیں۔ پاکستان میں باقاعدہ ٹرانسجینڈر ایکٹ کو ایک قانون کی شکل دے دی گئی ہے جس کی آڑ میں پاکستان کے شہر ایبٹ آباد میں باقاعدہ ایک اغلام بازی کے کلب کو کھولنے کی درخواست جمع کروائی جا چکی ہے۔ اس کے علاوہ سرکاری و نجی اسکولوں، کالجز اور جامعات میں بھی مختلف کورسز و تعلیمی مواد کے ذریعے عوام کو یہ چیزیں سکھائی جا رہی ہیں اور اس کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کی جا سکتی۔

ٹرانس جینڈر ایکٹ کے تحت اس بات کو بھی فروغ دیا جا رہا ہے کہ اگر کوئی لڑکا یا لڑکی اپنی جنسیت (sexuality) کو ایکسپلور کرے، فحش مواد (pornography) دیکھے یا اگر دو لڑکے یا لڑکیاں یا لڑکا اور لڑکی باہمی رضامندی سے زنا یا ہم جنس پرستی میں مشغول ہوں تو یہ ان کا ہیومن رائٹ ہے اور یہ قطعاً غیر اخلاقی نہیں ہے کیونکہ اس فعل و عمل کا ارتکاب کرنے والے اسے ہرگز غلط اور غیر اخلاقی نہیں سمجھتے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہیومن بینگ جس چیز کو صحیح سمجھے تو کسی مذہب، شخصیت یا ریاست کو ہرگز یہ حق حاصل نہیں ہے کہ ان کے اس عمل کو غلط قرار دے۔ برائی پر مبنی ان قوانین کی پاسداری اور ان کا تحفظ دستخط کرنے والی حکومتوں اور ان کے متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ اس طرح کی اور بھی بہت سی غیر اخلاقی سرگرمیاں ہیں جو ریاستی سرپرستی میں عام کی جا رہی ہیں۔

اس حوالے سے اسلام کی تعلیمات بالکل واضح ہیں۔ اسلام کسی بھی صورت میں فحاشی، عریانی، جنسی بے راہ روی اور ہم جنس پرستی اور ان سے متعلقہ تمام امور کو برداشت کرنے کا روادار نہیں ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایسے تمام کاموں سے اہل ایمان کو روکا ہے جو انہیں یادِ الٰہی سے غافل اور اطاعت و عبادتِ خداوندی سے دور کر کے دنیا کی عارضی و فانی لذات و شہوات میں مگن کر دیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فحاشی اور جنسی بے راہ روی کے لیے بے عقلی اور جہالت پر مبنی دلیل کو ان الفاظ میں رد فرمایا ہے:

وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا قُلْ اِنَّ اللّٰهَ لَا

یَاْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَی اللہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ (الاعراف:۲۸)

اور جب وہ کوئی بے حیائی کا کام کرتے ہیں (تو) کہتے ہیں: ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی (طریقے) پر پایا اور اللہ نے ہمیں اسی کا حکم دیا ہے۔ فرما دیجئے کہ اللہ بے حیائی کے کاموں کا حکم نہیں دیتا۔ کیا تم اللہ (کی ذات) پر ایسی باتیں کرتے ہو جو تم خود (بھی) نہیں جانتے۔

آج کا مغرب اپنی فحاشی و عریانی کی نسبت اپنے موجودہ آباواجداد جن کا شجرۂ نسب بمشکل دو تین سو سالوں پر مبنی ہے، ان کی طرف منسوب کر کے یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہمارے بڑے جو تحریک تنویر کے بعد اپنے ہیومن ہونے کے قائل تھے ان کے نزدیک فحاشی و عریانی کوئی برائی اور گناہ کی بات اس لیے نہیں ہے کیونکہ ہیومن بینگ کے نزدیک کوئی بھی ایسا کام جو خود اس جیسے دوسرے ہیومن بینگ کے لیے تکلیف اور مشکلات کا سبب نہ بنے بلکہ ایک طرف اس کے لطف و لذت میں اضافہ کا ذریعہ ہو اور دوسری طرف خود اس کے خود مختاری میں اضافہ کا ذریعہ اور وسیلہ ہو وہ کام اور عمل کبھی غلط نہیں ہو سکتا۔ اس کے مقابلے میں اہل ایمان جو اللہ تعالیٰ کی خالقیت اور خود مختاری و قدرت کاملہ پر ایمان کامل رکھتے ہوں اور ان کا اس بات پر بھی مضبوط اور بھرپور ایمان ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں اور ہیومن بینگز ہرگز نہیں ہے۔ اسی لیے وہ ہیومن بینگز کی جھوٹی بنیادوں پر گھڑے ہوئے فاسد نظریات کا کلیتاً رد کرتے ہیں اور کسی بھی قیمت پر ان ہیومن رائٹز اور اقوام متحدہ کے چارٹر کو قبول نہیں کرتے۔ ہیومن رائٹس دنیاوی زندگی میں عملی طور پر شیطان کے اتباع کا وہ راستہ ہے جو بالآخر فرد، معاشرے اور ریاست کو اس بات پر چاہتے ہوئے یا نا چاہتے ہوئے مجبور کرتا ہے کہ وہ فحاشی، جنس پرستی اور فسق و فجور کی راہ پر چل پڑیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ وَمَنْ یَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ فَاِنَّهٗ یَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا زَكٰی مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ یُزَكِّیْ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ (النور:۲۱)

اے ایمان والو! شیطان کے راستوں پر نہ چلو، اور جو شخص شیطان کے نقوشِ قدم پر چلتا ہے تو وہ یقیناً بے حیائی اور برے کاموں (کے فروغ) کا حکم دیتا ہے، اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی شخص بھی کبھی (اس گناہِ تہمت کے داغ سے) پاک نہ ہو سکتا لیکن اللہ جسے چاہتا ہے پاک فرما دیتا ہے، اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔

مسلمان جو جان بوجھ کر نہ تو خود شیطان کی راہ کو اختیار کرتا ہے اور نہ ہی کسی اور کو شیطان کی اتباع میں لگانے کی کوشش کرتا ہے لیکن جب کوئی مسلمان ریاست اقوام متحدہ کے چارٹر آف ہیومن رائٹس کو قبول کر لیتی ہے تو اس کے نتیجے میں وہ پسند کرے یا نہ کرے لیکن وہ شیطان کی بہر صورت اتباع کرنے پر اپنے آپ کو مجبور پاتی ہے جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اس ریاست کے مسلمان باشندے بھی فسق و فجور کی راہ اختیار کرنے کے لئے رفتہ رفتہ آزاد ہوتے چلے جاتے ہیں اور ان کے اندر الحاد و لادینیت سرایت کرنا شروع ہوتی ہے جو پہلی نسل میں شاید کم ہو لیکن دوسری اور تیسری نسل میں اس کا اثر اس قدر شدید ہوتا ہے کہ پوری کی پوری قوم دین سے بیزار اور الحاد کی علم بردار بن جاتی ہے۔ مغرب کی مذہبی ریاستوں کی مثال ہمارے سامنے ہے جہاں ہیومن رائٹس کو منشور حیات کے طور پر قبول کرنے کے بعد فسق و فجور کا وہ طوفان بد تمیزی برپا ہوتا چلا گیا جس میں مذہب اور مذہبی اقدار غیر متعلق امور حیات بنتی چلی جاتی ہیں۔ عملی طور پر اس فحاشی و عریانی کے پھیلاؤ کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ایسے افراد و اقوام دنیاوی و اخروی عذاب میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے:

اِنَّ الَّذِیۡنَ یُحِبُّوۡنَ اَنۡ تَشِیۡعَ الۡفَاحِشَۃُ فِی الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ۙ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ ؕ وَاللّٰہُ یَعۡلَمُ وَاَنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ

بیشک جو لوگ اس بات کو پسند کرتے ہیں کہ مسلمانوں میں بے حیائی پھیلے ان کے لیے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے، اور اللہ (ایسے لوگوں کے

عزائم کو) جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

مذکورہ بالا آیت مبارکہ میں فحاشی و عریانی کے نتیجے میں پھیلنے والے جس عذاب کا ذکر قرآن کریم میں ملتا ہے وہ خدانخواستہ تخیلاتی و تصوراتی عذاب نہیں ہے بلکہ اگر کوئی اپنی نگاہ کو کھول کر کے اس عذاب کا مشاہدہ کرنا چاہے تو مغرب اس کا عملی نمونہ بن کر سامنے آتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس فحاشی و عریانی نے وہاں شرم و حیا، عفت و عصمت، وفاداری اور اطاعت شعاری، اخلاص اور حقیقی رشتوں کے بندھن جیسی عظیم انسانی اقدار و روایت کو بری طرح پامال کر کے رکھ دیا ہے لہٰذا مغرب اللہ تعالیٰ کی پکڑ میں آج اس طور پر جکڑا گیا ہے کہ وہاں خاندان ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو گئے ہیں، بچے والد کی شفقت اور ماں کی محبت سے محروم ہو کر آوارہ گردی کا شکار ہیں، عورتیں جو اپنی آزادی کے خاطر بچوں کی پیدائش سے انکاری ہیں وہ کثرت کے ساتھ حرامی بچوں کی پیدائش پر قطعاً شرمندہ نہیں ہیں۔ اس وجہ سے مغرب کی آبادی نہایت تیز رفتاری کے ساتھ مسلسل کم ہوتی چلی جارہی ہے، نشہ آور اشیاء کا استعمال اور فحاشی و عریانی کے فروغ کے لیے قائم کلبز اور پبز کی بھرمار نے مغرب کے پورے سماجی ڈھانچے کو تہہ وبالا کر کے رکھ دیا ہے۔

فحاشی، منکرات اور مخدرات کے کثرت استعمال نے زندگی میں حصول لذت کی تمام راہوں کو جہاں آسان کر ڈالا ہے وہیں دوسری طرف زندگی کے حقیقی مقصد یعنی بندگی رب سے پورے مغرب کو ناآشنا کر ڈالا ہے۔ لہٰذا اہل مغرب کی زندگی اپنی معنویت اور مقصدیت سے بالکل عاری ہو چکی ہے۔ زندگی میں معنویت میں پیدا کرنے کے لیے وہ نت نئی اشیاء کی ایجاد اور ایجاد شدہ اشیاء کی نئے برانڈز کے حصول کے لیے زندگی بھر تگ و دو کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ زندگی کے شب و روز زندگی میں مقصدیت کے تلاش کے لیے نت نئے طریقوں سے صارفانہ کلچر (consumerism) کے فروغ کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔

اس شق کے تناظر میں مسلمان ریاستوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے حقوق انسانی کے چارٹر کو مجموعی طور پر یا جزوی طور پر کسی بھی شکل میں قبول کرنے سے مکمل طور پر

انکار کر ڈالیں کیونکہ ان شقوں کو قبول کرنے کا معنی و مطلب اللہ تعالیٰ کے معبود ہونے کا انکار کرنا اور خود اپنے خالق و مالک اور خود مختار ہونے کا اقرار کرنا ہے۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہو گا کہ ہر وہ ریاست میں جو اسلام کی دعویدار ہو اسے عملی طور پر اسلام سے دستبردار ہونا پڑے گا یعنی ترک مذہب، انکارِ خداوندی اور نبوت و رسالت کے عظیم المرتبت ادارے کو مسترد کر دینا اور وحی کے بجائے خود انسانی عقل کو حکم ماننا ہو گا۔ انہیں اپنے دروازے سیکولرزم اور لبرلزم جیسے مذہب بیزار بلکہ مذہب دشمن فسلفوں کے لیے بہر صورت کھولنے پڑیں گے۔ یہاں یہ بات واضح رہے کہ دنیا میں موجود وہ تمام ریاستیں جن کی اساس اور بنیاد اسلام ہے انہیں ہیومن رائٹز کے اس چارٹر کو سرکاری سطح پر قبول کرنے سے پہلے اس بات کا یقین کر لینا چاہیے کہ انہیں اس چارٹر پر دستخط کے فوراً بعد اپنی پالیسیوں کے تناطر میں چاہتے یا نا چاہتے ہوئے اسلامی تعلیمات سے دستبردار ہونا پڑے گا اور زیادہ آسان الفاظ میں انہیں عملی طور پر خود بھی اسلام کو ہر سطح پر ترک کرنے پر مجبور ہونا پڑے گا۔

بھارتی سرمایہ داری اور ہندوتوا کا غلبہ

ڈاکٹر جاوید اکبر انصاری

جب تک یہ مضمون شائع ہو گا اس وقت تک بھارت کے ۲۰۲۴ء کے انتخابات کے نتائج آ چکے ہوں گے۔ اور توقع یہی ہے کہ ان انتخابات میں بی جے پی کامیاب ہو جائے گی۔ کامیابی کی شرح کیا ہو گی اس کا اندازہ لگانا مشکل ہے کیوں کہ رائے دہندگان کی اکثریت نے کبھی بھی بی جے پی کو ووٹ نہیں دیے۔ ۲۰۱۴ء میں بی جے پی کو ۳۱ فیصد اور ۲۰۱۹ء میں ۳۷ فیصد رائے دہندگان کے مجموعی ووٹوں کا حصہ ملا تھا۔ آج بی جے پی کا اس سطح حمایت سے تجاوز کرنا مشکل نظر آتا ہے اور امکان یہی ہے کہ ۴۰۰ سے زیادہ نشستیں حاصل کرنے کا مودی کا خواب پورا نہیں ہو گا۔

اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ ووٹ دینے والوں کی شرح میں کمی آ رہی ہے۔ مئی میں اندازہ لگایا گیا ہے کہ انتخابات کے پہلے دو مرحلوں میں ووٹر ز ٹرن آؤٹ کی شرح ۲۰۱۹ء کے مقابلہ میں ۳۵ فیصد کم رہی اور یہ کمی ان صوبوں میں نمایاں ہے جہاں بی جے پی کا اثر زیادہ ہے۔ مہنگائی اور بے روزگاری کے بڑھتے ہوئے رجحان نے بی جے پی کے سابق حمایتیوں کو مایوس کر دیا ہے اور تمام تر عدالتی دھاندلیوں اور گرفتاریوں کے باوجود حزب اختلاف کا بین الجماعتی اتحاد مضبوط ہے۔ بیش تر طاقت ور علاقائی جماعتیں حزب اختلاف کے اس اتحاد کا حصہ ہیں اور ان کی حمایت میں اضافے کی توقع ہے۔

اس سب کے باوجود سنگھ پریوار جس کا سیاسی اظہار بی جے پی ہے کی معاشرتی گرفت مضبوط ہے۔ گو کہ ۲۰۲۴ء میں رام مندر کی تعمیر سے متوقع عوامی تحرک پیدا نہ ہوا۔ ۲۰۱۹ء کے برخلاف آج انتخابی مہم میں کوئی "مودی لہر" نظر نہیں آتی لیکن حزب اختلاف کی جماعتیں سنگھ پریوار کے بنیادی عوامی حلقۂ اثر یعنی ماس بیس کو منتشر کرنے میں ناکام رہی ہیں۔ بی جے پی اسی حلقۂ اثر کو متحرک کر کے اپنی انتخابی مہم چلا رہی ہے۔

بھارت ایک غیر جمہوری معاشرہ میں پیوست ایک ایسی جمہوری ریاست ہے جو مدت دراز سے لبرل ازم سے استبدادیت کی طرف مراجعت کر رہی ہے۔ مراجعت کی یہ رفتار ۲۰۰۹ء سے بہت تیز ہو گئی ہے اور آج سویڈن کا ایک تحقیقی اِدارہ وی ڈیم انسٹیٹیوٹ بھارت کو ایک انتخابی نوابیت / اشرافیہ کہتا ہے۔ پوری دنیا میں لبرل جمہوریتوں کا استبدادی قالب میں ڈھل جانے کا عمل تیز رفتار ہوتا جا رہا ہے۔ بھارتی سیاسی معیشت میں جاری یہ عمل اس کو سامراجی سرمایہ دارانہ نظام میں ایک علاقائی سامراجی قوتی محور کے طور پر ضم کر رہا ہے۔

بھارت میں سرمایہ دارانہ نظم کا ارتقاء

۱۹۴۷ء میں انگلستان نے تحکم اقتدار بھارتی سرمایہ داروں کو سونپ دیا (یاد رہے کہ سرمایہ داروں سے صرف سرمایہ کار مراد نہیں ہوتے بلکہ اس گروہ میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو سرمایہ دارانہ علمیت اور سرمایہ دارانہ معاشرتی اقدار کے لیے ریاست اور معاشرہ کو منظم کر رہے ہوتے ہیں)۔

بھارت کے سرمایہ دار حکمرانوں کا سب سے بڑا ہدف اس وقت سے لے کر آج تک بھارت کی مادی معاشی ترقی رہا ہے۔ اور اس ہدف کے حصول میں ان کو بڑی کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ طہارت میں فی کس آمدنی میں اضافہ ہوا ہے اور غربت کی سطح گری ہے اور اوسط آمدنی میں اضافہ ہوا ہے۔ صنعتی اور مواصلاتی سہولتیں تیزی سے فروغ پا رہی ہیں۔ نجی سرمایہ کار نہایت حوصلہ مند ہیں۔ ٹیکنالوجیکل ترقی برق رفتاری سے فروغ پا رہی ہے۔ ۱۹۹۱ء کے بعد کے ۳۵ سالوں کو بھارتی سرمایہ داری کا سنہرا دور کہنا غلط نہ ہو گا۔

آج بھارت دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی سرمایہ دارانہ معیشت ہے۔ لیکن ترقی کی اس رفتار کو جاری رکھنا دشوار نظر آتا ہے۔ اس کی کئی وجوہات ہیں۔ بھارت کا معاشی انفراسٹرکچر / بین الساختی نظام یعنی سڑکیں، توانائی، نظام ترسیل آب، ہوائی اڈے، مواصلات وغیرہ چین کے مقابلے میں کمزور ہے اور اس میں سرکاری سرمایہ کاری کی رفتار بہت سست ہے۔ قومی اور صوبائی بجٹ خسارے بڑھ رہے ہیں۔ انفراسٹرکچر میں سرکاری

سرمایہ کاری کے لیے وسائل محدود ہیں۔ انفراسٹرکچر میں نجی سرمایہ کاری بڑھ رہی ہے اور ایسے منصوبوں میں نجی اور سرکاری شراکت داری (Public private partnership) کے منصوبے عام ہیں لیکن یہ کرپشن کا شکار ہیں اور ان کا انحصار بینکی قرضوں پر ہے اور ناقابل ادائیگی قرضوں کی بڑھوتری حرام خور (فنانشل) نظام کے استحکام کو بری طرح متاثر کر رہی ہے۔

تعلیمی نظام بھی شکستہ حال ہے۔ غریبوں کے بچوں کی اکثریت ثانوی تعلیم حاصل نہیں کر رہی۔ تکنیکی تعلیم کا معیار گر رہا ہے اور نوجوانوں میں بیروزگاری کے بڑھنے کے باوجود بہت سے ٹیکنیکل منصوبوں میں تربیت یافتہ ٹیکنیکل کارکنوں کی قلت ہے۔

سرکاری صحتی نظام بھی شکستہ حال ہے اور یہ بات ۲۰۲۰ء-۲۰۲۱ء کے کووڈ وبائی بحران سے عیاں ہوگئی جب ایک کروڑ کے قریب بھارتی اس وبا سے متاثر ہوئے۔ عام بیت الخلاء کی تعمیر کی مہمات ناکام ثابت ہو رہی ہیں اور ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے متعدی بیماریاں پھیل رہی ہیں۔ بھارت ہوائی آلودگی کے لحاظ سے دنیا کے غلیظ ترین ممالک میں شامل ہے اور ہوائی آلودگی کے نتیجہ میں سترہ لاکھ اموات واقع ہوئی ہیں۔ دنیا کے بیس غلیظ ترین شہروں میں ۱۵ بھارتی شہر شامل ہیں۔

آبی قلت کا بحران بڑھتا جا رہا ہے اور کئی شہروں میں پانی کی راشننگ کی جا رہی ہے۔ جنگلات تباہ ہو رہے ہیں اور خشک سالی کے نتیجے میں ہیضہ پھیل رہا ہے۔ گو کہ متبادل توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری ہو رہی ہے لیکن اب بھی ستر فیصد مجموعی توانائی کوئلے سے حاصل کی جاتی ہے جس کے نتیجے میں ماحولیاتی آلودگی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔

ریاستی استطاعت

سرمایہ دارانہ ریاست میں ہمیشہ سے ریاست کا کردار فیصلہ کن رہا ہے۔ ریاست سرمایہ کی پشتیبان ہوتی ہے اور پشتیبانی کا یہ فریضہ ادا کرنے کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ ریاست وہ اشیاء مہیا کرے جو نجی سرمایہ دارانہ مارکیٹ مطلوبہ مقدار میں فراہم نہیں کرتی (انفراسٹرکچر،

صحت، تعلیم، ماحولیاتی خدمتیں وغیرہ)۔ ان اشیاء اور خدمتوں کو پبلک گڈز کہتے ہیں۔
بھارتی ریاست کی پبلک گڈز کی فراہمی کی استطاعت محدود سے محدود تر ہوتی جارہی ہے۔ بھارتی ریاست کا تنظیمی ڈھانچہ غیر معاشی خدمات (انتخابات کی تنظیم، رائے شماری، وغیرہ) کی فراہمی اور تنظیم میں تو مہارت رکھتا ہے لیکن پانی، بجلی اور صحتی سہولتوں کی فراہمی میں ناکام ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ریاست کی سیاسی تنظیم سرمایہ دارانہ معاشی ضروریات سے ہم آہنگ نہیں۔ سیاسی اشرافیہ انتظامی نوکر شاہی پر حاوی ہے۔
سرمایہ دارانہ تعقل کی نظاماتی تنفیذ محدود ہے اور سیاسی اشرافیہ کے مختلف گروہوں کے خصوصی مقاصد بڑھوتریٔ سرمایۂ عمومی کے تعقلی تقاضوں سے ہم آہنگ نہیں۔ نوکر شاہی سیاسی اشرافیہ پر حاوی نہیں اس کی زیر دست ہے اور نوکر شاہی کی زیر دستی کا یہ رجحان بی جے پی کے دور اقتدار میں تیزی سے بڑھا ہے۔ سرمایہ دارانہ کرپشن میں نوکر شاہی اور مرکزی اور صوبائی سیاسی اشرافیہ شریک کار ہیں۔
سرمایہ دارانہ کرپشن سے مراد ایسے افعال ہیں جو گروہی مفاد کو سرمایۂ عمومی کی بڑھوتری کے تقاضوں پر ترجیح دیں۔ بی جے پی سرکار نے سرکاری نوکر شاہی کو استعمال کرنے کے لیے نت نئے طریقے ایجاد کیے ہیں اور یوں اس دور میں بھارت میں سرمایہ دارانہ کرپشن میں بے اندازہ اضافہ ہوا ہے۔ نوکر شاہی کے لیے سرمایہ دارانہ کرپشن سے فائدہ اٹھانا سرکاری سیاسی پشت پناہی اور تعاون کے بغیر ناممکن ہوتا جارہا ہے۔
سرمایہ دارانہ کرپشن کے فروغ اور تنظیم میں عدلیہ کا کردار نہایت اہم ہے۔ اس کا اہم ذریعہ سیاسی عمل کی بڑھتی ہوئی قانونیانیت (juridification) ہے۔ اس بڑھتی ہوئی قانونیانیت کے ذریعے معاشرتی ریاستی تخریب کاری فروغ پارہی ہے اور بے جی بھی کے سیاسی مخالفین قانونی نرغے میں پھنسائے جارہے ہیں۔ معاشرتی عمل کی ریاستی قانونیانیت ریاستی معاشرتی نگرانی کا ایک اہم ذریعہ ہے۔
ریاست کا معاشی حجم نسبتاً کم ہے۔ محصولات عموماً سال میں جی ڈی پی کا ۲۹ فیصد بھی نہیں

ہوتے اور اس میں اضافے کا کوئی رجحان نہیں۔ نوکر شاہی مجموعی آبادی کا نہایت قلیل حصہ ہے۔ مجموعی محنت کشوں کا صرف دو فیصد سرکاری شعبے میں ملازم ہے۔ سرکاری شعبے کی کارکردگی مایوس کن ہے کیوں کہ بڑی تعداد میں سرکاری اسامیاں خالی رہتی ہیں۔ عوام شکایتیں سیاسی رہنماؤں کے سامنے پیش کرتے ہیں اور ان سے خصوصی گروہی مراعات حاصل کرتے ہیں۔ یہ سرمایہ دارانہ کرپشن میں اضافہ کرنے والا عمل ہے۔

سرکاری قرضہ جات کا حجم بڑھتا جارہا ہے جس کی وجہ بڑھتا ہوا بجٹ خسارہ ہے۔ لیکن ہر سال اوسطاً لیے گئے حکومتی قرضوں کا ۷۰ فیصد رواں اخراجات (تنخواہیں، سود کی ادائیگیوں اور دفاعی اخراجات) پورا کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔

بھارت میں ایک بہت بڑا غیر دستاویزی شعبہ ہے جس میں غیر رسمی محنت کشوں کے تین چوتھائی سے زیادہ افراد شامل ہیں۔ یہ شعبہ بالواسطہ محصولات (indirect taxes) ادا نہیں کرتا۔ ٹیکسوں کا پورا نظام رجعتی ہے۔ محصولات میں بالواسطہ ٹیکسوں کی شرح میں مستقل اضافہ ہو رہا ہے۔ مودی حکومت نے ٹیکسیوں کے نظام کو ملک میں عدم مساوات پھیلانے کا ذریعہ بنایا ہے۔ سرمایہ کاروں اور دیگر امیروں کو جو ٹیکس چھوٹ اور مراعات دی گئی ہیں وہ ۲۰۱۹ء میں مجموعی قومی آمدنی کا آٹھ فیصد ہیں۔ زرعی آمدنی پر کوئی ٹیکس نہیں۔ اس شعبہ میں فراہم کی گئی توانائی اور کھاد پر دی جانے والی مراعات بھی بہت زیادہ ہیں۔ دولت اور حرام خور منافع یعنی کیپیٹل گین پر بھی کوئی ٹیکس نہیں ہے۔ ۲۰۲۰ء میں بے جی پی نے کمپنیوں کے ٹیکس کی شرح میں نمایاں کمی کر دی۔

بھارتی ریاستی استعداد تین گروہوں میں محدود ہے۔ بڑے زمیندار، بڑے سرمایہ کار اور حرام خور اور اعلیٰ نوکر شاہی کا وہ طبقہ جو پبلک اور پرائیویٹ شعبے کی کارفرمائی اور حدود و قواعد کی وضع اور تنفیذ کا ذریعہ ہے۔ ان تینوں گروہوں میں مسابقتی رسہ کشی ہوتی رہتی ہے اور یہ تینوں گروہ اپنے مخصوص گروہی مفاد کو سرمایۂ عمومی کی بڑھوتری کے مفاد پر ترجیح دیتے ہیں۔ اس کے نتیجہ میں بھارتی ریاست کی سرمایہ دارانہ ارتقا کو فروغ دینے کی استطاعت متاثر ہوتی

ہے۔

ریاستی استعداد کی تحدید کی ساختی وجوہات بھی موجود ہیں۔ بھارتی ریاست سامراج کی تشکیل کردہ ساخت رکھتی ہے اور روایتی جاتی و مذہبی مقامی نظم تحکم سے اس کی پیوستگی محدود ہے۔ بی جے پی سرکار اس محدودیت کو کم کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور اس میں کسی نہ کسی حد تک کامیاب بھی ہے۔ دوسری وجہ مرکز اور صوبوں میں تقسیمِ اختیارات کی کش مکش ہے۔ دستور کے مطابق صوبے کی حکومتیں مرکز سے محصولیاتی وسائل کے حصول کے لیے مجبور ہیں۔ وہ مرکز کی اجازت کے بغیر سرکاری قرضہ بھی نہیں لے سکتیں۔ ۲۰۱۹ء کے بعد سے مودی سرکار نے صوبوں کے اختیارات کم کرنے کی مہم چلائی ہے۔

سنگھ پریوار نظریاتی طور پر ایک قوم پرست جتھا ہے۔ وہ مسلمانوں کے علاوہ تمام ہندوستانیوں کو ایک قوم بنانے کی کوشش کر رہی ہے۔ اس لیے مرکزیت اور کسی ایک مقبول عام قائد جو قومی اتحاد کا نشان ہو کی پیروی اس کے لیے بہت ضروری ہے۔ لہٰذا انتخابی عمل کے دوران تو وہ مختلف علاقوں اور جاتوں کو ساتھ لے کر چلنے کی کوشش کرتی ہے لیکن انتخابی عمل کے بعد اس کا پورا زور مرکزیت کو فروغ دینے پر ہی ہوتا ہے۔ مرکزیت کو فروغ دینے کے لیے جو اقدام بالخصوص ۲۰۱۹ء کے بعد مودی سرکار نے کیے ہیں ان کے نتیجے میں مرکز اور صوبوں میں (بالخصوص ان صوبوں میں جہاں بی جے پی بااختیار نہیں) فاصلہ بڑھا ہے۔ لیکن صوبائی سرکاروں میں اتحاد نہیں۔ کیرالا کے علاوہ تمام صوبوں میں قوم پرستی فروغ پا رہی ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے حکومتی اختیارات کی ۲۰۱۹ء کی تنسیخ کی کسی صوبائی حکومت نے مخالفت نہیں کی اور ریاستی انتظامی ڈھانچے میں مرکزیت کو فروغ دینے والے دوسرے اقدام کی بھی کہیں مزاحمت نظر نہیں آتی۔ صوبائی حکومتیں مقامی حکومتوں کی طرف انتقالِ اقتدار کی بالعموم مخالف ہیں۔

بھارتی معاشی ساختی تبدیلی

بھارت نے پچھلی دہائیوں میں جن شعبوں میں ترقی کی ہے وہ جدید ٹیکنالوجی اور ان سے

متعلق مہارت پر انحصار کرتے ہیں (گاڑیاں، ادویات، سوفٹ ویئر، حرام خور سرمایہ کاری اور بزنس خدمتیں) لیکن بیش تر کارکنوں کا ان شعبوں سے کوئی واسطہ نہیں۔ وہ زراعت اور غیر دستاویزی شعبوں میں پائے جاتے ہیں۔ مجموعی معیشت میں صنعتی پیداواری شعبے (مینوفیکچرنگ) کا حجم مجموعی درونی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں پچھلے چند سالوں سے گر رہا ہے۔ بیروزگاری کی شرحِ نمو بڑھ رہی ہے۔ بیروزگاری میں اضافے کا رجحان جرم اور تشدد کے واقعات کو جنم دے رہا ہے۔ ملازمتوں کے مواقع جنوب اور مغربی صوبوں میں بڑھ رہے ہیں لیکن پسماندہ صوبوں (اڑیسہ، جھارکھنڈ، اتر پردیش، بہار) میں بے روزگاری عام ہے۔

ٹریڈ یونینوں کی مسابقتی قوت مستقل کمزور ہو رہی ہے اور صنعتی اور خدمتی شعبہ میں ایک تہائی سے زیادہ مزدور روزانہ دیہاڑی پر کام کرتے ہیں۔ محنت کش مزاحمت دبی ہوئی ہے اور محنتی پیداواری سکت (پراڈکٹوٹی) گر رہی ہے۔

بھارتی سرمایہ دارانہ تنظیم کی سب سے نمایاں خصوصیت بڑھتی آمدنی اور دولت کی نامساویت ہے۔ بھارت میں امیر ترین ایک فیصد آبادی قومی دولت کے ۳۵ فیصد پر قابض ہے جب کہ پچاس فی صد آبادی کا مجموعی دولت میں حصہ صرف ۶ فیصد ہے۔ بھارتی ترقی صرف ایک محدود اشرافیہ کو فائدہ دیتی ہے جب کہ تقریباً ۹۳ فیصد بھارتی معاشی تقابلی پسماندگی کا شکار ہیں۔ ایسی معیشت کو محصور یا انکلیو معیشت کہتے ہیں۔ انکلیو (enclave) یا محصور معیشتیں لاتھینی امریکہ کے بڑے ممالک (برازیل، ارجنٹینا وغیرہ) میں عام ہے۔ عوام کا بڑا حصہ سرمایہ دارانہ ترقی کے عمل میں قاصر رہتا ہے اور سرمایہ دارانہ محرومین کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

بھارت کی سب سے بڑی ۲۰ کمپنیاں مجموعی قومی منافع کا ۷۰ فیصد سے زیادہ حصہ حاصل کرتی ہیں لیکن اس کی وجہ ان کی تکنیکی اختراعات یا پیداواری سکت میں اضافہ نہیں بلکہ ان کی اجارہ دارانہ طاقت ہے۔ بڑے سرمایہ کار مودی سرکار کے قریب ترین حلیف ہیں اور حکومتی پالیسی سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ بین الاقوامی سرمایہ کاروں سے ان کے روابط بھی نہایت

گہرے اور مستحکم ہیں۔ بڑے کاروباروں کے قرضہ جات آسمان سے باتیں کر رہے ہیں اور صنعتی شعبہ حرام خور شعبے یعنی فنانشل شعبے کی ماتحتی اختیار کر چکا ہے۔

بھارتی سرمایہ داری کو اقربا پرور یعنی کرونی سرمایہ داری کہا گیا ہے۔ بیش تر صنعتی شعبوں (ٹیلی کام، ہوا بازی، اسٹیل، سیمنٹ، المونیم، گاڑیاں، الیکٹرانکس وغیرہ) میں اجارہ داریاں قائم ہیں اور ان کے مفادات کے فروغ اور تحفظ کی ذمہ دار مودی سرکار کی رعایتیں اور عنایتیں ہیں۔ یہ اجارہ داریاں اپنے شعبے کے تحکمی ضوابطی نظام کی تنفیذ میں فیصلہ کن کردار ادا کرتی ہیں۔

مودی کی سرپرستی کے نتیجے میں بھارتی اجارہ دار دنیا کے امیر ترین افراد بن گئے ہیں۔ چین کی طرح بھارت میں بھی نجی اور سرکاری شعبہ کی تخصیص مشکل ہوتی جا رہی ہے کیوں کہ بڑے نجی اجارہ دار حکومتی سرپرستی پر بدرجہ اتم انحصار کرتے ہیں۔ اس انحصار کے نتیجہ میں بھارتی مسابقتی قوت عالمی سرمایہ دار مارکیٹوں میں کمزور ہو رہی ہے۔

بھارتی حرام خور شعبے میں سرکاری بینک کارفرما ہیں لیکن ان پر بھی صنعتی اجارہ داریاں مسلط ہیں۔ ۲۰۱۴-۲۰۱۰ کے دوران ان اجارہ داریوں نے ۸ کھرب کے قرضہ جات سرکاری بینکوں سے معاف کروائے۔ ان قرضوں کی معافی اور دیگر مراعات کے حصول کے لیے نجی اجارہ دار ہر سال اربوں روپے بی جے پی کو الیکشن فنڈ کی شکل میں دیتے رہتے ہیں۔ اس کے علاوہ چونکہ یہ اجارہ داریاں میڈیا کمپنی کی مالک بھی ہوتی ہیں لہٰذا بی جے پی کے پروپیگنڈے کو مشتہر کرنے کا فریضہ بھی انجام دیتی ہیں۔

ہندوتوا کی سرمایہ دارانہ بنیادیں

ہندوتوائیت (مسلم قوم پرستی کی طرح) ایک سرمایہ دارانہ نظریہ ہے۔ وہ سرمایہ دارانہ نظمِ ریاست اور معاشرت کو فروغ دینے کے لیے ہندو مذہبی تعلیمات اور روایات کو مسخ کرتی ہے۔ وہ ایک مذہبی توجیہ کو عام کر کے عوام میں سرمایہ دارانہ ظلم برداشت کرنے کی استطاعت پیدا کرتی ہے۔ گو کہ اس کے حمایتیوں میں سرمایہ دارانہ مترفین شامل ہیں لیکن

اس کا بنیادی تخاطب سرمایہ دارانہ محرومین سے ہی ہے۔ اس کی ماس بیس یا حلقۂ اثر وہ ایک کروڑ سے زیادہ سیوک ہیں جنہیں ملک بھر میں سنگھ پریوار منظم کیے ہوئے اور جن کی جسمانی، روحانی اور جذباتی مذہبی تعلیم و تربیت کا اسنے ایک ہمہ گیر پروگرام مرتب کیا ہے جس پر ایک مدت دراز سے عمل درآمد جاری ہے۔ ان سیوکوں کی بہت بڑی اکثریت سرمایہ دارانہ محرومین ہی کی ہے اور یہ ہندومت کی ایک سیکولر تعبیر یعنی ہندوتوا پر ایمان لے آئے ہیں۔ ان مذہبی دہریوں میں صرف براہمن نہیں، شودر، نچلی ذات والے اور یہاں تک کہ دلت بھی تیزی سے شامل ہو رہے ہیں۔

ہر استبدادی جمہوریت کی طرح بھارت کی بی جے پی سرکار بھی ویلفیئر اسکیموں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ کئی ویلفیئر سکیمیں کامیابی سے نافذ کی گئیں اور ان کے نتیجہ میں غرباء کی آمدنی اور آسائشوں میں اضافہ کیا گیا جو نامساوات کے بڑھتے ہوئے رجحان کو قبول اور برداشت کرنے کا ذریعہ بنا۔ عوام بی جے پی اور صنعتی اجارہ داروں کے سیاسی گٹھ جوڑ کے شاکی نہیں۔ لیکن ویلفیئر سکیموں کی محدود کامیابیوں کے باوجود بے روزگاری بڑھ رہی ہے اور اشیاء خورونوش کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو رہا ہے اور ان مسائل پر قابو پانا بی جے پی کی اپنائی ہوئی حکمت عملی کے لیے ممکن نہیں۔

اس ضمن میں سنگھ پریوار کا کردار فیصلہ کن ہے۔ سنگھ پریوار کی کامیابی کے دو پہلو ہیں۔ ان دونوں پہلوؤں کا تعلق ہندوستان کی تاریخ کی قوم پرستانہ تشریح سے ہے۔ تاریخی طور پر ہندو معاشرت ہزاروں جاتیوں اور سیکڑوں ذیلی جاتیوں میں منقسم تھی۔ ہندوتوائیت جاتی کے تصور کو رد نہیں کرتی بلکہ اس کا سہارا لے کر اور اس کی مذہبی تشریحات کو از سر نو واضح کر کے قومی شعار کو جاتی / زیر جاتی معاشرت کے لیے قابل قبول بنانے پر کامیاب ہو گئی ہے اور یوں ہندومت اپنی معاشرتی شناخت برقرار رکھتے ہوئے سرمایہ دارانہ نظریاتی اور نظاماتی قالب میں ڈھل گیا ہے۔

دوسری جانب ہندوتوا نے سرمایہ دارانہ روحانیت کے فروغ کے لیے جن جذبات کا سہارا لیا وہ

نفرت اور حسد تھے۔ قوم پرست تحریک ہمیشہ انہی جذبات کی بنیاد پر اپنے مخاطبین کو متحرک اور منظم کرتی ہے۔ یہ "مخالف گروہ" تحریکیں ہوتی ہیں اور اپنا ایک دشمن تخلیق کرتی ہیں۔ سنگھ پریوار نے ہندو تاریخ کی جو تشریح مرتب کی اس میں مسلمانوں کو اجنبی اور دشمن کے روپ میں پیش کیا گیا اور مسلمان اور اسلام دشمنی نے ہندو جاتیوں اور زیر جاتیوں کے قومی اتحاد کی بنیاد فراہم کی۔ قوم پرستی کے اس عروج نے ہندوستانی لبرلزم اور ڈیموکریٹک سوشلزم کی کمزوریوں سے فائدہ اٹھا کر ایک موثر سیاسی قوت کا روپ اختیار کر لیا لیکن اس قوم پرستی کی لبرلزم سے برأت مکمل نہیں۔ یہ لبرل دستور اور لبرل اداروں کا سہارا لینے پر کم از کم اب تک مجبور نظر آتی ہے۔

لیکن کیا بھارتی سرمایہ داری کی ہندو قوم پرستانہ بنیادیں مستحکم ہیں؟ میری رائے میں ایسا نہیں ہے گو کہ ہندو قوم پرستی کی تسخیر میں ایک طویل مدت لگ سکتی ہے۔ ہندو قوم پرستی ہندو مت کے لیے اتنی ہی اجنبی ہے جتنی مسلم قوم پرستی اسلام کے لیے۔ ہندو معاشرت کثرتیت کا اظہار ہے۔ عام ہندو کی انفرادی شناخت قوم پرستانہ نہیں۔ ایک عام ہندو مسلمانوں سے نفرت نہیں کرتا۔ ایک ہزار سال تک ہندوؤں اور مسلمانوں میں ہمدردی اور برادرانہ تعلقات قائم رہے ہیں۔ اور آج بھی سنگھ پریوار کے مجنونوں کے گروہوں کے علاوہ یہ تعلقاتی نظام ہندوستان کے طول و عرض میں پھل پھول رہا ہے۔ ۳۵ سے ۴۰ فیصد ہندو برصغیر میں مشرف بہ اسلام ہو چکے ہیں۔ مسلمانوں سے نفرت کرنا ہندو تاریخ کے لیے بالکل ایک نامانوس اور اجنبی تصور ہے۔

بھارتی قوم پرستی کی سرمایہ دارانہ جڑوں کی شکستگی کی دوسری وجہ اس کی عالمی سرمایہ دارانہ نظام میں پیوستگی ہے۔ یہ پیوستگی تضاداتی ہے۔ ایک طرف تو مودی سرکار امریکی دفاعی نظام میں ماتحتانہ پیوستگی قبول کر چکی ہے (بالخصوص جنوبی بحرُ الکاہل اور بحر ہند میں)۔ دوسری طرف اپنی معاشی پالیسی میں خود انحصاریت پر زور دے رہی ہے اور اپنی قومی اجارہ داریوں کے تحفظ کے لیے ریاستی حصار قائم کر رہی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ امریکا اور یورپی

کمپنیوں کی بھارتی کمپنیوں کے حصص اور تمسکات کی خرید میں بھی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور بھارتی حرام خور مارکیٹیں عالمی حرام خور نظام میں پیوست ہوتی جا رہی ہیں اور عالمی سرمایہ کی گرفت بھارتی معیشت اور سیاست پر مضبوط ہوتی جا رہی ہے۔

بھارتی خارجہ پالیسی بھی تضادات کا شکار ہے۔ وہ اپنی خود اختیاریت کو عالمی سامراجی نظام کے تسلط میں فروغ دینے کی جستجو کی عکاس ہے۔ وہ امریکا کا تزویراتی حلیف بھی ہے اور بحر الکاہل اور بحر ہند میں امریکا کی چین مخالف سرگرمیوں میں حصہ دار ہے لیکن اس کے اپنے سامراجی علاقائی عزائم بھی ہیں جو امریکی خارجہ پالیسی کے اہداف سے ہم آہنگ نہیں (اکھنڈ بھارت پروجیکٹ سنگھ پریوار کو بہت عزیز ہے اور بھارت پاکستان، بنگلہ دیش، سری لنکا، نیپال، مالدیپ اور افغانستان کو اپنی باج گزار کالونیاں بنانے کی خواہش رکھتا ہے)۔ اس ہی نوعیت کا تضاد بھارتی معاشی خارجہ پالیسی بھی ہے جو ایک طرف تو خود انحصاریت کو فروغ دینے کی کوشش کرتی ہے لیکن وہ یہ سب کچھ عالمی سرمایہ دارانہ استعمار کے زیر سایہ رہتے ہوئے کرنا چاہتی ہے۔

خارجہ پالیسی کے یہ تضادات سامراج بالخصوص امریکا کو بھارتی سیاسی معیشت میں دخیل ہونے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ اپنے باجگزار حلیفوں میں قوم پرستانہ خود اختیاریت کا فروغ سامراج کے لیے عموماً مفید نہیں ہوتا گو کہ وہ اسے برداشت کرنے پر راضی کیے جا سکتا ہے لیکن اس برداشت کی ایک حد ہوتی ہے اور وہ قوم پرست قوتوں کو کمزور کرنے کی جستجو کرتا رہتا ہے۔ جب تک قوم پرستانہ جدوجہد لبرل دستوری نظام میں مقید رہتی ہے سامراجی تخریب کاری کے مواقع پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ امریکی سامراج کب تک اور کس حد تک بھارت میں قوم پرستانہ خود اختیاریت کے فروغ کو برداشت کرنے پر مجبور رہے گا۔

سنگھ پریوار اور بی جے پی کی کامیابی سے پاکستانی اسلامی انقلابی کیا سیکھ سکتے ہیں

۱۹۴۷ء سے لے کر آج تک بھارت میں جو سیاسی نظام قائم ہے وہ لبرل دستوریت پر مبنی ہے۔

اس ہی نظاماتی تناظر میں سنگھ پریوار اور بی جے پی نے لبرلزم کو شکست دی۔ پاکستان میں بھی لبرل دستوریت کا نظاماتی غلبہ ہے۔ کیا ہم اسلامی انقلابی سنگھ پریوار اور بی جے پی کے اس تجربہ سے کچھ سیکھ سکتے ہیں۔

سب سے پہلی بات یہ ہے کہ لبرلزم کی یہ شکست سرمایہ دارانہ نظاماتی انہدام کا ذریعہ نہیں۔ مذہبی قوم پرستی لبرل ازم کی طرح ایک سرمایہ دارانہ نظریہ ہے۔ مذہبی قوم پرستی کے فروغ کے نتیجہ میں بھارت میں سرمایہ دارانہ نظام کمزور نہیں طاقت ور ہو رہا ہے۔

ہم اسلامی انقلابی ہیں اور سرمایہ داری کے انہدام کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ کسی ایک سرمایہ دارانہ نظام (لبرلزم) کو کسی دوسرے سرمایہ دارانہ نظریہ (مذہبی قوم پرستی) سے تبدیل کر کے سرمایہ دارانہ نظاماتی انہدام ممکن نہیں ہوتا لہٰذا ہم لبرلزم کے خلاف اسلامی جدوجہد میں مسلم قوم پرستی کا سہارا نہیں لے سکتے۔

لیکن بی جے پی اور سنگھ پریوار کی طرح پاکستان کی اسلامی اجتماعتیں بھی لبرل دستوری تناظر میں اپنی جدوجہد مرتب کرنے پر مجبور ہیں۔ بی جے پی اور سنگھ پریوار نے ثابت کر دیا ہے کہ اس نظاماتی تسلط کو قبول کرنے کے باوجود لبرل تحکم کو چیلنج اور لبرل اقدار کو غیر اعتباری ثابت کیا جا سکتا ہے۔

اس ضمن میں بی جے پی اور سنگھ پریوار نے جو حکمت عملی اختیار کی وہ ہمارے لیے نہایت سبق آموز ہے۔ اس حکمت عملی کی پہلی خصوصیت یہ تھی کہ اس نے سو سالہ طویل المدت جدوجہد کے نتیجے میں بھارت میں پائی جانے والی ہزاروں جاتیوں اور زیر جاتیوں کو ہندو قومیت کے مرکزی دھارے میں بڑی حد تک سمو دیا ہے۔ ان کو ایک ایسی قوم بنا دیا ہے جس کا انفرادی تشخص معاشی نہیں مذہبی ہو گیا ہے۔ یہ بی جے پی اور سنگھ پریوار کا فی الواقع ایک تاریخی کارنامہ ہے۔

اس اتحاد کی بنیاد ثقافتی اور معاشرتی ہے۔ سنگھ پریوار نے ہندو مذہبی روایات، رسوم و رواج کے احیاء کی بنیاد پر ایک ایسے ہمہ گیر تربیتی نظام کی تنفیذ کا انتظام کیا ہے جس کے نتیجہ میں ہندو

مذہبی انفرادیت فروغ پائی۔ ان رسوم کا سہارا لے کر ہی بی جے پی اور سنگھ پریوار نے معاشرتی سطح پر جمہوری عمل کو معطل کر کے ہندو قوم پرستی کی پرورش کی اور بی جے پی کو ایک مقبول عام سیاسی قوت بنایا۔

پاکستان میں اسلامی جماعتیں سیاسی طور پر غیر ایم (مارجنلائز) ہوتی جا رہی ہیں اور مذہبی انفرادیت (جو پھیل رہی ہے) کا سیاسی اظہار معدوم ہوتا جا رہا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم معاشرتی عمل کو غیر جمہوری بنیادوں پر استوار نہ کر (ڈی ڈیموکریٹائز) سکے۔ اتحادِ امت فروغ نہ پا سکا۔ عوامی سیاسی تحرک اسلامی روایات اور رسوم و رواج کے احیاء سے مربوط نہ ہو سکا اور اسلامی جماعتوں کی سیاسی ترتیب کو معاشرتی اظہار کی بنیاد پر مرتب نہ کیا جا سکا۔

ہم لبرل دستوریت کے نظاماتی تسلط کو اس وقت تک کمزور نہ کر سکیں گے جب تک ہمارے سیاسی عمل کی یہ کمزوریاں واضح نہ ہوں گی۔ اسلامی انقلابی سیاسی ظہور کے لیے ضروری ہے کہ ایک ایسی طویل المدت معاشرتی حکمت عملی وضع کرنے کے نتیجہ میں عوامی اسلامی اتحاد فروغ پائے اور اس اتحاد کے نتیجہ میں اسلامی مذہبی انفرادیت کا سیاسی اظہار ممکن ہو۔ اسلامی انقلابی سیاسی شعور کو بیدار کرنے کے لیے اسلامی مذہبی روایات اور رسوم و رواج کا فروغ لازمی ہے۔

نوٹس و حوالہ جات

[1] **https://www.v-dem.net/** V-Dem Institute

پاکستان: مقصد نہیں، ذریعہ ہے — موجودہ حالات میں قوم پرستی کے فتنے کا فکری تجزیہ

سید محمد یونس قادری

مقدمہ

"پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الٰہ الا اللہ" کا نعرہ محض ایک ریاست کے قیام سے کہیں بڑھ کر اسلامی نظامِ حیات کے نفاذ کی جدوجہد کی علامت تھا۔ بدقسمتی سے، یہ نظریہ وقت کے ساتھ کمزور پڑ گیا، اور پاکستان ایک نظریاتی ریاست کی بجائے قوم پرستی اور جغرافیائی فخر کی علامت بن کر رہ گیا۔

آج کے لبرل، قوم پرست، اور بعض عسکری ترجمان پاکستان کو اس کی نظریاتی اساس سے ہٹ کر محض ایک "طاقتور مسلم ریاست" کے طور پر پیش کر رہے ہیں جس کا مقصد صرف عالمی سطح پر اپنی طاقت کا مظاہرہ کرنا ہے۔ اس صورتحال میں، دینی حلقوں، علماء، اور جماعتوں کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ قوم کو اس کی اصل منزل، یعنی غلبہ اسلام کی طرف واپس لانے کے لیے اپنا فکری، نظریاتی، اور عملی کردار ادا کریں۔

قوم پرستی: ایک فکری مغالطہ [1]

قوم پرستی کی اصل حقیقت

قوم پرستی ایک جدید نظریہ ہے جو یورپ میں سترہویں اور اٹھارہویں صدی میں اُبھرا۔ اس کی فکری بنیادیں مغربی فلسفہ، خاص طور پر ہیگل اور روسو جیسے مفکرین کی سوچ میں پیوست ہیں۔ ہیگل نے ریاست کو مطلق ہستی (Absolute) کا درجہ دیا اور قوم کو اس ریاست کے

---

[1] قوم پرستی: ایک مغربی فکر اور اسلامی اجتماعیت کا انکار، علیحدہ سے موجود ہیں۔

جسم میں روح کی حیثیت دی۔ ارنسٹ گیلنر کے مطابق قوم پرستی ایک ایسا نظریہ ہے جو یہ دعویٰ کرتا ہے کہ "سیاسی اور قومی اکائیاں ہم آہنگ ہونی چاہییں"۔ بینیڈکٹ اینڈرسن نے قوم کو "متخیل برادری" (Imagined Community) قرار دیا، جو جدید طباعتی ذرائع اور مشترکہ بیانیے کے ذریعے وجود میں آتی ہے۔ اس نظریے کی رو سے قوم پرستی کوئی فطری یا الٰہی اکائی نہیں بلکہ ایک مصنوعی، انسانی تشکیل ہے۔

مغربی قوم پرستی کا عملی مظہر

یورپ میں قوم پرستی کے فروغ نے سیاسی اتحاد کے ساتھ ساتھ ثقافتی اور لسانی یکسانیت کو بھی لازمی قرار دیا۔ اس کے نتیجے میں اقلیتوں کی شناخت کو مٹایا گیا، انہیں جبری لسانی اور ثقافتی ہم آہنگی پر مجبور کیا گیا، اور مختلف اقوام کو فتح کر کے ایک قوم میں ضم کیا گیا۔ مثال کے طور پر، فرانس میں ریپبلیکن قوم پرستی کے تحت بریٹن، باسک اور کورسیکن زبانوں کو ممنوع قرار دیا گیا۔ اسی طرح، جرمنی میں "خون اور مٹی" (Blut und Boden) کا نعرہ لگایا گیا، جو بعد میں نازی نسل پرستی کی بنیاد بنا۔

جب یہ قوم پرستی نو آبادیاتی طاقتوں کے ذریعے مشرق تک پہنچی، تو اس نے اسلامی دنیا میں فتنہ و فساد کے بیج بوئے۔ مغرب میں قوم پرستی کو ایک فکری انقلاب سمجھا جاتا تھا، اور سرمایہ داری کی اجتماعیت کے لیے اسے قوم پرستی کا سہارا لینا پڑا، جیسا کہ بیسویں صدی کے مغربی مفکرین نے بھی ثابت کیا۔

قوم پرستی اور سرمایہ داری کا تعلق

قوم پرستی اور سرمایہ داری کے درمیان تعلق بیسویں صدی کے مغربی مفکرین کے لیے ایک اہم موضوع رہا ہے۔ بہت سے مفکرین نے یہ دلیل دی کہ قوم پرستی صرف ایک ثقافتی یا سیاسی رجحان نہیں تھی بلکہ یہ سرمایہ داری کے فروغ اور استحکام کے لیے ایک لازمی ذریعہ بن گئی۔

قومی منڈی کی تشکیل

سرمایہ داری کو پھلنے پھولنے کے لیے ایک بڑی اور متحد منڈی کی ضرورت ہوتی ہے۔ قوم پرستی نے جغرافیائی اور ثقافتی رکاوٹوں کو ختم کر کے ایک قومی منڈی کی تشکیل میں مدد کی۔ اس میں ایک مشترکہ زبان، کرنسی اور قوانین کا قیام شامل تھا، جو تجارت اور پیداوار کو آسان بناتا ہے۔

صنعتی پیداوار اور افرادی قوت

صنعتی انقلاب اور سرمایہ داری کے فروغ کے لیے بڑے پیمانے پر افرادی قوت کی ضرورت تھی۔ قوم پرستی نے دیہی آبادی کو شہروں کی طرف ہجرت کرنے اور فیکٹریوں میں کام کرنے کی ترغیب دی، کیونکہ اب وہ "ایک قوم" کا حصہ تھے اور ان کا مشترکہ مفاد تھا۔

عوامی حمایت اور استحکام

سرمایہ داری کے ابتدائی مراحل میں طبقاتی تضادات اور سماجی بے چینی بہت زیادہ تھی۔ قوم پرستی نے لوگوں کو ایک مشترکہ قومی شناخت کے تحت متحد کر کے ان تضادات کو کم کرنے میں مدد کی۔ اس سے حکمران طبقے (سرمایہ داروں) کو اپنے نظام کے لیے عوامی حمایت حاصل کرنے اور سیاسی استحکام برقرار رکھنے میں مدد ملی۔

نو آبادیاتی توسیع کا جواز

قوم پرستی نے سامراجی اور نو آبادیاتی عزائم کو بھی جواز فراہم کیا۔ یورپی طاقتوں نے اپنی "قومی برتری" اور "ترقی" کے نام پر دیگر اقوام کو فتح کیا اور ان کے وسائل کو اپنی سرمایہ دارانہ معیشتوں کے لیے استعمال کیا۔

فکری بنیادیں

بیسویں صدی کے کئی مغربی مفکرین، جیسے ارنسٹ گیلنر (Ernest Gellner)، نے اپنی تحریروں میں اس بات پر زور دیا کہ قوم پرستی جدید صنعتی معاشروں اور سرمایہ داری کا ایک فطری ضمنی نتیجہ ہے۔ اس کے مطابق، جدید تعلیمی نظام، معیاری زبان اور مشترکہ ثقافت کا

قیام جو قوم پرستی کے ذریعے ہوا، یہ سب سرمایہ دارانہ پیداوار کے لیے ضروری تھے۔ مختصراً، سرمایہ داری کو اپنی پیداوار، منڈیوں کی توسیع اور سماجی استحکام کے لیے ایک ایسے منظم اور متحد معاشرے کی ضرورت تھی جو قوم پرستی نے فراہم کیا۔ اسی لیے بیسویں صدی کے بہت سے مفکرین نے ان دونوں رجحانات کو باہم منسلک قرار دیا۔

اسلامی اجتماعیت: عقیدے پر مبنی وحدت

اسلام انسانوں کے درمیان تفریق کو مسترد کرتا ہے اور ان کی وحدت کو عقیدے، تقویٰ اور انسانی کرامت کی بنیاد پر استوار کرتا ہے۔ قرآن مجید اعلان کرتا ہے:

إِنَّ هَٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُونِ

بیشک یہ تمہاری امت ایک ہی امت ہے اور میں تمہارا رب ہوں، پس میری عبادت کرو۔

رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع میں ارشاد فرمایا:

"کسی عربی کو عجمی پر، اور کسی گورے کو کالے پر کوئی فضیلت نہیں، سوائے تقویٰ کے۔"

اسلامی تاریخ گواہ ہے کہ خلافتِ راشدہ سے لے کر خلافتِ عثمانیہ تک، امتِ مسلمہ ایک عالمی وحدت تھی، جس میں عرب، ترک، عجم، بربر، ہندی اور افریقی سب ایک نظام میں شامل تھے۔ ان کی وفاداریاں نسل، قوم یا جغرافیے سے نہیں بلکہ دین، شریعت اور امت کے تصور سے بندھی ہوئی تھیں۔

قوم پرستی اور امت کا تصادم

جب قوم پرستی مسلم دنیا میں داخل ہوئی تو اس نے امت کے شیرازے کو بکھیر دیا۔ سلطنت عثمانیہ کے خلاف عرب قوم پرستی کا ابھرنا، مصر میں فرعونی قوم پرستی کا فروغ، برصغیر میں ہندو مسلم قومیت کی تقسیم، اور ایران میں ایرانی قوم پرستی نے مسلمانوں کو چھوٹے چھوٹے قومی خانوں میں بانٹ دیا۔

اس کے نتیجے میں، ہر قوم اپنے مفاد، زبان، ثقافت اور ریاست کے تحفظ کے لیے دوسرے مسلمانوں سے مقابلہ کرنے لگی۔ خلافت کے سقوط کے بعد، مصطفیٰ کمال نے ترک قوم پرستی کے نام پر خلافت کا خاتمہ کیا، عربی زبان پر پابندی لگائی، اور دین کو ایک ذاتی معاملہ قرار دے کر ایک سیکولر قوم پرست ریاست قائم کی۔ یہی عمل بعد ازاں دیگر مسلم ممالک میں بھی دہرایا گیا۔

اسلامی مفکرین کی آراء

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے قوم پرستی کی شدید مذمت کرتے ہوئے فرمایا: "جو شخص قوم و قبیلہ کی بنیاد پر عصبیت کی دعوت دے، وہ ہم میں سے نہیں۔"

علامہ اقبالؒ نے قوم پرستی کو "اقوامِ عالم کے درمیاں دیوار" قرار دیا اور اپنے مشہور شعر میں اس کے خطرناک نتائج کی نشاندہی کی:

ان تازہ خداؤں میں بڑا سب سے وطن ہے
جو پیرہن اس کا ہے، وہ مذہب کا کفن ہے

مولانا ابوالاعلیٰ مودودیؒ نے اسے "شیطان کا سب سے نیا ہتھیار" قرار دیا جو مسلمانوں کو دین سے ہٹانے کے لیے استعمال کیا گیا۔ ان کے نزدیک قوم پرستی ایک ایسا جاہلانہ تصور ہے جو اسلام کی عالمگیر دعوت کو محدود اور مسخ کر دیتا ہے۔

جدید دور میں قوم پرستی کے اثرات

آج مسلم دنیا میں قوم پرستی کے باعث فلسطینی، شامی، یمنی، افغانی اور کشمیری مسلمان ایک دوسرے سے کٹ چکے ہیں۔ ہر ملک اپنی قومی سرحدوں، مفادات اور شناخت کی حفاظت میں مصروف ہے۔ اسلامی اخوت اور مظلوم امت کی مدد کا جذبہ قوم پرستی کے زہر میں تحلیل ہو چکا ہے۔

اقوام متحدہ، عالمی سرحدیں، قومی پاسپورٹ، ویزہ اور شناختی کارڈز نے امتِ مسلمہ کو مصنوعی خانوں میں قید کر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک فلسطینی بچہ جب شہید ہوتا ہے تو اسے امتِ

مسلمہ کے بجائے صرف فلسطینی سمجھا جاتا ہے۔ حالانکہ رسول پاک ﷺ نے فرمایا اور فقہاء اس پر متفق ہیں کہ مسلمانوں کا ذمہ ایک ہے۔[۱]۔

مسلمانوں کا ذمہ ایک ہے، ایک سیاسی اصول ہے۔ رسول پاک ﷺ کی حدیث "المسلمونَ تتكافأُ دماؤهُم ويسعى بذمَّتِهم أدناهُم ويردُّ عليهم أقصاهُم وهم يدٌ على من سواهم"[۲] قوم پرستی (Nationalism) کے تصور کی براہ راست ضد ہے۔ یہ حدیث ایک ایسے سیاسی ڈھانچے کی بنیاد فراہم کرتی ہے جو قومیت، نسل، زبان یا جغرافیائی حدود کی بنیاد پر نہیں بلکہ ایمانی اخوت اور عالمی اخوت کے اصولوں پر قائم ہے۔

قوم پرستی افراد کو ایک مخصوص خطے، زبان یا نسل کی بنیاد پر ایک قوم کے طور پر متحد کرتی ہے اور اکثر دوسری قوموں سے علیحدگی اور بعض اوقات برتری کا احساس پیدا کرتی ہے۔ اس کے برعکس، یہ حدیث "امت مسلمہ" کا تصور پیش کرتی ہے جہاں تمام مسلمان، دنیا کے کسی بھی کونے سے ہوں، ایک ہی اکائی، ایک ہی "ہاتھ" ہیں اور ان کے خون کی حرمت برابر ہے۔ یہاں "تتكافأُ دماؤهُم" کا مطلب ہے کہ ایک افریقی مسلمان کا خون ایک عرب یا ایشیائی مسلمان کے خون سے قطعاً مختلف یا کم تر نہیں۔ یہ نسلی، لسانی یا جغرافیائی تعصبات کی نفی کرتا ہے جو قوم پرستی کی بنیاد بنتے ہیں۔

حدیث میں "يسعى بذمَّتِهم أدناهُم ويردُّ عليهم أقصاهُم" کا اصول بھی قوم پرستی کے برخلاف ہے۔ یہ ظاہر کرتا ہے کہ ایک عام مسلمان کی جانب سے دی گئی امان یا عہد پوری امت اور اسلامی ریاست پر لازم ہے، قطع نظر اس کے کہ وہ کس علاقے سے تعلق رکھتا ہے یا کس قومی شناخت کا حامل ہے۔ یہ ایک عالمی اسلامی بھائی چارے اور ایک واحد اسلامی ریاست کا تصور دیتا ہے، جہاں افراد کی وفاداری کسی خاص ملک یا قوم سے زیادہ "امت" یعنی اسلام کے ساتھ ہوتی ہے۔ یہ نظریاتی طور پر ان سرحدوں کو مٹا دیتا ہے جو قوم پرستی نے کھینچ رکھی ہیں۔

لہٰذا، جہاں قوم پرستی محدود جغرافیائی یا نسلی شناختوں پر مبنی تقسیم کو فروغ دیتی ہے، وہیں یہ

نبوی فرمان ایک ایسی عالمی اور غیر محدود سیاسی وحدت کی بنیاد رکھتا ہے جو تمام مسلمانوں کو ایک عالمگیر اخوت کے دھاگے میں پرونے کا حامی ہے، اور یہی اس کی قوم پرستی کے خلاف سب سے بڑی دلیل ہے۔

پاکستان کو مقصد بنانا: ایک فکری انحراف

حال ہی میں لبرل قوم پرست تحریروں[۲] میں یہ دعویٰ کیا گیا کہ پاکستان نے اپنی عسکری طاقت، چینی ٹیکنالوجی کی تشہیر، اور سفارتی چالوں سے اپنی اہمیت جتائی، ایک مخصوص نظریے کی عکاسی کرتا ہے جو قوم پرستی اور مادی ترقی کو ریاست کی عظمت کا معیار سمجھتا ہے۔ یہ سوچ اس بات پر زور دیتی ہے کہ ریاست کی اہمیت اس کی فوجی قوت، معاشی استحکام اور عالمی سطح پر تعلقات عامہ (PR) کی کامیابی میں پنہاں ہے۔ یہ نظریہ اکثر مغربی طرز کی ترقی اور ریاستی طاقت کے ماڈلز سے متاثر ہوتا ہے، جہاں "طاقتور" قوم وہ ہے جو فوجی، معاشی اور سفارتی میدان میں سبقت لے جائے۔

تاہم، یہ سوال انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ کیا پاکستان کی حقیقی اہمیت محض انہی مادی اور سطحی کامیابیوں سے مشروط ہے، یا اس کی اصل شناخت اور مقصد اسلام کے نظام کے نفاذ میں ہے؟

اسلامی نقطہ نظر

"پاکستان ہمارا مقصد نہیں، بلکہ غلبۂ دین کا ذریعہ ہے۔ اگر یہ مقصد سے ہٹ جائے تو خود اس کی حیثیت بھی محض ایک جغرافیائی یونٹ کی رہ جاتی ہے۔"

چین، امریکہ، یا امت؟

قوم پرستانہ تحریروں میں پاکستان کو چین کا اتحادی اور اسلحہ کا شوکیس بنا کر پیش کیا گیا۔ مگر کیا ہم اسلام کے سپاہی ہیں یا کسی کمیونسٹ، سیکولر طاقت کے؟

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ

[2] Abbas, 2025; Biswas, 2025; Boyko, 2025; Report, 2025; Saeed & Idrees, 2025; Yuval, 2025

الْمُؤْمِنِيْنَ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ

(مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا دوست نہ بنائیں اور جو کوئی ایسا کرے گا تو اس کا اللہ سے کوئی تعلق نہیں)

یہ آیت مسلمانوں کو غیر مسلموں کے ساتھ ایسے گہرے اور بنیادی اتحاد سے روکتی ہے جو اسلام کے مفادات کے خلاف ہو، یا انہیں دین سے دور لے جائے۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ غیر مسلموں سے ہر قسم کا تعلق حرام ہے، بلکہ یہ بنیادی وفاداری اور نظریاتی ہم آہنگی کے بارے میں ہے۔ ایک اسلامی ریاست کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس کے اتحاد اور پالیسیاں اسلامی اصولوں اور امفادات کے تابع ہوں۔

پاکستان کا دوہرا چیلنج

پاکستان کو یہاں ایک دوہرے چیلنج کا سامنا ہے۔ ایک طرف، اسے اپنی سلامتی اور معاشی ضروریات کو پورا کرنا ہے، جس کے لیے اسے بین الاقوامی تعلقات اور اتحاد قائم کرنے پڑتے ہیں۔ دوسری طرف، اسے اپنی نظریاتی بنیاد اور اسلامی شناخت کو برقرار رکھنا ہے، جو اسے غیر اسلامی نظاموں یا طاقتوں کا محض آلہ کار بننے سے روکتی ہے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا پاکستان کے خارجہ تعلقات (جیسے چین کے ساتھ) محض باہمی مفادات پر مبنی ہیں جو عارضی نوعیت کے ہیں، یا یہ گہرے نظریاتی اتحاد کی شکل اختیار کر چکے ہیں جو اسلامی اصولوں سے متصادم ہیں؟ ایک اسلامی ریاست کو اپنے بنیادی نظریاتی مقاصد (غلبۂ دین) کو کبھی پس پشت نہیں ڈالنا چاہیے، اور اس کے تمام فیصلے اسی مقصد کے گرد گھومنے چاہئیں۔ اگر یہ تعلقات اسلامی نظام کے نفاذ کے عمل میں رکاوٹ بنتے ہیں یا پاکستان کو اپنے نظریاتی راستے سے بھٹکا دیتے ہیں، تو یہ تشویشناک بات ہے۔

مسلم ریاستوں بشمول پاکستان کو چاہیے کہ وہ سامراجی طاقتوں (inter-imperialist battles) کی لڑائیوں میں ملوث ہونے سے گریز کریں۔ یہ اصول نہ صرف اسلامی تعلیمات سے ہم آہنگ ہے بلکہ موجودہ عالمی منظرنامے میں مسلم دنیا کے لیے پائیدار استحکام

کی راہ بھی ہموار کر سکتا ہے۔

سامراجی کشمکش سے دوری کا اسلامی تصور

اسلامی نقطہ نظر سے، مسلم امت کا بنیادی مقصد اللہ کی رضا اور دین کا غلبہ ہے نہ کہ کسی خاص جغرافیائی خطے یا مادی طاقت کے مفادات کی جنگ میں الجھنا۔ سامراجی طاقتیں (جیسے کہ امریکہ، چین، روس، یا یورپی یونین کی کچھ قوتیں) اپنے اپنے اقتصادی، سیاسی اور فوجی مفادات کے لیے عالمی سطح پر کشمکش میں رہتی ہیں۔ ان کی پالیسیاں اکثر دیگر اقوام کے استحصال یا ان پر تسلط پر مبنی ہوتی ہیں۔ اگر مسلم ریاستیں ان لڑائیوں کا حصہ بنیں گی، تو وہ نہ صرف اپنے وسائل اور صلاحیتوں کو غیروں کے مفاد میں استعمال کریں گی بلکہ اپنی خود مختاری اور نظریاتی شناخت کو بھی خطرے میں ڈالیں گی۔

آیت شریفہ (سورۃ آل عمران، آیت ۲۸) "لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ" اسی اصول کی بنیاد فراہم کرتی ہے۔ یہ آیت مسلمانوں کو غیر مسلموں کے ساتھ ایسے گہرے اور بنیادی اتحادات سے روکتی ہے جو ان کے دین کے وسیع تر مفادات کے خلاف ہوں۔ سامراجی طاقتوں کی لڑائیوں میں شمولیت اکثر اسی قسم کے "اولیاء" بنانے کا سبب بنتی ہے، جہاں مسلم ریاستیں کسی ایک بلاک کا حصہ بن کر دوسرے کے خلاف استعمال ہوتی ہیں۔

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے لیے اثرات

پاکستان کی خارجہ پالیسی اگر اس اصول کو اپنائے تو اس کے گہرے اور مثبت اثرات مرتب ہو سکتے ہیں:

- خود مختاری کا تحفظ: سامراجی بلاکس سے دوری پاکستان کو اپنی خارجہ پالیسی میں زیادہ خود مختاری اور لچک دے گی۔ یہ کسی ایک طاقت کے دباؤ میں آئے بغیر اپنے قومی اور اسلامی مفادات کے مطابق فیصلے کر سکے گا۔
- امت مسلمہ کا اتحاد: یہ پالیسی نہ صرف پاکستان کو بلکہ دیگر مسلم ریاستوں کو بھی ایک

مشترکہ پلیٹ فارم پر آنے کی ترغیب دے گی، جہاں وہ آپس کے اختلافات کو بھلا کر اپنی مشترکہ طاقت کو امت کے فلاح کے لیے استعمال کر سکیں۔ یہ "المسلمون تتکافأ دماؤھم۔۔۔وھم ید علی من سواھم" کے حدیثی اصول کی عملی شکل ہو گی۔ پاکستان کو خاص طور پر افغانستان ایران اور ترکی کے ساتھ گہرے معاشی اور عسکری روابط مستحکم کرنے چاہئیں۔ وسائل کا درست استعمال: سامراجی جنگوں میں ملوث ہونے سے گریز کرنے کا مطلب یہ ہے کہ پاکستان اپنے دفاعی، اقتصادی اور انسانی وسائل کو اپنی داخلی ترقی، غربت کے خاتمے اور عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کر سکے گا، بجائے اس کے کہ انہیں غیروں کے مفادات کے لیے ضائع کرے۔

- امن اور استحکام: خطے میں سامراجی کشمکش سے دوری پاکستان کو ایک امن پسند اور غیر جانبدار ملک کے طور پر ابھارے گی۔ یہ پڑوسی ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کرنے اور علاقائی امن و استحکام کو فروغ دینے میں مدد دے گا۔
- نظریاتی وژن کی بحالی: یہ اصول پاکستان کو اس کے نظریاتی وژن کی طرف لوٹنے میں مدد دے گا، جہاں اس کی اہمیت محض ایک جغرافیائی اکائی یا کسی عالمی طاقت کے آلہ کار کے طور پر نہیں بلکہ ایک ایسی اسلامی ریاست کے طور پر ہو گی جو شریعت مطہرہ پر مبنی عدل، انصاف اور امن اور دعوت حق کے عالمی پیغام کی علمبردار ہے۔

دینی جماعتوں کے لیے لائحہ عمل [۳]

فکری انقلاب

علماء اور جماعتیں قوم میں یہ شعور عام کریں کہ پاکستان کی اہمیت اسی وقت ہے جب یہ دین کے غلبے کا مرکز بنے، نہ کہ چین یا امریکہ کی لڑائی کا میدان۔

قوم پرستی کی نفی، اتحاد امت اور خدا پرستی کا فروغ

تعلیمی اداروں، مدارس، خطباتِ جمعہ، اور سوشل میڈیا کے ذریعے واضح کیا جائے کہ اسلام کی

[۳] اس پر تفصیلی مضمون-اسلامی دینی جماعتوں کے لیے پالیسی دستاویز۔

سیاست و دعوت عالمگیر اور اُمّت گیر ہے، نہ کہ قومی جھنڈے اور عسکری مظاہرے پر مبنی۔

اسلامی نظام کے نفاذ کی دعوت

دینی جماعتیں اپنا نصب العین "جمہوریت، انتخابات یا موجودہ نظام میں شرکت" کو مقصد کے طور پر نہیں بلکہ مقصد کے حصول کے لیے اس طرح استوار کریں کہ اسلامی نظام کا قیام ممکن ہو۔ یہی وہ راستہ ہے جو امت کو ایک مرکز، ایک قیادت، اور ایک نظام دے گا۔ اسلامی سیاست بنیادی طور پر معاشرے کی سطح پر مرتکز ہو اور اس کا مقصد نظام کی تبدیلی ہو جبکہ جمہوری اور انتخابی سیاست میں شرکت اس معاشرتی کام کے دفاع کے لیے ہو۔ اس سلسلے میں حماس اور حزب اللہ کی اور دیگر اسلامی جماعتوں کی سیاست اور حکمت عملی سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

دینی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ:

- قوم پرستی کے خلاف اسلامی فکری شعور کو اجاگر کریں۔
- اسلامی نظام کے قیام کا ہدف سامنے رکھیں۔
- اسلامی نظام کی نفاذ کی صف بندی کے لیے مساجد و مدارس کو مرکز بنائیں۔
- معاش کو معاد (آخرت) کے حصول کا ذریعہ بنائیں۔
- اسلامی بازار کو سرمایہ دارانہ بازار سے جدا کر کے اس کو منظم کریں۔
- سرمائے اور زر کی مارکیٹ سے اپنے کارکنان کو علیحدہ کریں اور ان کے لیے اسلامی تمویلی نظام کے قیام کو ممکن بنانے کی حکمت عملی متعارف کروائیں۔
- اسلامی معاشرہ کے قیام کے لیے بھائی چارگی، اخوت کو فروغ دیں۔
- اسلامی عدل یعنی شریعت مطہرہ کو نچلی سطح پر ممکن بنانے کے لیے مفتیان کرام کی زیر نگرانی مساجد میں پنچائیتی نظام شروع کرنے کی سبیل پیدا کریں۔
- اسلامی دینی شخصیات کے گرد گھرانے، خاندان اور قبائل کو منظم کریں۔
- فقر اختیاری، تقویٰ سے مزین اسلامی شخصیات کو پروان چڑھائیں۔

نتیجہ و تکملہ

آج اگر ہم پاکستان کو ایک عظیم اسلامی قوت کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں، تو ہمیں یہ ماننا ہو گا کہ: "پاکستان کی بقا اور عظمت صرف اسی صورت میں ممکن ہے جب وہ اسلام کے غلبے کا ذریعہ بنے، نہ کہ قوم پرستی یا بین الاقوامی مفادات کا آلہ کار"۔ یہی وہ راہ ہے جو امت کو ٹکڑوں سے نکال کر امت واحدہ بنائے گی اور پاکستان کو اس کے اصل مقصد سے جوڑے گی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں پاکستان کو ایک اسلامی ریاست بنانے کی توفیق دے، جہاں سے امت کی وحدت، عزت، اور غلبہ نکلے۔ آمین۔

نوٹس

[۱] حدثنا محمد بن بشار حدثنا عبد الرحمن حدثنا سفيان عن الاعمش عن إبراهيم التيمى عن أبيه عن على رضى الله عنه قال ما عندنا شىء إلا كتاب الله وهذه الصحيفة عن النبى صلى الله عليه وسلم المدينة حرم ما بين عائر إلى كذا من أحدث فيها حدثا أو آوى محدثا فعليه لعنة الله والملائكة والناس أجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل وقال ذمة المسلمين واحدة فمن أخفر مسلما فعليه لعنة الله والملائكة والناس أجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل ومن تولى قوما بغير إذن مواليه فعليه لعنة الله والملائكة والناس أجمعين لا يقبل منه صرف ولا عدل قال أبو عبد الله عدل فداء (بخاری شریف)

قال الإمام ابن حجر العسقلانی فی فتح الباری فی شرح هذا الحدیث:

قوله : (ذمة المسلمين واحدة) أى : أمانهم صحيح فإذا أمن الكافر واحد منهم حرم على غيره التعرض له . وللامان شروط معروفة . وقال البيضاوى : الذمة العهد ، سمى بها ؛ لانه يذم متعاطيها على إضاعتها . وقوله : يسعى بها أى : يتولاها ويذهب ويجىء ، والمعنى أن ذمة المسلمين سواء صدرت من واحد أو أكثر ، شريف أو وضيع ، فإذا أمن أحد من المسلمين كافرا وأعطاه ذمة لم يكن لاحد نقضه ، فيستوى فى ذلك الرجل والمرأة والحر والعبد ؛ لان المسلمين كنفس واحدة ، وسيأتى البحث فى ذلك فى كتاب الجزية والموادعة . وقوله : " فمن أخفر " - بالخاء المعجمة والفاء - أى : نقض

العهد، يقال خفرته بغير ألف: أمنته، وأخفرته: نقضت عهده.

2.[https://www.islamweb.net/ar/library/content/52/3420/%D8%A8%D8%A7%D8%A8%D8%AD%D8%B1%D9%85%D8%A7%D9%84%D9%85%D8%AF%D9%8A%D9%86%D8%A9]https://dorar.net/hadith/sharh/86902

حوالہ جات

Abbas, Z. (2025). Pak-Ind conflict analysis. Facebook Post.https://www.facebook.com/share/p/16fDLuakfz/

Biswas, S. (2025). The first drone war opens a new chapter in India-Pakistan conflict. BBC. https://www.bbc.com/news/articles/cwy6w6507wqo?utm_source=chatgpt.com

Boyko, N. (2025). Chinese J-10C surges Chengdu stock price by 40 percent in days. BulgarianMilitary.Com. https://bulgarianmilitary.com/2025/05/12/chinese-j-10c-surges-chengdu-stock-price-by-40-percent-in-days/?utm_source=chatgpt.com

Report, S. (2025). From missiles to ceasefire: how India and Pakistan pulled back from the brink. The Guardian Int. https://www.theguardian.com/world/2025/may/12/how-india-and-pakistan-conflict-turned-from-brink-of-war-to-ceasefire-in-days?utm_source=chatgpt.com

Saeed, S., & Idrees, A. (2025). Exclusive: Pakistan's Chinese-made jet brought down two Indian fighter aircraft, US officials say. Reuters. https://www.reuters.com/world/pakistans-

chinese-made-jet-brought-down-two-indian-fighter-aircraft-us-officials-2025-05-08/?utm_source=chatgpt.com

Yuval, A. (2025). Israeli arms are being used in the India-Pakistan conflict. Ynet News. https://www.ynetnews.com/business/article/hyewxatxlg?utm_source=chatgpt.com

ابن خلدون (۲۰۱۹)۔ مقدمہ ابن خلدون۔ نفیس اکیڈمی

ابوالاعلیٰ مودودی (۱۹۴۱)۔ مسئلہ قومیت

معیشت، معاشرت، سیاست

عجم ہنوز نداند رموزِ سرمایہ داری

تبصرہ "اسلام اور جدید معیشت و تجارت" از مولانا مفتی تقی عثمانی

ڈاکٹر جاوید اکبر انصاری

ابتدائیہ

مسلم لیگی علما حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے متوسلین بالخصوص حضرت شبیر احمد عثمانی، حضرت ظفر احمد عثمانی اور مفتی شفیع رحمہمُ اللہ اَجمعین مسلم قوم پرستی کے نقیب رہے ہیں۔ اسی وجہ سے ان علماء نے تحریک احرار کی بھرپور مخالفت کی اور درویش خدا مست حضرت امیر شریعت کو بالکل تنہا چھوڑ دیا۔

تحریک احرار برصغیر کی ایک اسلامی انقلابی تحریک تھی جس نے برطانوی سامراج سے مدتوں لڑائی جاری رکھی۔ مسلم لیگی علماء شروع سے اسلامی انقلابی فکر اور عمل کے اصولی مخالف رہے ہیں۔ وہ سامراج سے مصالحت کو ناگزیر تصور کرتے ہیں۔

مسلم قوم پرستی ایک سرمایہ دارانہ نظریہ ہے۔ لہٰذا یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ آج حضرت مولانا مفتی عثمانی نظم معیشت کو سرمایہ دارانہ قالب پر ڈھالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ سرمایہ دارانہ علمیت اور عملیت کی مذہبی تشریح مرتب کرنا کوئی نئی بات نہیں۔ سترھویں صدی میں برطانیہ اور سوئٹزرلینڈ کے پروٹسٹنٹ پادریوں نے سرمایہ داری کی عیسائی تشریح مرتب کی تھی اور اس مہم کی کامیابی کے نتیجہ میں عیسائیت مکمل طور پر سرمایہ دارانہ نظام زندگی میں ضم ہو گئی۔

ہم اسلامی انقلابی ہیں۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ اسلام ایک مکمل اور خود مکتفی نظام زندگی اور طرز حیات ہے۔ مغرب جاہلیت خالصہ ہے۔

آج مغرب سے مراد سرمایہ دارانہ نظم اور طرز زندگی ہے۔ یہ مغرب بمعنی سرمایہ داری کئی غیر مغربی ممالک چین، بھارت، کوریا، جاپان، اسرائیل، برازیل کو فتح کر چکا ہے۔ اور یہ مسلم

دنیا پر حملہ آور ہے۔ اسلامی انقلابی جدوجہد اسی سرمایہ داری حملہ کو ناکام بنانے کی کاوش ہے اور الحمدللہ ہماری جدوجہد بتدریج کامیابیاں حاصل کر رہی ہے۔ دو اسلامی ریاستیں ایران اور افغانستان وجود میں آچکی ہیں جہاں سے سرمایہ دارانہ علمیت اور عملیت بے دخل کی جارہی ہے اور انشاءاللہ ساحلی افریقہ میں دیگر اسلامی ریاستوں کے قیام کی توقع کی جاسکتی ہے۔

عالمی سطح پر سرمایہ دارانہ نظام شدید ترین بحرانوں (ماحولیاتی، وبائی، مالیاتی، سیاسی، اخلاقی، روحانی اور معاشرتی) کا شکار ہے۔ اور ان شاءاللہ اسلامی انقلابی سرمایہ داری کے گورکن ثابت ہوں گے۔ کیوں کہ

پرچم نصرت ہم سے کھلا
رسم شجاعت ہم سے چلی
ہم ہیں جوہر صبر حسین (رضی اللہ)
ہم ہیں زور دست علی (رضی اللہ)
ہر پل ہر ساعت ایران
جاگ رہا ہے افغانستان

لہٰذا ہمارے لیے ضروری ہے کہ ہم ان تمام دلائل کا ابطال کریں جو اسلام کو سرمایہ دارانہ نظام میں ضم کرنے کے لیے مسلم لیگی علماء پیش کرتے ہیں۔

مولانا تقی عثمانی کی کتاب اسلام اور جدید معیشت و تجارت میں اسلامی معیشت کو سرمایہ دارانہ نظام میں انضمام کا مقدمہ مرتب کیا گیا ہے۔ پہلے میں حضور کے استدلال کی تشریح پیش کروں گا اور پھر اس تشریح کے تناظر میں اسلامی انقلابی نقد مرتب کرنے کی کوشش کروں گا۔

اسلام کو سرمایہ دارانہ نظام میں ضم کرنے کے دلائل

مفتی تقی عثمانی جاہلی علمیت اکنامکس کو غیر اقداری (value neutral) علمیت تصور کرتے ہیں۔ وہ اشتراکیت (Socialism) کو ایک سرمایہ دارانہ نظریہ تصور نہیں کرتے بلکہ اس کو سرمایہ داری سے جدا ایک معاشی نظم گردانتے ہیں۔ ان کی رائے میں دونوں نظام

اسی مفروضے پر قائم ہیں کہ انسانی خواہشات لامحدود اور معاشی وسائل محدود ہیں۔ مولانا اس مفروضے کو قبول کرتے ہیں اور اس کو غیر اقداری تصور فرماتے ہیں۔ اور ہر معاشی نظام کا وظیفہ اسی مسئلہ کو حل کرنا گردانتے ہیں۔ ان کی رائے میں وسائل میں لامحدود اضافہ (اس کو وہ ترقی کہتے ہیں) کرنے کی پیہم جستجو بنیادی معاشی مسائل میں شامل ہے۔

مولانا تقی آدم سمتھ کی فکر سے بہت متاثر ہیں۔ سرمایہ دارانہ نظام کی جو تشریح حضور پیش کرتے ہیں وہ سمتھ کے افکار سے متاثر Smithian ہے، نیوکینزین یا اداراتی Institutionalist نہیں ہے۔ آدم سمتھ کی طرح مولانا تقی عثمانی بھی قوانین رسد و طلب (law of supply and demand) کو غیر اقداری اور فطری (law of nature) گردانتے ہیں اور سمتھ کی طرح مولانا کی رائے میں ان فطری قوانین کی عمل داری میں مداخلت نہ کی جائے تو معاشرتی اور معاشی عدل خود بہ خود قائم ہو جاتا ہے۔ یعنی مولانا سمتھ کے وضع کردہ غائبانہ دست (invisible hand) کی منضبط کارفرمائی کے قائل ہیں اور اس دعویٰ کو قبول کرتے ہیں کہ خود غرضانہ عقلیت (Self Interested Rationality) کی بنیاد پر کیے جانے والے فیصلے خود بہ خود (spontaneous and automatically) معاشی عدل کو جنم دیتے ہیں۔ یہ بھی اسمتھی مکتب فکر کا بنیادی مفروضہ ہے۔

مولانا اسمتھی تصور عوامل پیداوار (factors of productivity) کے بھی قائل ہیں۔ یہاں بھی مولانا تقی کی فکر سمتھی ہے۔ وہ وسائل پیداوار کے معاوضے (اجرت، رہن، سود اور منافع) کو طلب اور رسد کے قیمتی توازن (factor price equilibrium) کا نتیجہ تصور کرتے ہیں۔ آپ نظریۂ حاشیائی پیداواری صلاحیت marginal productivity کو نظر انداز کرتے ہیں۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ مولانا کے پاس "سرمایہ" کا کوئی مربوط تصور موجود نہیں۔ پوری بحث میں طبعی سرمایے (مشینری، تعمیرات) (Physical Capital) اور فنانشل سرمایے (Financial Capital) میں آپ

کی تفریق مبہم ہے۔

مولانا تقی کی رائے میں سرمایہ دارانہ نظام میں ذاتی ملکیت (Private property) لامحدود فعالیت کی حامل ہے اور اس میں اضافہ (حصول منافع کے ذریعے) اصل محرک عمل ہے۔ مولانا کی رائے میں ذاتی ملکیت کی کارفرمائی کی راہ میں حکومتی مداخلت تاریخی طور پر بتدریج رونما ہوئی اور اس قسم کی رکاوٹ ڈالنے سے سرمایہ دارانہ نظم کے اصولوں کی نافرمانی ہوتی ہے۔ یہ بھی ایک اسمتھی Smithian نظریہ ہے۔

مولانا سرمایہ دارانہ نظام میں ذاتی منافع کی جستجو اور قوانین رسد و طلب کی تابع داری کو اسلامی نقطہ نگاہ سے احسن تصور کرتے ہیں اور اسلامی معیشت ان معنوں میں سرمایہ دارانہ نظم کی ایک مذہبی تشریح ہے کہ دونوں معیشتوں میں معیشت کی کارفرمائی کے بنیادی اصول یکساں ہیں۔ یہ بات سترھویں صدی میں کیلون اور ڈیکسٹر نے عیسائی معیشت کی سرمایہ کاری کے ضمن میں بھی کہی تھی۔

اسلامی سرمایہ داری رائج شدہ سرمایہ دارانہ نظام میں کچھ اصلاح، ترمیم و تجدید کے ذریعے کرے گی (جیسا کہ عیسائی پادریوں نے سترھویں صدی میں کرنے کی کوشش کی تھی)۔ یہ ترمیم و تجدید نظام سرمایہ داری کی علمیت کی شریعت کاری سے ممکن ہو گی۔ اس کے نتیجے میں سرمایہ دارانہ علمیت اسلامی اخلاقی اصولوں کی پابند ہو جائے گی اور اجتماعی فلاح فروغ پائے گی۔ لامحدود مسابقت (perfect competition) کو فروغ دیا جائے گا اور ارتکاز دولت اور اختیارات (monopoly) کا رجحان کم ہو گا۔ یہ بھی قوانین رسد و طلب کی تابع داری کا ایک نتیجہ ہے کیوں کہ بقول حضرت عثمانی کے اجارہ داریاں قوانین طلب و رسد کے عمل کو محدود کر دیتی ہیں۔

حضور فرماتے ہیں "اسلام کوئی معاشی نظام نہیں" (ص ۵۴) یعنی وہ سرمایہ دارانہ نظام کی ایک اخلاقی تشریح ہے۔ مولانا کے نزدیک اسلام قوانین رسد و طلب کی تابع داری کو قبول کرتا ہے۔ طلب و رسد کا نظام قدرتی ہے۔ قیمتیں فطری طور پر متعین ہوتی ہیں۔ وہ ذاتی منافع کے

دائمی معاشرتی تسلط کو بھی اسلام میں تسلیم کرتے ہیں گو کہ آپ منافع کی فطری اور مستقل جستجو پر کچھ شرعی، ریاستی اور اخلاقی پابندیاں عائد کرنا اصلاح سرمایہ داری کے لیے ضروری سمجھتے ہیں۔ لیکن اخلاقی پابندیاں رضاکارانہ طور پر افراد اپنے اوپر خود عائد کرتے ہیں اور معاشی تحکم کے ضمن میں ان کی تنفیذ لازماً ثانوی ہی رہے گی۔ یہ بات بعد کی بحثوں (بالخصوص نظام پیداوار، اسٹاک مارکیٹ اور بینکنگ) کے عمل کے تجزیے سے بالکل واضح ہو جاتی ہے۔ مولانا کی رائے میں اسلامی اور غیر اسلامی معاشروں میں اخلاقیات کا اثر معاشی عمل پر بنیادی طور پر یکساں ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اسلامی اخلاقیات معاشی عمل کو زیادہ متاثر کرتی ہے۔ یہی دعویٰ سترھویں صدی کے عیسائی پادریوں کا بھی تھا کہ عیسائی اخلاقیات ہیومن اخلاقیات humanitarian ethics کی ایسی مذہبی تشریح ہے جو معاشرتی عمل کے تعین میں زیادہ موثر ہے۔

حضور کی رائے میں اسلامی تعلیمات اور مروجہ سرمایہ داری میں صرف دو بنیادی فرق ہیں۔ ایک تو یہ کہ اسلام، سرمایہ (جس کی کوئی واضح تعریف اس کتاب میں نہیں ملتی) آجر، اور اجرتی میں تخصیص نہیں کرتا اور دوسرا یہ کہ اسلام دولت میں ان لوگوں کا حصہ بھی تسلیم کرتا ہے جو پیداواری یا سرمایے کے گردشی عمل میں بلاواسطہ شامل نہیں ہوتے۔ یہ دونوں فرق غیر اہم ہیں کیوں کہ آجر اور سرمایہ کار کا اختلاف عملاً انتظامیہ (مینجمنٹ) اور ملکیت میں فرق کی بنیاد پر ہوتا ہے اور مولانا کارپوریشن، سٹے باز اور بینکنگ کے تجزیے میں مینجمنٹ اور ملکیت (ownership) کی علیحدگی (separation) کو جائز تصور کرتے ہیں۔ اس سے آپ کا یہ دعویٰ کہ اسلام آجر اور سرمایے کے مالک میں تفریق نہیں کرتا بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے۔

[اسلامی تعلیمات میں آجر (entrepreneur) اور سرمایہ (capital) کے مالک کے درمیان وہ تخصیص نہیں کی جاتی جو مروجہ سرمایہ داری میں پائی جاتی ہے۔ اسلامی معیشت میں سرمائے کا مالک پیداواری عمل کا ایک فعال حصہ سمجھا جاتا ہے، اور اس کا منافع محض سرمائے

کی ملکیت کی بنیاد پر نہیں ہوتا، بلکہ اس کی انتظامی محنت اور خطرہ مول لینے (risk-taking) کی وجہ سے ہوتا ہے۔ سرمایہ داری میں، خاص طور پر بڑی کارپوریشنز میں، ملکیت (ownership) اور انتظامیہ (management) کی علیحدگی ایک عام بات ہے۔ شیئر ہولڈرز (سرمائے کے مالک) ضروری نہیں کہ کمپنی کے روزمرہ کے امور میں شامل ہوں، جبکہ مینیجرز کمپنی چلاتے ہیں۔ اس علیحدگی کی وجہ سے، سرمائے کا مالک (شیئر ہولڈر) بغیر کسی براہ راست پیداواری محنت کے منافع حاصل کرتا ہے، جو اسلامی اصولوں سے مختلف ہے۔]

رہا دولت کی تقسیم میں محرومین کے حصہ والا فرق تو آج کل ہر سرمایہ دارانہ ملک ہمیشہ سے محرومین کی کفالت کی فراہمی کا کچھ نہ کچھ انتظام ضرور کرتا ہے۔ اٹھارھویں صدی سے ہی یورپی ممالک میں قوانین دربار فقراء (Poor Law) کی تنفیذ ہوگئی تھی اور آج تمام ترقی یافتہ سرمایہ دارانہ ممالک میں نیشنل انشورنس کا نظام قائم ہے اور سرمایہ دارانہ سوشل ڈیموکریٹ جماعتیں سماجی حقوق (social rights) کی پرزور وکالت کررہی ہیں۔

مولانا کا سرمایہ دارانہ ملکیت کا تصور بھی غیر حقیقی ہے۔ حضور ارتکاز کو سرمایہ دارانہ خود غرضی کا نتیجہ مانتے ہیں جب کہ ارتکاز دولت اور اختیارات بڑھوتری سرمایہ کا لازمی نتیجہ ہیں محض طبقاتی خود غرضیوں کا اظہار نہیں۔ سرمایہ دارانہ ملکیت کی تجسیم کارپوریشن ہوتی ہے۔ کارپوریشن ایسی قانونی شخصیت ہوتی ہے جس کا مقصد وجود (raison d'etre) صرف اور صرف بڑھوتری سرمایہ (capital accumulation) قرار دیا جاتا ہے۔ اگر وہ اس لازمی فریضہ کی ادائیگی میں ناکام ہوجائے تو سٹہ مارکیٹ (stock market) اس کو دیوالیہ (bankrupt) کردیتی ہے۔

مولانا کارپوریشن کے وجود کا شرعی جواز فراہم کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ "کمپنی (یعنی کارپوریشن) شرکت عنان میں داخل ہے" (ص، ۱۲۲)۔ ان کے خیال میں کارپوریشن اور شراکت کی خصوصیت میں فرق زیادہ تر انتظامی نوعیت کا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ شریعت میں

شخصِ قانونی کی نظائر موجود ہیں۔ حضور وقف بیت المال اور ترکہ کو کارپوریشن کے مماثل قرار دیتے ہیں۔ کیا وقف، بیت المال اور ترکے کی کارفرمائی کا مقصد بڑھوتری سرمایہ برائے بڑھوتری سرمایہ ہوتا ہے؟ یہ سوال مولانا نہیں اٹھاتے۔

مولانا محدود ذمہ داری (limited liability) کے تصور کو بھی شرعی جواز فراہم کرتے ہیں۔ وہ کارپوریشن کو اس کے حصے داروں کا غلام تصور کرتے ہیں، جبکہ اصلاً مفروضہ مالکان کارپوریشن کے غلام ہوتے ہیں۔ مولانا سٹے بازی (یعنی حصص کے مستقلاً جاری رہنے والے کاروبار) کو بھی شرعاً جائز تسلیم کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ شیئرز حصص کنندگان کی ملکیت کا ثبوت ہوتے ہیں۔ وہ حصص کی قیمتوں کے تعین کے نظام کو شرعاً درست گردانتے ہیں اور حضرت حکیم الامت اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ ان کارپوریشنوں کے حصص کی خریداری جائز ہے جو سودی کاروبار میں ملوث ہوں بشرطیکہ حصص خریدنے والے اس کارپوریشن کے سودی کاروبار کے خلاف آواز اٹھائیں۔ مولانا کی رائے میں کارپوریشن کا کمایا ہوا وہ سود جو حلال مال میں محفوظ ہو گیا ہے اس سے استفادہ کرنا حصص کنندگان کے لئے شرعاً جائز ہے۔ یہاں بھی حضور حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی پیروی کرتے نظر آتے ہیں۔

مولانا سٹے بازی کی نیت سے شیئرز کی خرید و فروخت کو جائز قرار دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ سٹے بازی (speculation) ہر معاشی عمل کا حصہ ہوتی ہے (ص ۱۳۹)۔ فیوچر ٹریڈنگ کی کچھ اشکال میں مولانا غرر کے وجود کے قائل نہیں۔ ان آراء کے اظہار سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت تھانویؒ کی طرح مولانا عثمانی بھی سرمایہ دارانہ ملکیت کو اسلامی ملکیت کی ہی ایک شکل گردانتے ہیں۔

مولانا کی سرمایہ دارانہ زر کی تشریح بھی نامکمل ہے۔ وہ سرمایہ دارانہ زر میں ڈیمانڈ ڈپازٹ (demand deposits)، نان بینکنگ فنانشل کمپنیز (NBFC) اور وسیع زر (M2, M3) کو شامل نہیں کرتے (گو کہ اس بات کا ذکر کرتے ہیں کہ بینک زر کی تشکیل میں ایک

کردار ادا کرتے ہیں اور اس تشکیل زر کو جائز تصور کرتے ہیں)۔ اسی طرح آئی ایم ایف (IMF) کے پیدا کردہ زر، اسپیشل ڈرائنگ رائٹس (SDR) کو بھی نظر انداز فرماتے ہیں۔ وہ آئی ایم ایف کو عالمی مرکزی بینک (ص ۱۵۴) کہتے ہیں جو حقیقت میں کسی نہ کسی حد تک بین الاقوامی برائے تصفیہ Bank of International Settlements ہے اور عالمی مرکزی بینک کا کردار بڑی حد تک امریکا کا فیڈرل ریزرو بینک انجام دے رہا ہے۔ آپ بین الاقوامی بینک برائے تعمیر نو و ترقی International Bank for Reconstruction and Development کو ورلڈ بینک کہتے ہیں (ص ۱۵۷) جب کہ ورلڈ بینک تین بینکوں (آئی بی آر ڈی، آئی ڈی اے اور آئی آیف سی) کا مجموعہ ہے۔

مولانا کا اصل موضوع اسلامی بینک کاری ہے۔ وہ اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ تاریخی طور پر بینک سرمایہ دارانہ نظام کی ایجاد ہیں اور کسی غیر سرمایہ دارانہ معاشرت میں بینکوں کا وجود نہیں ملتا۔ مسلم ممالک میں سب سے پہلے بینک سامراج نے اٹھارھویں اور انیسویں صدی میں قائم کیے۔ وہ اس بات کا اقرار نہیں کرتے کہ بینکوں کا اصل وظیفہ زر کی مارکیٹ کے ذریعے دولت کو سرمایے کی گردش میں سمونا ہوتا ہے۔ زر کی مارکیٹ کی کارفرمائی کی کوئی تفصیل مولانا کی کتاب میں نہیں ملتی۔ اس امر کا بھی اقرار موجود نہیں کہ سرمایہ دارانہ نظام میں مرکزی بینک لازماً کمرشل بینکوں کا ماتحت آلۂ کار ہوتا ہے۔

مولانا کی اسلامی بینک کاری کی وکالت مشہور ہے اور اس پر مفصل نقد علمائے دیوبند اور مولانا سلیم اللہ خان نے ۲۰۰۹ء میں مرتب فرما دیا ہے (جس کی اجمالی تصویر ہماری کتاب بینکنگ اینڈ منی ان پاکستان Money and Banking in Pakistan میں پیش کی گئی ہے)۔ مختصراً یہ کہنا درست ہے کہ حضرت مولانا تقی عثمانی سرمایہ دارانہ بینک کاری کی اسلام کاری کے ملک کے اہم ترین داعی اور وکیل ہیں۔

مولانا کی رائے میں بینکوں کا یہ کام ضروری ہے (ص ۲۰۹) کہ وہ عوام کی بچتوں کو سرمایہ کے گردشی چکر میں سموتا چلا جاتا ہے۔ آپ Daily Product Basis نظام کے جاری

رہنے کی بھی وکالت کرتے ہیں جس کا مطلب ہے کہ آپ بچت کنندگان کے بینک کے حاصل شدہ منافع میں حقیقی شرکت کی ضرورت کو بھی تسلیم نہیں کرتے بلکہ اوسطی تقسیم کو ہی کافی سمجھتے ہیں (ص ۲۱۴)۔ یہ سود کو جائز قرار دینے کے حیلے ہیں۔

اس قسم کے حیلوں کی بنیاد پر وہ اسلامی طریقہ ہائے تمویل شرکت اور مضاربت، مرابحہ وغیرہ کو سرمایہ دارانہ قالب میں ڈھالنے کی وکالت کرتے ہیں جس کی حقیقت حضرت مولانا سلیم اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ کے فتویٰ میں تفصیل سے بیان کر دی گئی ہے۔

کتاب میں ملکی معاشی پالیسیوں، مالیاتی پالیسی (fiscal policy) اور زری پالیسی (monetary policy) پر کوئی تفصیلی بحث نہیں ملتی ہے۔ مثلاً یہ سوال نہیں اٹھایا گیا ہے کہ کیا ایک اسلامی ریاست میں مرکزی بینک کا وجود ضروری ہے (ہماری تاریخ میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی) اور اگر ضروری ہے تو مرکزی بینک کیا کردار ادا کرے گا۔ یہ اسلامی مرکزی بینک بین الاقوامی مالی نظام سے کس نوعیت کا تعلق رکھے گا۔ زر کی مقدار اور تقسیم کے تعین کا کیا طریقہ ہو گا۔ بینک ریٹ کا کیا متبادل رائج کیا جائے گا اور کسی متبادل کی ضرورت ہے بھی یا نہیں۔

حکومتی بجٹی خسارے کی تمویل کے لیے جو تجویز دی گئی ہیں وہ بھی ایک شرعی حیلے پر مبنی ہے یعنی سود کے بجائے وقتاً فوقتاً انعام جاری کیے جائیں گے اور ٹیکس میں رعایت دے دی جائے گی لیکن چونکہ عوام پر حکومت کا کوئی رہن نہیں اس لیے یہ سود میں داخل نہ ہو گی (ص ۲۶۶)۔ حکومتی خسارے کی تمویل کے لیے مضاربہ سرٹیفیکیٹ کے اجراء کی تفصیل ہے۔ یہ سرٹیفیکیٹ مروجہ ٹریژری بل کے مماثل ہوں گے ان پر جو سود دیا جائے گا وہ منافع کہلائے گا جس طرح آج کل بینک بچت / سیونگ اکاؤنٹ پر منافع دیتے ہیں۔

آخر میں (ص ۲۶۶، ۲۶۹) میں مولانا حکومتی بیرونی قرضوں کی تمویل کے لیے اسلامی طریقہ ہائے تمویل کی تجویز دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ طرائق عالمی سرمایہ دارانہ مارکیٹوں میں مقبولیت حاصل کر رہے ہیں۔ آئی ایف سی ان کا مداح ہے اور آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک میں

ان پر تحقیق ہو رہی ہے (ص ۲۱۰)۔ ان طریقہ ہائے تمویل کو استعمال کر کے پاکستان عالمی سرمایہ دارانہ نظام میں مکمل منضم ہو جائے گا۔

اسلامی انقلابی موقف

ہم اس مسلم لیگی ترمیمی (Revisionist) فکر کو کلیتاً رد کرتے ہیں۔ اس تردید کی وجوہات ذیل میں بیان کی جاتی ہیں:

۱۔ ہم سرمایہ دارای کو ایک مکمل نظام حیات اور طرزِ زندگی گردانتے ہیں جو ایک مخصوص انفرادیت، معاشرت اور ریاست قائم کرتا ہے۔ سرمایہ داری محض ایک معاشی تنظیم اور طریقۂ کار نہیں بلکہ دورِ حاضر کا غالب طاغوت ہے جو موجودہ جہاد اسلامی کا اصل ہدف ہے۔ ہم سرمایہ دارانہ نظام زندگی اور طرزِ حیات کو معطل اور منتشر کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں۔

۲۔ سرمایہ کوئی طبعی شے نہیں بلکہ حرص اور ہوس کی خبیث پلید روح ہے جو نفوس، دولت ومعاشرت اور ریاستی نظام میں حلول کر جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت مولانا محمد مارماڈیوک پکتھال رحمۃ اللہ علیہ نے سرمایہ کو تکاثر سے تشبیہ دی ہے اور حضرت پکتھال کے مطابق سرمایہ سے مراد حسد اور حرص ہے۔ اسلامی انقلابی عمل کا ایک وظیفہ دولت کو سرمایہ کی گرفت سے نجات دلانا ہے۔

۳۔ سرمایہ دارانہ علمیت اور عمل نفس پرستی کی جوازیت فراہم کرتا ہے۔ وہ انسان کو خود تخلیقی گردانتا ہے۔ یہ سرمایہ داری کا بنیادی عقیدہ ہے اور تمام سرمایہ دارانہ نظریات (لبرل ازم اور قوم پرستی، اشتراکیت اور انارکزم) اس بنیادی عقیدہ کو قبول کرتے ہیں (اسی لیے ہم اشتراکیت کو ایک سرمایہ دارانہ نظریہ کہتے ہیں۔ یہ کوئی غیر سرمایہ دارانہ نظام حیات اور طرز زندگی نہیں)۔

۴۔ ہم اکنامکس کو ایک جاہلی علمیت گردانتے ہیں اور اس کے مابعد الطبیعاتی مفروضات کو باطل کہتے ہیں۔ اکنامکس کا یہ مفروضہ بالکل غلط ہے کہ فطرتاً انسان کی خواہشات لامحدود ہیں۔ خواہشات کو لامحدود بنانا سرمایہ دارانہ نظمِ زندگی اختیار کرنے کا نتیجہ ہے اور بڑھوتریٔ

سرمایہ کے عمل کو جاری رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ضروریات نہایت محدود تھیں اور مذاہب عالم تاریخ کے ہر دور میں خواہشات اور ضروریات کو محدود کرنے کی تعلیم دیتے رہے ہیں۔ آج خود مغرب میں ڈی گروتھ (de growth) کا نظریہ عام ہو رہا ہے اور خواہشات کو محدود کرنے کی ضرورت کا اعتراف کیا جا رہا ہے۔ ضروریات کو لامحدود تصور کرنا سرمایہ دارانہ معاشرت کو قبول کرنے کے مترادف ہے۔ ترقی بھی ایک سرمایہ دارانہ تصور ہے جس سے مراد سرمایہ میں مستقل بڑھوتری کو جاری رکھنا ہے۔ ترقی بھی سرمایہ دارانہ نظام کی خصوصیت ہے۔ کسی غیر سرمایہ دارانہ نظام میں ترقی کو معاشی عمل کا ہدف نہیں گردانا گیا۔

